(۲) افکار : یہ کتاب کا ضخیم ترین حصہ ہے اور ۵۱ نظموں پر مشتمل ہے۔ بعض نظموں مثلاً فصل بہار ، کرمک شب تاب اور حُدی (نغمہ ساربان حجاز) وغیرہ میں اقبال نے ھیئت کے نئے تجربے کئے ھیں ۔ اس حصے میں اقبال نے انداز بدل بدل کر اپنے بلند اور عمیق فلسفیانہ خیالات کو پیش کیا ہے۔ عظمت آدم ، تسخیر فطرت ، عقل و خرد ، زندگی و عمل ، تخلیق و ارتقاء وغیرہ اس حصہ کے اھم موضوعات ھیں۔ بعض نظموں میں اقبال نے فطرت کے اپنے افکار کی وضاحت کی ہے۔ بوئے گل، فصل بہار ، نسیم صبح ، کرمک شبتاب اسی قسم کی نظمیں ھیں ۔ ان میں اقبال کی عظمت فن کا مکمل اظہار ھوتا ہے ۔ "حکمتِ فرنگ" میں اقبال نے مغربی تہذیب کی ھلاکت آفرینی پر نظر ڈالی ہے۔ اسی حصے میں کشمیر کی غلامی و محکومی پر اظہار افسوس کیا ہے ۔ "افکار" اپنی تین نظموں کی بدولت یقیناً بہت زیادہ اھم قرار پایا ہے۔ جویہ ھیں : (۱) تسخیر فطرت (۲) جوئے آب (۳) حوُر و شاعر۔

"تسخیر فطرت " کا موضوع کائنات میں انسان کا مقام اور

خیروشر کی آویزش ہے۔تسخیر فطرت کے علاوہ اقبال نے ,,بال جبریل،، کی دو نظموں ,,فرشتے آدم کو جنت سے رخصت کرتے ھیں اور ,,رُوح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے ،، میں بھی اسی سے ملتے جلتے موضوع کو چھیڑا ہے۔ جہاں تک ,,تسخیر فطرت،، کا تعلق ہے یہ اقبال کی عظیم نظموں میں شمار ھوتی ہے۔ نظم کا بنیادی خیال قدیم روایات سے ماخوذ ہے لیکن اس کی تفصیل اور اندازِ پیشکش اقبال کے تخیل کا کرشمہ ہے۔ اس طویل نظم کے پانچ حصے ھیں پہلے حصے کا عنوان ہے ,,میلاد آدم ،، جس میں اقبال نے انسان کی فطری صلاحیتوں کی طرف بلیغ اشارے کئے ھیں ۔ نظم کا دوسرا حصہ ,,انکار ابلیس،، کا عنوان لئے ھوئے ہے۔ اس میں ابلیس نے اپنے آپ کو خاکی انسان اور نوری فرشتوں پر ترجیح دیتے ھوئے یہ ظاھر کیا ہے کہ حیات و کائنات کی ساری رونقیں اور ھنگامے اسی کے دم سے ھیں ۔ یہاں اقبال نے ابلیس کی صفات کے پیش نظر جو لہجہ اختیار کیا ہے وہ ابلیس کے حال کے عین مطابق ہے تیسرے حصے کا عنوان ,,اغوائے آدم،، ہے اس میں ابلیس آدم کو بتاتا ہے کہ جنت سے دنیا کی زندگی بہتر ہے۔ حیاتِ دوام کا راز وصل کی بجائے فراق اور سکون کی بجائے اضطراب میں مضمر ہے۔ آدم پر اس کا اثر ھوتا ہے اور وہ بہشت سے باھر آ جاتا ہے۔ آدم دنیائے رنگ و بو کو دیکھ کر مسرت کا اظہار کرتا ہے اس کائنات کا تنّوع اسے اپنی طرف کھینچتا ہے اور اسے اپنے سامنے جدوجہد کا وسیع میدان نظر آتا ہے ۔ آدم کے ان احساسات و جذبات کو اقبال نے نظم کے چوتھے حصے ,,آدم از بہشت بیرون آمدہ می گوید ،، میں بیان کیا ہے۔ پانچویں حصے کا عنوان ہے ,,صبح قیامت ،، اس میں آدم دنیا کی زندگی میں اپنے ماحول کی تفصیل بیان کرتا ہے اور ابلیس پر اپنی برتری ثابت کر دیتا ہے۔

پروفیسر اسلوب احمد انصاری کے بقول ,,یہ نظم پانچ ابواب پر مشتمل ایک ڈراما ہے جس میں تخلیق آدم ، انکار ابلیس ، ترغیب گناہ اور جلوس آدم کو انتہائی تحیر انگیز عمل کے ذریعے پیش کیا گیا ہے ۔ (۳۳)

,,جوئے آب " گوئٹے کی مشہور نظم موسوم بہ ,,نغمۂ محمد" (Mahomet,s Gesang) کا نہایت آزاد ترجمہ ہے۔ اس نظم کے بارے میں پیام مشرق کے حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ ,,اس نظم میں جو دیوان مغربی سے بہت پہلے لکھی گئی اس آلمانی شاعر نے زندگی کے اسلامی تخیل کو نہایت خوبی سے بیان کیا ہے اصل میں یہ ایک مجوزہ اسلامی ڈرامے کا جزو تھی جس کی تکمیل اس سے نہ ہو سکی ۔ اس ترجمے سے صرف گوئٹے کا نقطۂ نگاہ دکھانا مقصود ہے " (۳۴)

اس نظم کے بارے میں خود گوئٹے لکھتا ہے :

,,اس ڈرامے کے خاکے نے میرے دماغ کو اپنی طرف بہت دیر لگائے رکھا کیونکہ میں حسب عادت لکھنے سے پہلے اس خیال کو نشوونما پانے کا موقع دے رہا تھا کہ فطانت ایک اعلی کردار اور قوی دماغ کے ساتھ بنی نوع آدم پر جس حد تک اثر انداز ہو سکتی ہے اور وہ جن جن فوائد و نقصانات کی متحمل ہو سکتی ہے ، کو منتہائی طریق پر ظاہر کروں ۔" (۳۵)

دیرینہ ارادے اور طویل غوروفکر کے باوجود گوئٹے اس ڈرامے کو پایہ تکمیل تک نہ پہنچا سکا لیکن یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ موجودہ صُورت میں بھی یہ نظم نعتِ رسول میں ممتاز اور منفرد مقام رکھتی ہے۔ عالمی ادب اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے ۔ ,,اس نظم میں جوئے آب ھی کی روانی ، تُندی اور نغمہ آفرین کیفیت ہے اور علامہ

اقبال نے گوئٹے کی فکر کو صوتیاتی تاثر آھنگ اور جوش و خروش کے جس سحر آگیں تانے بانے میں پیش کیا ہے اس نے اس نظم کو لازوال حسن و شکوہ بخش دیا ہے۔ » (۳٦)

,,جوئے آب » کو پروفیسر محمد مجیب مرحوم، شیخ الجامعه ، جامعه ملیه دھلی نے ,,محمد کا نغمۂ لاھوتی» کے عنوان سے اردو میں منتقل کیا ہے۔ نظم کا اُردو روپ اور اقبال کی فارسی نظم ,,جوئے آب » درج ذیل ھیں ۔ اقبال نے گوئٹے کی نظم کا تمام و کمال ترجمه نہیں کیا بلکه اس کے تاثر کو اپنے مخصوص انداز میں پیش کیا ہے۔

گوئٹے کی نظم ,,محمد کا نغمۂ لاھوتی»

اس چشمے کو دیکھو
جو ستاروں کی کرنوں کی طرح ھنستا ھوا
صاف شفاف چٹانوں میں سے نکلا
بچپن میں اسے
قدسیوں نے اس دنیا میں پالا
جو بادلوں کے پرے ہے
شباب کی تازگی اور جوش لیے ھوئے
وہ اک خرام ناز کے ساتھ
بادلوں سے نکلتا ہے۔ اور چٹانوں کے بیچ میں
جھاڑیوں سے گذر کر مرمریں چٹانوں پر گرتا ہے
اور پھر مسرت کے نعرے لگاتا
آسمان کی طرف اچھلتا ہے
وہ چوٹیوں کے درمیان دروں میں سے
ایک رنگین پتھر سے دوسرے رنگین پتھر کی طرف لپکتا ہے
اس کے قدم کو شروع ھی سے

رهنمائی کی صفت عطا ہوئی ہے
اور وہ اپنے بھائی بندوں کو اپنے ساتھ
بہا کر لے جاتا ہے
نیچے وادی میں جہاں اس کا قدم پڑتا ہے
پھول کھلنے لگتے ہیں
اور اس کے دم سے سبزہ زاروں میں جان پڑتی ہے
لیکن اسے نہ سایہ دار وادی روک سکتی ہے
نہ وہ پھول
جو اس کے گھٹنوں سے لپٹ کر محبت بھری آنکھوں سے خوشامد کرتے
ہیں
اس کا بہاؤ اسے میدان کی طرف چکراتا ہوا لے جاتا ہے
چھوٹے چشمے اس کے دامن سے لپٹ کر چلتے ہیں
اب وہ چاند کی طرح چمکتا ہوا
میدان میں پہنچتا ہے
اور میدان بھی اس کی آب و تاب سے چمک اٹھتا ہے
اب میدان کے دریا، پہاڑ اور چشمے
پکار پکار کر کہتے ہیں
بھائی ! اے بھائی ! ہمیں بھی اپنے رب کے پاس لے چل
ہمیں بھی اس کی بے پایاں گود میں پہنچا دے
وہ ہمارے انتظار میں گود پھیلائے ہے
اور افسوس ! ہم اس کے مشتاق اس کی گود میں نہیں پہنچ پاتے
ہمیں ریگستانوں کی سوکھی ریت سوکھ لیتی ہے
اوپر سے سورج ہمارے خون چوس لیتا ہے
کوئی پہاڑی ہمارا راستہ روک کر ہمیں تالاب بنائے دیتی ہے

اے بھائی
اپنے میدان والے بھائیوں کو ، اپنے پہاڑ والے بھائیوں کو
اپنے رب کے پاس لے چل
آؤ سب کے سب آؤ
اب وہ بڑی شان سے موجیں مارتا ہوا بڑھتا ہے
ساری قوم اپنے بادشاہ کے ساتھ کاندھے ملائے ہوئے چلتی ہے اور فتح کے ریلے میں وہ ملکوں پر اپنا سکّہ بٹھاتا جاتا ہے
جہاں اس کا قدم پڑتا ہے شہر آباد ہو جاتے ہیں
اس کا بہاؤ کسی کے روکے نہیں رکتا ۔ وہ زور و شور سے میناروں کی چمکتی چوٹیوں ، مرمریں عمارتوں کے پیچھے چھوڑ کر تخلیق کے جوش میں آگے بڑھا جاتا ہے
گویا اطلس ایک دنیا کو کاندھوں پر اٹھائے ہے
اس کے سر پر ہزاروں جھنڈے لہراتے ہیں اور سرسراتے ہیں
اور یہ سب اس کی شان و شوکت کے نشان ہیں
اس طرح وہ اپنے بھائیوں، اپنے عزیزوں ، اپنے بچوں کو
ان کے رب کے پاس ، جو ان کے انتظار میں ہے
پہنچا دیتا ہے
اور وہ انھیں مسرت کے جوش میں گلے لگا لیتا ہے [۳۷]

حضورؐ کو نوع انسانی کی بھلائی کی فکر جس طرح دامن گیر رہتی تھی اس کی عمدہ تصویر گوئٹے کی نظم میں ملتی ہے۔ اس کی ایک ایک سطر سے حضور سے محبت و عقیدت کا پاکیزہ جذبہ ٹپکتا ہے لیکن اقبال نے اس نظم کے تاثر کو جس اسلوب میں بیان کیا ہے اس کی ندرت بھی یقیناً لائق داد ہے۔

اقبال کی نظم ,,جوئے آب "

بنگر که جوئے آب چه مستانه می رود
مانند کهکشاں بگریبان مرغزار
درخواب ناز بود به گهوارۂ سحاب
وا کرد چشم شوق بآغوش کوهسار
از سنگریزه نغمه کشاید خرام او
سیمائے اوچو آئینه بے رنگ و بے غبار
زی بحر بیکرانه چه مستانه میرود
در خود یگانه از همه بیگانه میرود
در راه او بهار پریخانه آفرید
نرگس دمید و لاله دمید و سمن دمید
گل عشوه داد و گفت یکے پیش ما بایست
خندید غنچه و سر دامان او کشید
ناآشنائے جلوه فروشان سبز پوش
صحرا برید و سینۂ کوه و کمر درید
زی بحر بیکرانه چه مستانه میرود
در خود یگانه از همه بیگانه میرود
صد جوئے دشت و مرغ و کهستان و باغ و راغ
گفتند ,,اے بسیطِ زمین با تو ساز گار
مارا که راه از تنک آبی نه برده ایم
از دستبرد ریگ بیابان نگاه دار"
وا کرده سینه را به هوا هائے شرق و غرب
در بر گرفته همسفران زبون و زار

زی بحر بیکرانه چه مستانه میرود
باصد هزار گوهر یک دانه میرود
دریائے پر خروش زبند و شکن گذشت
از تنگنائے وادی و کوه و دمن گذشت
یکساں چوسیل کرده نشیب و فراز را
از کاخ شاه و باره و کشت و چمن گذشت
بیتاب و تند و تیز و جگر سوز و بیقرار
درهر زمان بتازه رسید از کهن گذشت
زی بحر بے کرانه چه مستانه میرود
در خود یگانه از همه بیگانه میرود (۳۸)

اب ملاحظہ کیجیئے گوئٹے کی نظم ,,Huri — Dichter" کا اردو ترجمہ اور اقبال کی نظم حُور و شاعر، جس میں انھوں نے گوئٹے کی نظم کے مطالب کو اپنے خاص انداز میں فارسی کا جامہ پہنایا ہے.

گوئٹے کی نظم بہت طویل ہے ، اقبال نے اس نظم کے جواب میں اختصار و ایجاز سے کام لیا ہے اور گوئٹے کے مرکزی خیال کو پیش نظر رکھا ہے اس کی تفصیلات سے اخذ نہیں کیا ، گوئٹے کے ہاں سکون کی جستجو کا جذبہ پنہاں ہے جبکہ اقبال کے کلام میں حرکت و عمل کو جو خاص اہمیت حاصل ہے اس کی بنا پر وہ حور کے سکونی حسن سے متاثر نہیں ہوتا۔حسن کی تلاش و جستجو میں نہ اس کی نظر کو قرار ہے اور نہ دل کو سکون ۔

گوئٹے کی نظم ,,حور و شاعر"

حور۔ آج میں بہشت کی نگراں ہوں— میں تجھے یہاں آ جانے کی اجازت کیسے دوں، تو مسلمان ہونے سے منکر ہے لیکن تو ہمارے مسلمانوں کا رشتہ دار ہے.اگر میدان جہاد سے آیا ہے تو اپنی

قربانی کے اظہار کے لئے مجھے زخم دکھا اس طرح میں شائد
تجھ پر در جنت کھول سکوں گی ۔

شاعر ۔ اس ناز و عشوے سے مجھے مصیبت میں نہ ڈال ۔ براہ کرم
مجھے آنے دے میں نے آدمی کی زندگی گذاری ہے.چار و ناچار
جہاد زندگی میں شریک رہا ہوں.تو اپنی تیز بین نگاہوں سے
میرے گھائل دل کا اندازہ لگا سکتی ہے۔ میرے یہ جانکاہ زخم
غم عشق کے ہاتھوں ہیں ۔ مگر میں معشوق کی دلداری اور
محبت دنیا میں دل سرد نہیں ہوا ۔ میں حسن والوں کی ناز
برداریوں اور جفاؤں کا اب بھی دلدادہ ہوں ۔ مجھے آ جانے دے
اور ایسا نہ سوچ کہ تو کسی نااھل کو اجازت دے ۔ مجھے
اجازت دےکہ میں آ کر تیری طلائی انگشت دیکھوں اور بہشت
جاوداں میں سال و ماہ کا حساب کروں ۔ میری حور تیری
محبت نے مجھے مضطرب کر رکھا ہے میں جسارت کر کے
تجھ سے پوچھتا ہوں کہ آیا تو پہلے بھی انسانوں میں رہی ہے
میرا خیال ہے تو کوئی ,,زلیخا،، تھی ۔ اور اس نام سے پکاری
جاتی تھی ۔

حور ۔ شاعر ، میں عناصر اربعہ سے پاک ہوں ۔ میں ,,حور،، ہوں ۔
میں تمہاری دنیا میں کیوں آؤں؟ ھاں تم جنت میں آسکو تو
تمہاری میزبان بنوں گی ۔ میں جب مومنین کی خدمت کرتی
ہوں تو میرے خلوص سے فرشتوں کو حیرت ہوتی ہے اور فرشتوں
کو انسانوں پر رشک ہونے لگا تھا ۔ میں اس خدمت سے دل
تنگ ہونے لگی تھی کہ (حضرت) محمد معراج کے
دوران ماورائے افلاک گئے اور واپسی پر براق روک کر یہاں
توقف فرمایا انھوں نے مجھے اور دوسری حوروں کو زمین

والوں کا روپ اختیار کرنے کو کہا ۔ ان کے حکم سے ہم نے
نئی زندگی پائی ۔ اور بے خوف و خطر اہل زمین کی خدمت
کرنے لگی ہیں ۔ اب مسلمان یہاں آتے ہیں، تو ہمیں دیکھ
کر اپنی زمینی محبوباؤں کو یاد کرتے ہیں ۔ شاعر کیا تو بھی
ایسا کر رہا ہے ؟ میں تیری زلیخا تو نہیں ہوں مگر شائد
اس سے مشابہ ہوں گی جب ہی تو مجھے یاد کرتا ہے ۔

شاعر ۔ تو نے سچ کہامیں تیرے جمال کا عاشق اور تیری تعریف میں
رطب اللسان ہوں، تو میری زلیخا ہو یا نہ ہو میں تجھ سے
گزارش کروں گا کہ دروازہ کھول دے، میں شاعر ہوں اور تجھے
عمدہ قصیدہ پیش کروں گا ۔

حور ۔ تو شاعری کرتا رہ مگر یہاں کے لوگ سکون چاہتے ہیں ۔
تیری شاعری ان کی نیندیں حرام کر دے گی، تو براہ کرم یہاں
سے پلٹ جا ۔ اب تک تو نے یہاں کتنا وقت یونہی صرف کر دیا
ہے ۔

شاعر ۔ تیرے حضور میں ہوں اور وقت کا احساس کروں، زہے سال و
ماہ جو یہاں گذریں ۔

حور ۔ آ ہی جا پھر ــــ اب دل لگا کر شعر کہہ ــــــ ایسی غزل
لکھ جو ,,زلیخا،، کی خاطر بھی نہ لکھی ہو یہاں تو ہر فکر و
اندیشہ سے آزاد اور پر امن ماحول میں ہوگا ۔ (۳۹)

اقبال کی نظم ,,حور و شاعر،،

حــور

نہ بہ بادہ میل داری نہ بہ من نظر کشائی
عجب این کہ تو ندانی رہ و رسم آشنائی

همه ســاز جستجوے همه سوز ارزوئے
نفسے که می گدازی، غزلے که می سرائی
بنوائے آفریدی چه جهانِ دلکشائے
که ارم بچشم آید چو طلسم سیمیائی

شاعر

دل رهروان فریبی به کلام نیش دارے
مگر این که لذت اونرسد به نوک خارے
چه کنم که فطرت من به مقام در نسازد
دل نا صبور دارم چو صبا به لاله زارے
چو نظر قرار گیرد به نگار خوبروے
تپدآں زماں دل من پے خوبتر نگارے
ز شرر ستاره جویم، ز ستاره آفتابے
سر منزلے ندارم که بمیرم از قرارے
چو زبادۂ بهارے قدحے کشیده خیزم
غزلے دگر سرائم به هوائے نو بهارے
طلبم نهایتِ آن که نهایتے ندارد
به نگاه ناشکیبے به دل امید وارے
دل عاشقان بمیرد به بهشت جاودانے
نه نوائے درد مندے نه غمے نه غمگسارے (۳۰)

(۳) مئے باقی ۔ اس حصے میں ۴۵ غزلیں ھیں ۔
مئے باقی کا عنوان حافظ شیرازی کے اس مشہور شعر سے ماخوذ معلوم ہوتا ہے:

بده ساقی مئے باقی که در جنت نخواهی یافت
کــنار آب رکنا باد و گلگشت مــصلے را (۳۱)

اقبال نے حافظ سے صرف یہ عنوان ہی مستعار نہیں لیا حافظ کے نظریہ زندگی کے نقاد ہونے کے با وصف اس کے فن سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔ اس حصے کی غزلوں میں وہی رعنائی، غنائیت اور تاثیر ہے جو کلام حافظ کا طرۂ امتیاز ہے۔ مئے باقی کی کئی غزلیں حافظ شیرازی کی زمینوں میں کہی گئی ہیں. بعض جگہ اقبال نے سعدی شیرازی کی پیروی بھی کی ہے.اس کے باوجود یہ تمام غزلیں اقبال کے اسلوب کی عکاس ہیں ۔ اقبال نے غزل کی کلاسیکی روش کا بھی لحاظ رکھا ہے اور موضوعات کی وسعت و تنوع کے پیش نظر اس روش کو جدت سے آشنا بھی کیا ہے۔ رمز و ایما کے علاوہ شعری و غنائی ضروریات کی تکمیل کے ساتھ ساتھ اقبال نے صنف غزل کو بلند فلسفیانہ خیالات سے بھی مالا مال کیا ۔ ان غزلوں میں تعمیر خودی ، حُبّ اسلام ، عشق رسول ،حُبّ قوم اور مغرب دشمنی وغیرہ موضوعات پر اظہار خیال کیا گیا ہے۔ مئے باقی کی غزلوں کے چند اشعار بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں ۔

نقش دگر طراز دہ آدم پختہ تر بیار
لعبت خاک ساختن می نہ سزد خدائے را (۳۲)

صورت نہ پرستم من ، بت خانہ شکستم من
آن سیلِ سبک سیرم ، ہر بند گسستم من (۳۳)

حسرت جلوہ آن ماہ تمامے دارم
دست بر سینہ ، نظر بر لب بامے دارم (۳۴)

می تراشد فکر ما ہر دم خداوندے دگر
رست از یک بند تا افتاد در بندے دگر (۳۵)

فرنگ گرچہ سخن با ستارہ می گوید
حذر کہ شیوہ او رنگ جوزنی دارد (۳۶)

(۴) نقش فرنگ

اس حصے میں ۲۴ نظمیں ھیں اور آغاز ایک طویل ترکیب بند بعنوان ,,پیام،، سے ھوتا ہے.یہ وہ پیام ہے جو اقبال نے مغرب کو دیا ہے۔ اس نظم میں اقبال نے مغرب کے نظام فکر اور اس کے تہذیبی رویّوں پر شدید تنقید کی ہے اور اسے عشق کے گنج گراں مایہ کا پتہ دیا ہے جس سے محرومی نے اسے عقل خود بیں کے حوالے کر دیا ہے اور وہ نہ صرف اپنے لئے بلکہ ساری دنیا کے لئے تباھی و بربادی کا باعث بن رھا ہے۔ اس نظم میں اقبال نے راز حیات کو آشکارا کرنے کے ساتھ ساتھ مشرق کی بیداری اور عروج نو کی پُر اعتماد پیش گوئی کی ہے یہ نظم اقبال کے فن کا عمدہ نمونہ ہے جس میں فکر عمیق نے شوکت الفاظ کے ساتھ مل کر عجب سماں باندھ دیا ہے۔

اس حصۂ کتاب میں اقبال نے سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی ہے مزدور کو پیغام بیداری دیا ہے جمعیت اقوام (League of Nations) کو کفن چوروں کی انجمن قرار دے کر اھل مشرق کو اس کے دام فریب میں آنے سے باز رکھنے کی کوشش کی ہے

اس حصے میں اقبال نے مشرق و مغرب کے بہت سے مفکرین اور شعراء پر بھی نگاہ باز گشت ڈالی ہے۔ اس ضمن میں اقبال نے نیٹشے (متوفی ۱۹۰۰ء) ، آئن سٹائن (متوفی ۱۹۵۵) لاک (متوفی ۱۷۰۴ء) کانٹ (متوفی ۱۸۰۴ء) برگسان (متوفی ۱۹۴۱ء) آگسٹس کومٹ (متوفی ۱۸۵۷ء) ، ٹالسٹائی (متوفی ۱۹۱۰ء) کارل مارکس (متوفی ۱۸۸۳ء) ھیگل (متوفی۱۸۳۱ء) براؤننگ (متوفی ۱۸۸۹ء) ، بائرن (متوفی ۱۸۲۴ء) ، رومی (متوفی ۱۲۷۳ء) ، غالب (متوفی ۱۸۶۹ء) کے افکار پر تبصرہ کیا ہے۔

بعض مقامات پر مکالموں کی صورت میں اور بعض مقامات پر

کسی شخصیت کے فکر و فلسفہ کو دو مصرعوں میں پیش کر دیا ہے۔
ان کا تبصرہ و تجزیہ اس قدر بھرپور اور اس کی پیشکش اس قدر
فنکارانہ ہے کہ بے اختیار داد دینے کو جی چاھتا ہے۔ ملاحظہ کیجئے کہ
اقبال نے نظم ,,شعراء،، میں براوننگ، بائرن، غالب اور رومی کے نظریہ
زندگی کو غالب کے ایک شعر کی زمین میں بادہ و ساغر کے حوالے سے
کس طرح واضح کیا ہے:

براوننگ

بے پشت بود بادہ سر جوش زندگی
آب از خضر بگیرم و در ساغر افگنم

بائرن

از منتّ خضر نتوان کرد سینہ داغ
آب از جگر بگیرم و در ساغر افگنم

غالب

,,تا بادہ تلخ تر شود و سینہ ریش تر
بگدازم آبگینہ و در ساغر افگنم،،

رومی

آمیزشے کجا گہر پاک او کجا
از تاک بادہ گیرم و در ساغر افگنم (۴۷)

براوننگ بادۂ زندگی خضر سے لیتا ہے،بائرن اپنے جگر کے خون
سے ، مرزا غالب آبگینہ دل کو پگھلا کر زندگی کی شراب بناتا ہے اور
رومی براہ راست تاک سے بادہ حیات کشیدہ کرتا ہے۔

خردہ

آخر میں ,,خردہ،، کے عنوان کے تحت چند ایک متفرق اشعار و
قطعات درج کئے ہیں جن میں جدت پسندی اور خطرجوئی کی تلقین

کی ہے۔ اس حصے کا ایک شعر دیکھیے :

ندارد کاربا دون همستان عشق

تدرو مرده را شاهین نگیرد (۴۸)

تبصرے

علاّمہ اقبال کی اس معرکہ آرا تصنیف کو برصغیر پاک و ہند کے اندر اور باہر خاص شہرت حاصل ہوئی ۔ متعدد اہل فن نے اس پر تبصرے کئے اور اس طرح اقبال کی فلسفیانہ بصیرت اور فنکارانہ مہارت کی داد دی ۔

,,پیام مشرق،، پر تبصرہ نگاری کے سلسلے میں اولین نام چوھدری محمد حسین کا ھمارے سامنے آتا ہے جنھوں نے کتاب کے مسودے کو اشاعت کے لئے مرتب کیا تھا۔ انھوں نے اس وقت تبصرہ لکھا تھا جب اس کتاب کا پہلا حصہ کاتب کے پاس پہنچ چکا تھا اور چھپنے میں ابھی دو ماہ باقی تھے. یہ تبصرہ پہلے ,,ھزار داستان،، اور پھر ,,زمیندار،، لاھو ر بابت ۱۷ مارچ ۱۹۲۳ء (جلد ۱۰ نمبر ٦۳ ، صفحہ ۱) ۱۹ مارچ ۱۹۲۳ء ، (جلد ۱۰ ، نمبر ٦۴، صفحہ ۱ ، ۳) اور ۲۱ مارچ ۱۹۲۳ء ، (جلد ۱۰ نمبر ٦۵ صفحہ ۱ ، ۳) میں بالاقساط چھپا تھا ۔ (۴۹) کتاب جب شائع ھو گئی تو اس پر سید سلیمان ندوی اور مولانا اسلم جیراجپوری ایسے بزرگوں نے بھی تبصرے لکھے ۔ جہاں تک بیرون ملک کتاب کی پذیرائی کا تعلق ہے خود اقبال نے اپنے بعض خطوط میں اس کا ذکر کیا ہے۔

خان نیاز الدین خان کے نام ۲۰ جولائی ۱۹۲۳ء کے خط میں اقبال لکھتے ھیں: ,,پیام مشرق کے متعلق بہت سے خطوط دور و نزدیک سے آئے ھیں اور آ رہے ھیں. برلن سے ایک پروفیسر نے لکھا ہے کہ حیرت انگیز کتاب ہے پروفیسر مارووائٹرز جو علی گڑھ میں عربی

کے پروفیسر تھے اور اب جرمنی میں ھیں اس پر ریویو لکھ رہے ھیں جو جرمن اخبارات میں شائع ھوگا۔ پروفیسر نکلسن نے اس کا ترجمہ انگریزی میں کرنے کا ارادہ ظاھر کیا ہے وہ لکھتے ھیں کہ ایک قابل تحسین جواب گوئٹے کے دیوان مغربی کا ہے اور جدید اور اوریجنل خیالات و افکار سے لبریز ہے۔ (۵۰)

خان محمد نیاز الدین خان ھی کو ۲۸ جولائی ۱۹۲۳ء کے خط میں تحریر کرتے ھیں :

,,مجھے یقین ہے کہ فرنک فورٹ کے پروفیسر مارووائٹرز کا ریویو عنقریب ھندوستان آئے گا ۔ اس کا (جرمنی سے) انگریزی ترجمہ کرا کے یہاں شائع کر دیا جائے گا ،، (۵۱)

جس زمانے میں پیام مشرق شائع ھوئی ایران کے ایک شاعر ڈاکٹر محمود افشار مرحوم بمبئی میں تھے انھوں نے پیام مشرق سے متاثر ھو کر اس کی تعریف میں چند شعر کہے تھے جو انھوں نے علامہ اقبال کی خدمت میں بھی ارسال کئے تھے۔ ان اشعار کا تذکرہ اقبال نے سید نذیر نیازی کے نام ۱۵ فروری ۱۹۳۶ء کے خط میں کیا ہے۔

اندیشه داشتم چو ز هندوستان روم
سوغاتی سفر چه برِ دوستان برم
اقبال روی کرد و فراز آمد از درم
گلهای نو ظهور که زی بوستان برم
نغمه سرا شوند همه بلبلان پارس
زین نغز چامه ها که ز هندوستان برم (۵۲)

ترجمے

پیام مشرق کو مختلف زبانوں میں منتقل کرنے کا کام خود اقبال کی زندگی ھی میں شروع ھو گیا تھا ۔ مکاتیب اقبال کے مطالعہ سے

معلوم ھوتا ہے کہ ۱۹۳۳ء میں ڈاکٹر غلام محی الدین صوفی کے ایک انگریز دوست کرنل ٹیوٹ اقبال کی کتاب ,,بانگ درا،، کی نظموں کا انگریزی ترجمہ کرنا چاھتے تھے اور اس سلسلے میں وہ اقبال کی اجازت اور راھنمائی کے طلبگار تھے ۔ ڈاکٹر صوفی نے ان کی مدد کی غرض سے سلسلہ جنبانی کی تو اقبال نے فارسی کلام خصوصاً زبور عجم، پیام مشرق اور جاوید نامہ کی طرف توجہ دلائی تو کرنل ٹیوٹ نے پیام مشرق کی رباعیات (قطعات) کے ترجمے پر آمادگی ظاھر کی ۔ اقبال نے بعض شرائط کے تحت اس کی اجازت دے دی ۔ ڈاکٹر صوفی کے نام اقبال کے پانچ خط ھیں اور ان میں زیادہ تر پیام مشرق کی رباعیات کے ترجمے کا ذکر ملتا ہے (۵۳)

ان خطوط سے بعض دیگر تراجم کا علم بھی ھوتا ہے ۔ ڈاکٹر صوفی کے نام ۳۱ مارچ ۱۹۳۳ء کے خط میں اقبال لکھتے ھیں:

,,پیام مشرق کا ترجمہ جرمن زبان میں ارلانگن یو نیو رسٹی کے پروفیسر ھل کر رہے ھیں (۵۴) ۲۴ مئی ۱۹۳۳ء کے خط میں رقمطراز ھیں :

,,اسلامیہ کالج لاھور کے پروفیسر تاثیر نے بھی چند رباعیات کا ترجمہ کیا ہے،، (۵۵)

ڈاکٹر محمد عباس علی خان لمعہ حیدر آبادی کے نام ٦ جولائی ۱۹۳۳ء کے مکتوب میں اقبال لکھتے ھیں:

,,انھوں (نکلسن) نے بعض نظمیں پیام مشرق کی بھی ترجمہ کی تھیں جو جرمنی کے رسالہ Islamica میں شائع ھوئی تھیں،، (۵٦)

مختلف ملکوں اور زبانوں میں ,,پیام مشرق،، کے جو مکمل اور جزوی ترجمے ھوئے ھیں ان کی تفصیل یہ ہے :

اردو

شیر علی خان سرخوش نے ,,جام مشرق ملخص پیام مشرق" کے نام سے پیام مشرق کے خاص حصوں کا اردو میں منظوم ترجمہ کیا جو ۱۹۲۳ء میں لاهور سے شائع هوا ۔

عبدالرحمن طارق نے ,,روح مشرق" کے نام سے اردو میں منظوم ترجمہ کیا جو ۱۹۵۲ء میں لاهور سے شائع هوا ۔

مولوی صالح محمد نے مئی ۱۹۳۰ء کے لگ بھگ پیام مشرق کی رباعیات (قطعات) کا اردو ترجمہ کیا جو اقبال کی نظر سے بھی گذرا تھا ۔

فیض احمد فیض اور حضور احمد سلیم نے منتخب حصوں کا منظوم ترجمہ کیا جسے اقبال اکادمی نے الگ الگ جلدوں میں ۱۹۷۷ء میں شائع کیا ۔

,,لالۂ طور" کا مکمل اور غزلوں اور نظموں کی خاصی تعداد کا منظوم اردو ترجمہ حکیم سرو سہارنپوری نے کیا ہے جو ابھی تک کتابی صورت میں نہیں چھپ سکا ۔ تاهم اس کے متعدد حصے ملکی اخبارات و رسائل میں شائع هو چکے هیں ۔

اطالوی

پروفیسر بوسانی (A. Bausani) نے ۱۹۵۲ء میں جاوید نامہ کے منتخب حصوں کا ترجمہ Poema Celeste شائع کیا تھا اس کی اشاعت دوم (۱۹۶۳ء) میں پیام مشرق اور بعض دیگر مجموعوں کے بھی منتخب حصے شامل کر لئے گئے ۔

انگریزی

پوفیسر اے جے آربری (A. J. Arbery) نے ,,لالۂ طور" کا ترجمہ The Tulip of Sinai. کے نام سے کیا ہے جو رائل انڈین سوسائٹی لندن نے

۱۹۴۷ء میں شائع کیا ۔

ایم ھادی حسین نے ,,پیام مشرق،، کا انگریزی ترجمہ کیا جس کا پہلا ایڈیشن

A Selective Rendering of Iqbal,s Payam — i — Mashriq ,,

کے زیر عنوان شائع ھوا تھا ۔ بعد میں مکمل ترجمہ A Message from the East کے نام سے اقبال اکادمی نے ۱۹۷۷ء میں شائع کیا جس میں ,,جوئے آب،، کے سوا تمام منظومات کا ترجمہ شامل ہے اور اختتام پر حواشی بھی دیئے گئے ھیں۔

عبدالرحمن طارق نے اقبال کی تمام رباعیات (مشمولہ پیام مشرق) کو انگریزی میں منتقل کیا ہے جسے شیخ غلام علی اینڈ سنز لاھور نے ۱۹۷۳ء Rubayat of Iqbal کے نام سے شائع کیا ہے۔

بنگالی

متعدد نظموں کا بنگالی ترجمہ پروفیسر امین الدین سابق صدر شعبہ بنگلہ اسلامیہ انٹر کالج ڈھاکہ نے کیا ۔

پشتو

شیر محمد مینوش نے پشتو میں ترجمہ کیا جسے اقبال اکادمی نے ۱۹۶۳ء میں شائع کیا ۔

پنجابی

صوفی غلام مصطفی تبسم نے ,,نقش اقبال،، کے عنوان سے پیام مشرق کی متعدد نظموں کا ترجمہ کیا جسے اقبال اکادمی نے ۱۹۷۷ء میں لاھور سے شائع کیا ۔

ترکی

پیام مشرق کا ایک ترجمہ ڈاکٹر علی گنجیلی نے کیا ہے .

ڈاکٹر علی نہاد تارلان نے Sarktan Haber کے عنوان سے اس کو

ترکی نثر میں منتقل کیا اور ۱۹۵۶ء میں انقرہ سے شائع کیا یہ ترجمہ دوسری بار ۱۹۶۳ء میں استنبول سے اور اسی سال اقبال اکادمی پاکستان نے کراچی سے شائع کیا ۔

جرمن

ڈاکٹر ھانز مائنگے (Dr. Hans Maenge) نے ,,پیام مشرق،، کے ایک حصے کا ترجمہ کر کے خوبصورت چمڑے پر خوش خط لکھوا کر اور نقش و نگار بنوا کر اقبال کی خدمت میں بطور تحفہ ارسال کیا ۔ یہ ترجمہ سترہ اوراق پر مشتمل ہے اور اقبال میوزیم لاھور میں محفوظ ہے (نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷ ـ ۱۹۷۷ء)

ڈاکٹر شمل (Dr. Annemarie Schimmel) نے Botschaft der Ostens کے عنوان سے جرمن میں منظوم ترجمہ کیا جو ۱۹۶۳ء میں ویز باڈن (wiesbaden) سے شائع ھوا ۔

ڈیوس روسو نے کتاب کے دیباچے کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا ۔

چیکو سلواکی

ژان ماریک (Jan Maerk) نے پیام مشرق کی منتخب نظموں کو Poselstin Vychoa کے نام سے چیکو سلواکی زبان میں منتقل کیا جس کا مصوّر ایڈیشن ۱۹۶۲ء میں پراگ سے شائع ھوا ۔

عربی

مولانا مسعود عالم ندوی نے عربی زبان میں پیام مشرق کا ترجمہ ,,رسالۃ المشرق،، کے نام سے کیا ۔

ڈاکٹر عبدالوھاب عزام نے عربی میں منظوم ترجمہ کیا جسے مجلس اقبال کراچی نے (غالباً ۱۹۵۱ء میں) شائع کیا ۔

فارسی

ڈاکٹر محمد ریاض نے اس کے دیباچے کا ترجمہ کیا ہے جو ان کے

مقالے ,,ترجمہ دیباچہ ھای آثار فارسی اقبال،، میں شامل ہے جسے اقبال اکادمی پاکستان نے اقبال ریویو میں شائع کیا۔

فرانسیسی

ایوا میرووچ (E. Meyerovitch) اور محمد اکانا (M. Achena) نے مشترکہ طور پر Message De L,orient کے عنوان سے ترجمہ کیا جو ۱۹۵۶ء میں پیرس سے شائع ہوا۔

گجراتی

سید عظیم الدین منادی نے گجراتی زبان میں ترجمہ کیا جسے اقبال اکادمی نے ۱۹٦۴ء میں کراچی سے شائع کیا۔

شرحیں

پیام مشرق کی ایک شرح پروفیسر یوسف سلیم چشتی نے لکھی جسے عشرت پبلشنگ ھاؤس لاھور نے ۱۹۵۳ء میں شائع کیا۔

شریف ارمی نے پیام مشرق کی منتخب نظموں کا ترجمہ و تشریح کی جو ۱۹۷٦ء میں جدید بُک ڈپو لاھور نے طبع کی۔

اس کے علاوہ مختلف نصابی ضرورتوں کے تحت اس کی منتخب منظومات کے متعدد ترجمے اور شرحیں شائع ہو چکی ھیں۔

حواشی

(۱) مکاتیب اقبال بنام گرامی ۔ ص ۱۳٦

مولانا گرامی کے نام اقبال کے خط محررہ یکم جولائی ۱۹۱٦ء سے معلوم ہوتا ہے کہ اقبال نے مثنوی ,,اسرار خودی،، کا تیسرا حصہ ۱۹۱٦ء میں لکھنا شروع کر دیا تھا اور غالباً یہی وہ حصہ ہے جس نے بعد میں ,,پیام مشرق،، کا نام پایا۔

(۲) اقبال نامہ ۔ اول ۔ ص ۱۰۷

,,پیام مشرق،، شائع ہوئی تو اس میں صرف فارسی کلام شامل تھا ۔ اردو کلام ممکن ہے ,,بانگ درا،، (۱۹۲۴ء) میں شامل کر لیا گیا ہو۔

(٣) ایضاً ص ١٠٨

(۴) ایضاً ص ١٠٨

(۵) ایضاً ص ٢ ، ١۵٩

(٦) ایضاً ص ١۵٩

(٧) اقبال کامل، ص ١٧ ، ١٨

(٨) مکاتیب اقبال بنام گرامی ص ٢٢٧

(٩) اقبال نامه ، ١ ص ٢٣٣

(١٠) اقبال نامه ، ١ ص ١٣١

کتاب میں سید سلیمان ندوی کے نام اقبال کے خط کی تاریخ ٢۴ مئی ١٩٢٢ء دی گئی ہے۔ جبکه اصل خط میں ٢۴ مئی ١٩٢٣ء درج ہے۔ ,,اقبال نامه،، میں درج تاریخ مرتب یا کاتب کا سہو معلوم ہوتا ہے۔

(١١) شاد اقبال ، ص ١۴٧

(١٢) روزگار فقیر ، اول ، ص ٢١۵

(١٣) تفصیل کے لئے دیکھئے ,,تصانیف اقبال،، ، ص ١٣٣ ـ ١٣٢

(١۵) بانگ درا ، ص ٩

یه شعر اقبال کی نظم مرزا غالب سے لیا گیا ہے جو بانگ درا کے حصه اول (... ١٩٠۵ء تک) میں شامل ہے۔ اسی طرح اقبال نے اپنی ١٩١٠ء کی بیاض میں بھی کئی جگه گوئٹے کا ذکر کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے که اقبال قیام یورپ کے دوران گوئٹے سے متعارف ہونے تھے اور پھر وہ مسلسل اس کے بارے میں معلومات جمع کرتے رہے۔ یه اقبال ھی کی کوشش ہے که آج برصغیر خصوصاً پاکستان میں گوئٹے کی شخصیت اتنی معروف ہے

(١٦) پیام مشرق ص الف

(١٧) پیام مشرق ص ١٨۴

ویمر کے متعلق حاشیے میں اقبال لکھتے ھیں ,,جرمنی میں ایک شہر ہے جہاں گوئٹے نے اپنی زندگی کا بہت سا حصه بسر کیا اور بعدِ انتقال وھیں دفن ہوا۔

(١٨) اقبال چوھدری محمد حسین کی نظر میں ، ص ١٣١ ، ١٣٢

(١٩) پیام مشرق ص ٢۴٦

اس نظم کے حاشیے میں اقبال نے نکته دان المنی کی وضاحت ان لفظوں میں کی ہے۔ ,,نکته دان المنی سے مراد گوئٹے ہے جس کا ڈرامه ,,فوسٹ،، مشہور و معروف ہے اس ڈرامے میں شاعر نے حکیم فوسٹ اور شیطان کے عہد و پیمان کی قدیم روایت کے پیرائے میں انسان کی امکانی نشوونما کے تمام مدارج اس خوبی سے بتائے ھیں که اس سے بڑھ کر کمال فن خیال میں نہیں آ سکتا ۔،،

(٢٠) اقبال چوھدری محمد حسین کی نظر میں ـ ص ١٣١ ـ ١٣٢

(٢١) ایضاً ، ص ١٣٦ ،

(٢٢) پیام مشرق، ص ٢ ـ ٣

(٢٣) بحواله ,,اقبال اور گوئٹے،، ، ص ٩٩

(۲۴) ایضا ، ص ۱۰۰

(۲۵) پیام مشرق ص ۱

(۲۶) سورۂ بقرہ ـ ۱۱۵
آیت کے اصل الفاظ یوں ہیں ,,وللہ المشرق و المغرب "

(۲۷) پیام مشرق ، ص ـ م

(۲۸) انگریزی اشارات کے لئے رجوع کیجئے . تصانیف اقبال کا تحقیق و توضیحی مطالعہ ، ص ۴۴۳ ـ ۴۴۷

(۲۹) پیام مشرق ـ ص ـ م ، ن

(۳۰) ملاحظہ کیجئے پروفیسر فرمان فتحپوری کا مضمون ,,رباعی کیونکر؟" مشمولہ سہ ماہی مجلہ ,,صحیفہ" لاہور ، ستمبر ۱۹۵۸ء

(۳۱) اقبال نامہ ، ۱، ، ص ۳۰۳

(۳۲) پیام مشرق ، ص ۲۷

(۳۳) اقبال کی تیرہ نظمیں ، ص ۲۰

(۳۴) پیام مشرق، ص ۱۵۱

(۳۵) اقبال اور گوئٹے ، ص ۹۶

(۶۳) اقبال کی فارسی شاعری کا تنقیدی جائزہ ، ص ۸۶

(۳۷) مجلہ گورڈونین (Gordonian) ہجرت نمبر ، ص ۵ ـ ۷

(۳۸) پیام مشرق ، ص ۱۵۱ ـ ۱۵۲

(۳۹) برکات اقبال ، ص ۲۲۳ ـ ۲۲۴

(۴۰) پیام مشرق ، ص ۱۴۷ ـ ۱۳۹

(۴۰) دیوان حافظ ، ص ۹

(۴۲) پیام مشرق، ص ۱۹۲

(۴۳) ایضاً ، ص ۱۷۹

(۴۴) ایضاً ص ۱۹۵

(۴۵) ایضاً ، ص ۱۷۰

(۴۶) ایضاً ، ص ۱۹۴

(۴۷) ایضاً ، ص ۲۵۲

(۴۸) ایضاً ، ص ۲۶۳

(۴۹) اقبال چوہدری محمد حسین کی نظر میں ، ص ۱۲۵

(۵۰) مکاتیب اقبال بنام خان محمد نیاز الدین خان ، ص ۳۶ ـ ۴۷

(۵۱) ایضاً ، ص ۴۷

(۵۲) مکتوبات اقبال بنام سید نذیر نیازی ، ص ، ۱۹۴ نیز دیکھئیے : ,,گفتار ادبی" از محمود افشار ج ۲ ص ۳۶۲ مرحوم نے اپنی مذکورہ کتاب میں اقبال کے ساتھ اس مختصر خط و کتابت کو درج کیا ہے اس مضمون کا اردو ترجمہ سید عارف نوشاہی نے کیا اور بعنوان ,,اقبال کا ایک نادر خط" ماہنامہ فیض الاسلام راولپنڈی شمارہ جنوری ۱۹۷۸ء (اقبال نمبر)

میں شائع ہوا ۔ بعد میں اس اردو مضمون کا عکس افشار مرحوم نے مختصر تبصرے کے ساتھ اپنی کتاب ,,افغان نامہ،، جلد سوم مطبوعہ تہران میں بھی شامل کر دیا ۔

(۵۳) اقبالنامہ ، ۱ ، ص ۹۹ ۔ ۳۰۳

(۵۴) ایضاً ، ص ۳۰۰

(۵۵) ایضاً ، ص ۳۰۲

(۵۶) ایضاً ، ص ۲۷۷

کتابیات

کتب

۱ ۔ اقبالنامہ ، حصہ اول ، شیخ عطاء اللہ ایم ۔ اے ، ۱۹۴۴ء ، شیخ محمد اشرف ، لاہور

۲ ۔ اقبالنامہ ، حصہ دوم ، شیخ عطاء اللہ ایم ۔ اے ، ۱۹۵۱ء شیخ محمد اشرف ، لاہور

۳۔ اقبال کی تیرہ نظمیں ، اسلوب احمد انصاری ، جنوری ۱۹۷۷ء ، مجلس ترقی ادب ، لاہور

۴ ۔ اقبال چوہدری محمد حسین کی نظر میں ، محمد حنیف شاہد ، ۱۹۷۵ء ، سنگ میل پبلی کیشنز ، لاہور

۵ ۔ اقبال اور گوئٹے ، محمد اشرف خان اشرف ، سن ۔ ن ۔ ملک دین محمد اینڈ سنز ، لاہور

۶ ۔ اقبال کی فارسی شاعری کا تنقیدی جائزہ ، ڈاکٹر عبدالشکور احسن ، ۱۹۷۷ء اقبال اکادمی ، پاکستان

۷ ۔ برکات اقبال ، ڈاکٹر محمد ریاض ، س ۔ ن ، مقبول اکیڈمی ، لاہور

۸ ۔ بانگ درا ، محمد اقبال ، ستمبر ۱۹۵۸ء ، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور

۹ ۔ پیام مشرق ، محمد اقبال ، ۱۹۶۳ء ، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور

۱۰ ۔ تصانیف اقبال کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ ، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی ، ۹ نومبر ۱۹۸۲ء اقبال اکادمی ، لاہور

۱۱ ۔ دیوان حافظ (اردو ترجمہ و شرح) عباداللہ اختر ، ۱۹۷۹ء ، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد

۱۲ ۔ روزگار فقیر ، اول، فقیر سید وحید الدین ، اپریل ، ۱۹۶۶ء لائن آرٹ پریس ، کراچی

۱۳ ۔ شاد اقبال ، ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور ، ۱۹۴۲ء ، سب رس کتاب گھر ، حیدر آباد دکن

۱۴ ۔ شذرات فکر اقبال (اردو ترجمہ) ، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی ، دسمبر ۱۹۷۳ء مجلس ترقی ادب، لاہور

۱۵ ۔ مکاتیب اقبال بنام گرامی ، محمد عبداللہ قریشی ، اپریل ۱۹۶۹ء ، اقبال اکادمی کراچی

۱۶ ۔ مکاتیب اقبال بنام خان محمد نیاز الدین خان ، ۱۹۵۴ء بزم اقبال، لاہور

۱۷ ۔ مکتوبات اقبال ، سید نذیر نیازی ، ستمبر ۱۹۵۷ء ، اقبال اکادمی ، کراچی

رسائل

۱ ۔ سہ ماہی مجلہ ,,صحیفہ،، لاہور ، ستمبر ۱۹۵۸ء

۲ ۔ مجلہ گورڈونین ، راولپنڈی ، ہجرت نمبر ، ۱۹۸۲ء

ڈاکٹر سیّد وحید اشرف مدراس

آٹھویں صدی ہجری میں ایران اور ہندوستان میں ابن عربی کے افکار پر ردّ عمل

محمد بن علی بن محمد ابن العربی الطائی الحاتمی (٥٦٠ ھ/ ١١٦٥ ء ـ ٦٣٨ ھ / ١٢٤٠ ء) کی شہرت اُن کے نظریۂ وحدت الوجود کی بناء پر ہے ـ وحدت الوجود کا تصوّر ابن عربی نے پہلی بار نہیں پیش کیا ہے بلکہ اُن سے پہلے بہت سے صوفیہ کے یہاں یہ تصوّر ملتا ہے لیکن ابن عربی وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اس تصوّر کو ایک نظری فلسفہ کی حیثیت دی ـ

ابن عربی کے مخالفین اور موافقین شروع ہی سے پیدا ہوچکے تھے ـ ابن عربی کے شاگرد صدر الدین قونیوی (م ٦٧٣ ھ) اور پھر ان کے شاگرد فخرالدین ابراھیم بن بزرگ مہر بن عبدالغفار جوالقی المتخلص به عراقی (م ٦٨٨ ھ) نے اس نظریه کو صوفیه میں عام کرنے میں کامیاب کوششیں کیں ـ امتدادِ زمانه کے ساتھ ابن عربی کے مخالفین اور موافقین کی تعداد بھی بڑھتی گئی اور ایسا معلوم ھوتا ہے که آٹھویں صدی ہجری میں ابن عربی کی شخصیت اور اُن کا نظریۂ وحدت الوجود بحث و مباحثه کا خاص موضوع بن گئے ـ لطایف اشرفی ١ میں ایک بیان سے ان مخالفتوں کا کچھ پته چلتا ہے لیکن اشخاص کے نام اس بیان میں نہیں دیے گئے ہیں ٢ـ البته جن صوفیه نے اس موضوع پر اپنی مستقل تصنیفات چھوڑی ہیں اور ہم تک وہ تصنیفات پہنچی ہیں اُن سے مخالفتوں اور موافقوں کی نوعیتوں کا پته چلتا ہے ـ

آٹھویں صدی ہجری میں ابن عربی کے موافقین میں خاص نام یه ہیں: شیخ کمال الدین عبدالرزاق کاشانی، صائن الدین علی بن محمد الترکه ٣، مخدوم علی فقیه مہائمی ٤، اور سیّد اشرف جہانگیر سمنانی ٥ ـ اسی دَور میں شیخ علاء الدوله سمنانی (م ٧٣٦ ھ) اور سیّد محمد گیسو دراز (م ٨٢٥ ھ) ہیں جن کا شمار اجلّهٔ صوفیه میں ھوتا ہے ٦ جو ابن عربی کے مخالف تھے ـ بظاہر ان کی مخالفت کا سبب ابن عربی کا نظریۂ وحدت الوجود ہے ـ اس مضمون میں ابن عربی کے بارے میں

انہی دونوں صوفیہ کے نظریات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

شیخ علاء الدولہ سمنانی کے حالات متعدد کتابوں میں ملتے ہیں لیکن ان کے حالات کے مستند ترین مآخذ خود اُن کی تحریر اور ملفوظات ہیں۔ انہوں نے اپنے حالات اپنی کتاب ''العروۃ لاہل الجلوۃ و الخلوۃ'' ۷ میں خود لکھے ہیں۔ اُن کے ملفوظات ''چہل مجلس'' میں بھی اُن کے بعض حالات ملتے ہیں جو ان کے مُرید اقبال سیستانی نے قلمبند کیے ہیں۔ اُن کا پورا نام یوں ہے: احمد بن محمد بن احمد بن محمد بیابانکی ملقب بہ علاء الدولہ و رکن الدین و ابو المکارم۔ سمنان کے قریۂ بیابانک میں ۶۵۶ ھ میں پیدا ہوئے اور سنہ ۷۳۶ ھ میں وفات پائی اور وہیں قریۂ صوفی آباد میں مدفون ہوئے۔ والد محمد کا لقب ملک شرف الدین تھا اور چچا ملک جلال الدین تھے۔ دونوں ارغون خاں اور غازان خان ایلخانی کے عہد میں معزّز عہدے پر فائز تھے لیکن آخرِکار دونوں قتل کردیے گئے۔ شیخ علاء الدولہ سمنانی پندرہ سال کی عمر میں ارغون خاں کے دربار سے وابستہ ہوگئے۔ چوبیس سال کی عمر میں شاہی ملازمت ترک کرکے راہ سلوک اختیار کی، ساتھ ہی علوم ظاہری میں تکمیل کی اور قرآن مجید بھی حفظ کیا۔ ۶۸۷ ھ میں شیخ عبدالرحمٰن اسفرائینی کے مُرید ہوگئے۔ شیخ علاء الدولہ شاعر بھی تھے اور تصوف میں بہت سی کتابوں کے مصنّف بھی۔ سمنان میں خانقاہ سکاکیہ کی توسیع و تجدید کی اور وہیں دَرس و ارشاد میں مصروف رہے ۸۔

حضرت سیّد اشرف جہانگیر نے ابتدا میں سب سے پہلے شیخ علاء الدولہ سمنانی سے سلوک کی تعلیم حاصل کی۔ اس کے بعد شیخ کمال الدین عبدالرزاق کاشی سے تصوف میں درس لیا ۹۔ جس زمانے میں شیخ علاء الدولہ سمنانی نے ابن عربی سے وحدت الوجود کے بارے میں اختلاف کیا اُس وقت شیخ کمال الدین بقیدِ حیات تھے اور حضرت سیّد اشرف جہانگیر نے بھی (جو سمنان کے شہزادہ تھے) ابھی ترکِ سلطنت نہیں کیا تھا بلکہ اُمورِ سلطنت کے ساتھ تصوف و سلوک کی تعلیم بھی حاصل کررہے تھے۔ چونکہ حضرت سیّد اشرف دونوں ہی سے استفادہ کررہے تھے اس لیے اس اختلاف کی خبر شیخ کاشانی کو بھی ہوگئی۔ اس کے بعد دونوں بزرگوں میں خط و کتابت کے ذریعہ اس موضوع پر بحث و مباحثہ ہوا۔ چونکہ حضرت سیّد اشرف جہانگیر دونوں کے پاس جاتے تھے اس لیے پیغام رسانی کا کام بھی آپ ہی کررہے تھے۔ ان کے ہمراہ امیر اقبال سیستانی بھی رہتے تھے جو شیخ علاء الدولہ

سمنانی کے مُرید و خادم تھے ۔ ان خطوط کی نقلیں لطایف اشرفی میں محفوظ ہیں ١١ ۔ ان خطوط کی اہمیت کا اندازہ اس اعتبار سے کرنا چاہیے کہ ابن عربی کی مخالفت میں سب سے پہلی یہ سنجیدہ تحریر ہے جو ہم تک پہنچی ہے ۔ اگرچہ علاّمہ ابن تیمیہ (١٢٦٣ء ۔ ١٣٢٨ء) نے بھی ابن عربی کی مخالفت بڑی شدّت سے کی ہے لیکن یہاں ان کا انداز بڑا غیر سنجیدہ ہے اس کے علاوہ ابن تیمیہ تصوّف ہی کے سِرے سے مخالف ہیں اس لیے وہ ہماری بحث سے خارج ہیں ۔ ابن تیمیہ اور شیخ علاء الدولہ سمنانی دونوں معاصر ہیں لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ابن عربی سے ابن تیمیہ کی مخالفت کا حال نہ شیخ علاء الدولہ کو معلوم ہوسکا اور نہ حضرت سیّد اشرف کو، ورنہ توقع تھی کہ ابن تیمیہ کے قول پر بھی کچھ بحث ہوتی ۔

شیخ علاء الدولہ سمنانی اور عبدالرزاق کاشانی کی بحثوں کو نقل کرنے کے بعد حضرت سیّد اشرف جہانگیر سمنانی ان میں محاکمہ کرتے ہیں اور شیخ علاء الدولہ سمنانی اور ابن عربی کے نظریات میں صرف لفظی اختلاف ظاہر کرتے ہیں ۔ حضرت سیّد اشرف جہانگیر کے بیان کی مطابقت چہل مجلس سے بھی ہوتی ہے ۔ طوالت کی وجہ سے شیخ کاشانی اور شیخ علاء الدولہ کی بحثوں کو یہاں نقل کرنے سے احتراز کیا گیا ہے ۔ البتہ ان بزرگوں کی آراء پر حضرت سیّد اشرف جہانگیر کا محاکمہ نہایت اہم ہے ۔ ذیل میں حضرت سیّد اشرف جہانگیر کی تحریر اور اس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:

''حضرت قدوة الکبریٰ می فرمودند که تخطئه ایشان به نسبت شیخ اکبر بسیار غریب نموده، باوجود که خود به بزرگی ایشان اعتراف کرده اند چنانکه در حواشی فتوحات بعضی جایہا بخطاب ایشان نوشته اند ایها الصدیق و ایها المقرب و ایها العارف الحقانی و این حواشی حالا موجود اند. چون حضرت ایشان را سخن بادب گفته ایم در مواجه مکابره در سخن نکردیم امّا بہرحال در سخن ایشان تأویل کرده ایم و عظمت محاورهٔ ایشان نہاند که خاطر مبارک شانرا نشان کرده آید. اکنون بباید دانست که درحقیقت توحید میان ایشان خلاف نیست و تخطئه و تکفیر حضرت شیخ رکن الدین علاء الدوله به نسبت حضرت شیخ عبدالرزاق بآن معنی است که وی از کلام شیخ فہم کرده نه آن معنی که مُراد شیخ اسبت زیرا که وجود را سه اعتبار است یکی اعتبار وی بشرط شی که وجود مقیّد است، دوم لا بشرط شی که وجود عام است سوم بشرط لاشی که وجود مطلق است . آنکه شیخ قدس سره ذات حق سبحان تعالیٰ را

وجود مطلق گفته است بمعنی اخیر است و شیخ رکن الدین آنرا بر وجود عام حمل کرده و در نفی و انکار آن مبالغه نموده باوجود آنکه خود باطلاق وجود ذات بمعنی اخیر اشارت کرده است چنانچه در بعضی رسائل فرموده که الحمد لله علیٰ الایمان بوجوب وجوده و نزاهته عن أن یکون مقیّداً محدوداً او مقیّداً لایکون بلا مقیدات وجود'' ۔ ۱۱

''حضرت قدوة الکبریٰ می فرمودند که این نزاع و گفتگوی در اوائل حال بوده، چون در صحبتهای آخرین بملازمت مشرف شدیم روزی جمعی از اکابر نشسته بودند که درویشی در مجلس حضرت شیخ رکن الدین علاء الدوله آمد و پرسید که حضرت شیخ ابن العربی که حق را وجود مطلق گفته در قیامت باین سبب معاتب گردد یا نه ؟ فرمود که این نوع سخنان را قطعاً نمی خواهیم که بر زبان رانم کاش که ایشان نیز نگفتندی که سخن مشکل گفتن روا نیست امّا چون گفته شد ناکام تأویل میباید کردن تا درویشان را شبهه در باطن نیفتد و نیز در حق بزرگان بی اعتقاد نشوند. ظاہراً محی الدین ابن العربی ازین سخن خواسته که وحدت را در کثرت ثابت کند وجود مطلق گفته تا معراج دوم بیان تواند کرد که معراج دواست ۔ ۱۲ یکی آنکه کان الله ولم یکن معه شیٔ و دریافتن این آسان است، دوم آنکه الآن کما کان و شرح این مشکل تر است . او خواست که ثابت کند که کثرت مخلوقات در وحدت حق هیچ زیاده نکند وجود مطلق در خاطر افتاده است . چون یک شق بدین معنی راست بوده است وی را خوش آمده است و از شق دیگر که نقصان لازم می آید غافل مانده، چون قصد وی اثبات وحدانیت بوده باشد حق تعالیٰ از وی عفو کرده باشد چه هر که از اهلِ قبله اجتهادی کرده است در کمال حق، اگر خطا افتدش نزدیک من چون مُراد او کمالِ حق بود اهل نجات خواهد بوده و مصیب و اهل درجات''.

''حضرت قدوة الکبریٰ می فرمودند که از ادلّهٔ ساطعه و براہین قاطعه معلوم شد که وجود یکی بیش نیست و کثرت ذات و تعداد کائنات از روی نمائش است چنانکه روی واحد در مرایای کثرت مرئی گردد قادح وحدت روی نباشد''. ۱۳

ترجمه: ''حضرت قدوة الکبریٰ (سیّد اشرف جہانگیر) فرماتے تھے کہ شیخ اکبر پر شیخ علاء الدولہ سمنانی کی گرفت بہت تعجّب خیز ہے ۔ باوجود اس کے انہوں نے شیخ اکبر کی بزرگی کا اعتراف کیا ہے جیسا کہ فتوحات مکیہ کے حواشی میں اور بعض دوسری جگہوں پر انہوں نے ان کو اس طرح خطاب کیا ہے کہ اے صدیق، اے مقرّب، اے عارف

حقّانی، اور یہ حواشی اب بھی موجود ہیں ۔ چونکہ میں نے ان بزرگوں (شیخ کاشی اور شیخ سمنانی) سے گفتگو میں ادب کا لحاظ رکھا ہے اس لیے محاکمہ میں، میں نے ایک دوسرے پر ترجیح دینے کی بات نہیں کی ہے ۔ لیکن بہرحال ان کے اقوال میں تاویل کی کوشش کی ہے ۔ اُن کی باتوں کی عظمت (ہماری تحریر میں) باقی نہ رہے گی اگر ہم اُن کے خاطر مبارک کو ذرا بھی ٹھیس پہنچائیں ۔

جاننا چاہیے کہ حقیقت توحید کے متعلق ان دونوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے اور شیخ عبدالرزاق کاشی پر شیخ علاء الدولہ سمنانی کی گرفت اس معنی میں ہے جیسا کہ انہوں نے کلام شیخ سے سمجھا ہے نہ کہ اس معنی میں کہ شیخ کی مُراد ہے ۔ اس لیے کہ وجود کے تین اعتبارات ہیں: ایک اس کا اعتبار بشرط شی کہ وجود مقیّد ہے، دوسرے لا بشرط شی کہ وجود عام ہے اور تیسرے بشرط لاشی کہ وجود مطلق ہے ۔ شیخ قدس سرہ نے ذات حق سبحانہ تعالیٰ کو جو وجود مطلق کہا ہے وہ اسی معنی اخیر میں ہے اور شیخ رکن الدین نے اسے وجود عام پر محمول کیا ہے اور اس کے انکار میں مبالغہ سے کام لیا ہے حالانکہ وجود ذات کے اطلاق کی طرف انہوں نے خود اشارہ کیا ہے چنانچہ انہوں نے اپنے بعض رسائل میں لکھا ہے ''خدا کا شکر ہے اس کے وجود کے وجوب کے ایمان پر اور مقیّد اور محدود ہونے سے اس کی ذات کی نزاھت میں یقین پر، جو کچھ اُس ذات سے قائم ہے وہ وجود مقید کے سوا کچھ نہیں ہے ۔

''حضرت قدوۃ الکبریٰ فرماتے تھے کہ شیخ علاء الدولہ سمنانی کی یہ گفتگو اور شیخ اکبر سے ان کا اختلاف اوائل حال میں تھا ۔ جب میں آخری صحبتوں میں اُن کی ملازمت سے مشرّف ہوا تو ایک دن اکابر کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی کہ شیخ علاء الدولہ سمنانی کی مجلس میں ایک درویش آیا اور اُس نے پوچھا کہ شیخ ابن العربی نے وجود حق کو وجود مطلق کہا ہے تو قیامت میں وہ اس سبب سے معتوب ہوں گے یا نہیں ؟ انہوں نے کہا کہ میں اس قسم کی باتوں کو قطعی نہیں پسند کرتا کہ زبان پر لاؤں، کاش وہ بھی ایسی باتیں نہ کرتے کہ مشکل بات کہنا مناسب نہیں ہے، لیکن چونکہ وہ کہہ چکے ہیں تو ناچار اب تاویل کرنا چاہیے تاکہ درویشوں کے دلوں میں شبہ نہ پیدا ہو اور بزرگوں کے حق میں بے اعتقاد نہ ہوں ۔ بظاہر محی الدین ابن عربی کی مُراد یہ تھی کہ کثرت میں وحدت کو ثابت کریں اس لیے انہوں نے وجود مطلق کہا ہے تاکہ معراج دوم کا بیان کرسکیں کیونکہ

معراج دو ہیں، ایک یہ کہ جب کچھ نہیں تھا تو خدا ہی تھا اور اس کا معلوم کرنا آسان ہے، دوسرے یہ کہ وہ جیسا تھا ویسا ہی اب بھی ہے اور اس کی شرح مشکل ہے۔ انہوں نے یہ کہنا چاہا کہ مخلوقات کی کثرت وحدت حق میں کوئی اضافہ نہیں کرتی اور انہوں نے اس کے لیے وجود مطلق کی اصطلاح وضع کی۔ چونکہ ان کے کلام کی ایک شق اس مفہوم میں درست ہے اس لیے اُن کو اچھی معلوم ہوئی اور دوسری شق سے جس سے نقصان لازم آتا ہے، غافل رہ گئے۔ چونکہ ان کا مقصد وحدانیت کا اثبات تھا، حق تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا ہوگا کیونکہ اہلِ قبلہ میں سے جس نے بھی کوئی اجتہاد کیا ہے اور حق کے کمال کے ظاہر کرنے میں اُس سے کوئی لغزش ہوگئی ہے تو میرے نزدیک وہ اہلِ نجات میں سے ہوگا کیونکہ اس کا مقصود کمال حق تھا''۔

حضرت سیّد اشرف جہانگیر کا یہ کہنا کہ شیخ علاء الدولہ سمنانی کا شیخ اکبر سے اختلاف محض لفظی ہے نہ کہ حقیقی، خود علاء الدولہ سمنانی کی تحریر سے ثابت ہے جو اُن کی کتاب ''العروۃ لاہل الجلوۃ و الخلوۃ'' میں موجود ہے۔ شیخ اکبر وجود حق کو وجود مطلق کہتے ہیں اور شیخ علاء الدولہ فعل حق کو وجود مطلق کہتے ہیں۔ دونوں شیوخ کے نزدیک وجود کی تین قسمیں ہیں۔ شیخ علاء الدولہ کے نزدیک وجود کی تین قسمیں اس طرح ہیں : وجود حق جو کہ ازلی اور سرمدی ہے اور اس صفت میں اس کا کوئی شریک نہیں، دوسرے وجود مقیّد یعنی مخلوق حق اور تیسرے وجود مطلق یعنی فعل حق — کاتب، مکتوب اور کتابت کی مثال میں کاتب اصل وجود ہے، مکتوب وجود مقیّد ہے جو کہ نتیجۂ فعل کاتب ہے اور کتابت وجود مطلق ہے جو کہ فعل کاتب ہے ١٤۔

حضرت سیّد اشرف جہانگیر یہ بھی فرماتے ہیں کہ شیخ علاء الدولہ ابتدائے حال میں شیخ اکبر کے سخت مخالف تھے لیکن بعد میں وہ شیخ اکبر کی بزرگی کے معترف ہوگئے تھے اور وجود مطلق کے بارے میں شیخ اکبر کے قول کو اجتہادی غلطی سے تعبیر کرتے تھے ١٥۔

کتاب چہل مجلس میں شیخ علاء الدولہ سے ابن عربی کے بارے میں سعد الدین حموی کا ایک قول نقل کیا گیا ہے کہ ھو بحر مواج لانہایت ١٦۔

شیخ علاء الدولہ سمنانی اگرچہ شیخ اکبر کے قول کی مکمل تائید نہ کرسکے لیکن وجود کے بارے میں انہوں نے جس نظریہ کا اظہار کیا ہے اس سے یہی پتہ چلتا ہے کہ وہ خود وحدت الوجود کے قائل تھے اور

اُنہیں ابن عربی کے استعمال کردہ صرف اصطلاحی لفظ سے اختلاف تھا۔ کتاب چہل مجلس میں خود اُن سے منقول ہے:

''از سید الطایفه روایت میکنند که لیس فی الوجود سوی الله . راست است بدو نوع یکی آنکه وجود بر سه نوع است، وجود حقیقی و وجود مطلق و وجود مقید، اگر ازین وجود حقیقی خواسته است راست است . وجود حقیقی جز حق واجب الوجود نیست و دیگر معنی آنکه هرچه نام وجود بروی توان نہاد یا ذات حق است یا صفاتِ حق که بذات قائم است یا افعال او که از صفات فعل صادر است یا آثار او که از افعال ظاہر شده و غیر ازین چیزی دیگر موجود نیست . پس چون وجود همه با اوست آن سخن راست باشد'' ١٧ .

ترجمہ: ''سیّد الطایفہ (جنید بغدادی) سے روایت کرتے ہیں کہ وجود میں اللہ کے سوا کچھ نہیں ہے یہ دو طرح سے درست ہے۔ ایک یہ کہ وجود کی تین قسمیں ہیں ایک وجود حقیقی دوسرے وجود مطلق اور تیسرے وجود مقیّد۔ اگر اس وجود سے مُراد حقیقی ہے تو درست ہے اور حقیقی سوائے واجب الوجود کے اور کوئی نہیں۔

دوسرے معنی یہ ہیں کہ ہر وہ شے جس پر وجود کا اطلاق کیا جاسکتا ہے وہ یا تو ذاتِ حق ہے یا صفات حق جو کہ ذات سے قائم ہیں، یا اس کے افعال جو صفات فعلی کے سبب صادر ہوتے ہیں یا اُس کے آثار جو صفات فعلی سے ظاہر ہوتے ہیں، اس کے علاوہ کوئی چیز موجود نہیں ہے۔ پس چونکہ وجود اُسی ایک ذات سے ہے اس لیے یہ بات درست ہے''۔

وجودی صوفیہ بھی یہی کہتے ہیں کہ اصل وجود یعنی وجود قائم بالذات ایک ہی ہے بقیہ موجودات صرف اسی کی صفات کا مظہر ہیں اور اُسی کے وجود سے موجود ہیں۔ اس لیے شیخ علاء الدولہ سمنانی اور ابن عربی میں اختلاف حقیقی نہیں صرف لفظی ہے۔ اوحد الدین کرمانی کے مندرجہ ذیل اشعار سے وحدت الوجود کا نظریہ بخوبی ظاہر ہوتا ہے:

چیزیکه وجود او بخود نیست
ہستیش نہادن از خرد نیست

ہستی که بحق قیام دارد
او نیست ولیک نام دارد

تا جنبش دست ہست مادام
سایه متحرک است ناکام

چون سایه زدست یافت مایه
بس نیست جدا زاصل سایه
هست است ولیک هستِ مطلق
نزدیک حکیم نیست جز حق
بر نقش خود است فتنه نقّاش
کس نیست درین میان تو خوش باش
خود گفت حقیقت و بشنید
و آن روی که خود نمود خود دید
پس آریقین که نیست والله
موجود حقیقی سوی الله

شیخ علاء الدولہ سمنانی کا زمانہ آٹھویں صدی ہجری کا ابتدائی دَور ہے ۔ اسی دَور میں ابن عربی کے دوسرے مخالف صوفی سیّد محمد گیسو دراز کا زمانہ آٹھویں صدی ہجری کا آخری اور نویں صدی ہجری کا ابتدائی دَور ہے ۔ حضرت گیسو دراز حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلی (م ۷۵۷ ھ) خلیفہ حضرت نظام الدین اولیاء (م ۷۲۵ ھ) کے خلیفۂ خاص ہیں ۔ ۴ رجب ۷۲۱ ھ کو دہلی میں پیدا ہوئے ۔ محلۂ تیمور کے قریب دہلی سے ہجرت کرکے گلبرگہ آگئے ۔ یہاں بہمنی سلطان فیروز شاہ نے آپ کا استقبال کیا اور آپ نے یہیں رُشد و ھدایت کا سلسلہ جاری کیا ۱۸ ۔ ۱٦ ذیقعد ۸۲۵ ھ کو گلبرگہ میں وفات پائی ۱۹ ۔ پچاس سے زائد کتابوں اور رسالوں کے مصنّف ہیں ۔ آپ کی تصانیف کے بارے میں حضرت سیّد اشرف جہانگیر فرماتے ہیں:

بغایت عالیشان که تصنیفات رایقه و تألیفات لایقه از آن حضرت سربر زده اند ...

ترجمہ: آپ سے نہایت عالیشان تصنیفات و تالیفات صادر ہوئی ہیں

حضرت گیسو دراز حضرت سیّد اشرف جہانگیر کے معاصر تھے ۔ حضرت جہانگیر نے حضرت گیسو دراز سے ملاقات بھی کی ۔ دونوں میں ابن عربی پر مباحثہ بھی ہوا ۔ لیکن حضرت گیسو دراز ابن عربی کی مخالفت میں اپنی رائے پر قائم رہے ۔ حضرت جہانگیر نے اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے لیکن بحث کی تفصیلات نہیں پیش کی ہیں ۔ چنانچہ لکھتے ہیں:

''سِیرَ اخیرالتصنیفات حضرت میراست که در وحدت وجود مطلق اندکی ایمایی به نسبت حضرت صاحب فصوص کرده اند، فقیر تغییر مزاج

کردہ بانواعِ دلائل عقلی و نقلی خاطر نشان حضرت میر نمودہ، فرجہ نیافت کہ در سیرَ آن اصلاح کردہ آید'' ۲۰۔

ترجمہ: ''سِیرَ (سیر النبی)(ص) آخری تصنیف حضرت میر (گیسو دراز) ہے کہ جس میں وحدت الوجود کے بارے میں صاحبِ فصوص کی طرف (معترضانہ) اشارہ کیا ہے۔ فقیر نے آپ کے نظریے میں تبدیلی کے لیے بہت سے عقلی و نقلی دلائل پیش کیے لیکن آپ نے قبول نہیں کیا اور اس کتاب میں اصلاح نہیں کی''۔

اس اختلاف کے باوجود حضرت سیّد اشرف جہانگیر حضرت گیسو دراز کے علوِ مرتبت کے قائل ہیں۔ چونکہ حضرت اشرف جہانگیر خود ایک معاصر جلیل القدر صوفی تھے اس لیے حضرت گیسو دراز کے بارے میں آپ کا بیان نہایت درجہ اہمیت رکھتا ہے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں:۔

''آنقدر حقایق و معارف کہ در خدمت وی بحصول پیوست از ہیچ مشائخ دیگر نبودہ، سبحان اللہ چہ جذبۂ قوی داشتہ اند''. ۲۱

ترجمہ: '' جس قدر حقائق و معارف آپ سے حاصل ہوئے دوسرے مشائخ سے نہیں حاصل ہوئے۔ سبحان اللہ کیا جذبۂ قوی رکھتے تھے''۔

حضرت گیسو دراز کی تحریروں کو دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ابن عربی سے اُن کا اختلاف بھی محض لفظی ہے اور یا اس سبب سے ہے کہ انہیں ابن عربی کی تحریر سے جو مفہوم ہوا وہ قابلِ قبول نہ تھا۔ حضرت گیسو دراز کی کتاب ''سیر النبی (ص)'' کا پتہ اب نہیں چلتا، لیکن وحدت الوجود کے متعلق انہوں نے اپنے مختلف رسالوں میں بحث کی ہے۔ ان مباحث سے صاف واضح ہوتا ہے کہ حضرت گیسو دراز بھی وحدت الوجود کے قائل ہیں اور وجود میں وہ تعیّنات اور فرق مراتب کے بھی قائل ہیں بقول جامی:

ہر مرتبہ در وجود حکمی دارد
گر فرق مراتب نکنی زندیقی

مندرجہ ذیل سطور میں یہ جائزہ لینا ہے کہ حضرت گیسو دراز نظریۂ وحدت الوجود کو کس طرح پیش کرتے ہیں اور انہوں نے ابن عربی سے کس طرح اختلاف کیا ہے۔

حضرت گیسو دراز کے نزدیک وجود صرف عشق کا ہے۔ اُن کے نزدیک عاشق، معشوق اور عشق تینوں ایک ہی ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہر شے اور تمام کائنات خدا کے نور سے مستنیر ہے۔ یہ نور لامحدود اور لامتناہی ہے۔ یہی نور ہے جو مختلف مراتب وجود میں پایا جاتا ہے

اسی کو خدا جل جلالہ، رسول (ص)، جبرئیل (ع)، میکائیل (ع)، اسرافیل (ع)، عزرائیل (ع)، بہشت، دوزخ، جن، انس، وحوش، طیور، کفر اور اسلام کہتے ہیں، اسی کو دین و دنیا اور کعبہ و بتخانہ کہتے ہیں - یہ بھی لکھتے ہیں کہ یہ نور حقیقت میں ریح ہے جس کو روح کہتے ہیں کہ روح ریح سے مرکب ہے جیسے پھول میں خوشبو اور دودھ میں مسکہ -

مندرجہ بالا مطالب ان کی کتاب ''وجود العاشقین'' کی مندرجہ ذیل عبارت سے ماخوذ ہیں:-

''بدانکه اے عزیز این نور حقیقةً ریح است که آنرا روح نامند که الارواح مرکب من الریح یعنی دم بقدم آمیخته و یکی شده و یکی گشته است چنانکه بوی گل در گل و مسکه در شیر

بنده باحق همچو شیر و روغن است آمیخته
این هم شیر است و روغن هم توئی لایبصرون

امّا حقیقةً دم است که آنرا روح خوانند و نور گویند کما قال الله تعالیٰ الله نُور السمٰوٰت و الارض، این ذره نور و روح را بعبارت و اشارت گفته شده است امّا بحقیقت نام و نشان ندارد، ذاتی است نامحدود و نامتناهی و بحری است بی پایان و بی کران و این ذات نور علی الدوام در تجلی خویش است .

چون این شنیدی و دریافتی اکنون با هوش بشنو و دریاب بدانکه اے عزیز همین دَم و قدم یعنی روح و ریح را خدا و رسول گویند، ظلمت و نور خوانند، دین و دنیا و کعبه و بتخانه گویند

مسجد و دیرتوئی کعبه و بتخانه یکی است
هو کجا گوش نهادم همه غوغای تو بود'' ۲۲

حضرت گیسو دراز وجود مطلق اور وجود مقیّد کے قائل نہیں ہیں کیونکہ اس سے بھی دوئی کی بو آتی ہے - وجود جب صرف عشق کا ہے تو کوئی تخصیص کوئی معنی نہیں رکھتی - مطلق و مقیّد جو کچھ بھی ہے انسان ہے - چونکہ انسان عام طور پر اپنے مقام سے بے خبر ہے اس لیے یہ دوئی ہے - لکھتے ہیں:-

'' اکنون ببین که تو عین بقائی بلکه عین عشقی و مطلقی و مقیّدی، مطلق جُز تو کسی نیست، فی الجمله توئی که خود را بخود گذاشتی، دوئی و جدائی نیست''. ۲۳

رسالہ ''وجود العاشقین'' میں عشق کے مراتب بیان کرتے ہیں - اس

میں بھی آخری مرتبہ وحدت کا ہے۔ اس میں اگرچہ وہ موجود مطلق کے الفاظ استعمال کرتے ہیں لیکن یہ کسی اصطلاحی معنی میں نہیں ہے:-

''عشق را پنج مرتبہ آوردہ اند اول شریعت یعنی شنیدن صفت جمال محبوب تاکہ شوق پیدا آید دوم طریقت یعنی طلب کردن محبوب و رفتن در راہ محبوب سوم حقیقت یعنی حضور بودن دائم در حسن محبوب چہارم معرفت یعنی محو کردن مُراد خود را در مُراد محبوب پنجم وحدت یعنی وجود فانی خود را شکستن ہم در ظاہر و ہم در باطن، موجود مطلق داشتن همین محبوب را''. ٢٣

شرح رسالہ غوثیہ مسمیٰ بہ ''جوہر العشاق'' میں بھی جگہ جگہ حضرت گیسو دراز نے وحدت الوجود پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ وحدت الوجود کے سلسلہ میں حضرت گیسو دراز کے ان بیانات کو بھی نظر میں رکھنا ضروری ہے۔ لکھتے ہیں:-

آگاہ باش کہ ما فی الوجود الااللہ و لیس فی الدارین غیر اللہ ٢٥

ترجمہ: آگاہ ہوجاؤ کہ وجود میں اللہ کے سوا کوئی نہیں ہے اور دارین میں اللہ کا غیر کوئی نہیں ہے۔

تاکہ با خویشی عدد بینی همہ
چون شوی فانی احد بینی همہ
در ہر چہ بدیدیم ندیدیم بجز دوست
معلوم چنین شد کہ دگر نیست همہ اوست ٢٦

اسی کتاب میں دوسری جگہ لکھتے ہیں:-

کان اللہ ولم یکن لہ معہ شیٌ و هوالآن کما کان و هو لا یتغیّر بذاتہ ولا بصفاتہ ولا فی افعالہ ولا فی اسمائہ بحدوث الاکوان فلایکون مع اللہ غیر اللہ

این جہان صورت است و معنی اوست
ور بمعنی نظر کنی همہ اوست ٢٧

مندرجہ بالا عربی عبارت کی شرح میں پھر لکھتے ہیں:-

''میدانی کہ چہ میگویم ؟ کہ او بود، نبود شے با او، و همچنانست او درین حال همچو او بود، او را تغییر در ذات و نہ در صفات و نہ در افعال و نہ در اسماء بہ پیدا کردن اکوان، پس نباشد با او غیر او ... خدا ظاہر بجہان است و جہان قائم بخدای''

می نمائــی حســن خود در ہر رخــی نوعی دگــر
چونکــه در معــنی ببینم واحــد و یکســان توئی
توئی صورت توئی معنی که ہم مسجــد و ہم دیری
توئی در دل توئی در تن که ہم عشقی و ہم جانی ۲۸

ترجمہ: ''تم جانتے ہو کہ میں کیا کہتا ہوں ؟ کہ وہ تھا اور اس کے ساتھ کچھ نہ تھا، وہ اسی طرح ہے جیسے کہ تھا اور کائنات کو پیدا کرنے میں اس کی ذات یا صفات یا افعال یا اسماء میں کوئی تغیّر نہ ہوا، پس اس کے ساتھ اس کا غیر کوئی نہیں ہے ... خدا کائنات سے ظاہر ہے اور کائنات خدا سے قائم ہے''۔

اس اتحاد اور یکسانی کے باوجود حضرت گیسو دراز ''من'' و ''تو'' میں فرق کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بندہ کے لیے یہ کہنا جائز نہیں کہ ''من توام و تومنی'' کیونکہ یہ خاصۂ خدای تعالیٰ ہے۔ عاشق و معشوق ہر چند اوصاف سے متحد ہوں لیکن اُن میں دو فرق قائم ہے وہ یہ کہ خدا کی صفت ربوبیت و صفت الوہیت سے بندہ خالی ہے۔ صفت ربوبیت سے مُراد یہاں صفت وجوب الوجود ہے اور الوہیت سے مُراد صفتِ قدم ہے جیسا کہ حضرت گیسو دراز اس کے بعد ہی لکھتے ہیں کہ ''وجودُنا منه و قیامُنا به'' یعنی ہمارا وجود اُسی سے ہے اور ہمارا قیام اُسی سے ہے۔ اگر بندہ ''من تو شدم'' کہتا ہے تو یہ اُسی وقت درست ہے کہ اُس پر حال کی کیفیت طاری ہو جس کا مطلب یہ ہوگا کہ اُسے خود اپنی ہی خبر نہ ہو۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو:۔

''فمن امن به قبل ورود الحال و من رد حال اتحاده فقد کفر، یعنی کسی که امن گرفت پیش از پیدا شدن حال پس تحقیق کفر کرد یعنی امن گرفتن از آن اتحاد پیش از آنکه پیدا شود حال فقد کفر یعنی تا مادام که معشــوق عاشق را همرنگ خود درکنار نگیرد و خود را انا و انت نفرماید اگر عاشق خود را اتحاد داند فقد کفر زیرا که لا تامن من مکری همبرین اشارت است، ترا گفتن نشاید که من تو ام و تو منی این خاصۂ اوست تعالیٰ زیرا که عاشق هر چند که بمعشوق متصف باوصاف شود لیکن از دو صفت خالی باشد، ازو کہتر ہم ... صفت ربانیه و صفت الوهیت وجودنا منه و قیامنا به، عاشق هرگز معشوق نشود بعینه، ای دوست این مقام تلوین است که عاشق رنگ معشوق میگیرد نه همین معشــوق میشود، اگر میشود معشوق در عاشق خود ظاهر میشود در آنوقت عاشق نماند ... ولیکن مولیٰ مولیٰ ست و بنده بنده . ۲۹

''جواہر العشاق'' صاحب حال صوفیہ کے لیے ہے ۔ اس کی بہت سی عبارتیں دوسروں کے لیےَ ناقابلِ فہم ہیں ہم نے بھی ہر اشکال فقروں اور جملوں کو حذف کردیا ہے ۔

مذکورہ بالا بیان سے ظاہر ہے کہ حضرت گیسو دراز وجود میں تعیّنات کے قائل ہیں اور مولیٰ اور بندہ میں فرق کرتے ہیں ۔ ''جواہر العشاق'' میں ایک جگہ انہوں نے ہمہ اوست کے بجائے ہمہ ازوست کا بھی اقرار کیا ہے لیکن اس سے بھی اُن کی مُراد وجود میں تعیّنات ہیں ۔ لکھتے ہیں:۔

ہر نام کہ بجز نام خدای است غیر است، اگرچہ ازوست و لیکن نہ اوست'' . ٣٠

وحدت الوجود کے ماننے میں سب سے بڑی دشواری یہ پیش آتی ہے کہ ثواب و عقاب کے مسئلہ کو کس طرح بیان کیا جائے ۔ اس مسئلہ پر مختلف صوفیہ نے مختلف طریقوں سے بحثیں کی ہیں حضرت گیسو دراز بھی اس کے قائل ہیں کہ بندہ اپنے افعال کا خالق نہیں ہے ۔ مولانا روم نے خلقِ فعل اور کسبِ فعل پر تفصیلی بحث کی ہے ٣١ ۔ لیکن حضرت گیسو دراز نے کلامیَ طرز نہیں اختیار کیا ہے ۔ اس مسئلہ کا تعلق جبر و اختیار سے ہے جو کہ بڑا نازک مسئلہ ہے ۔ حضرت گیسو دراز کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں جو دوزخی تھا اس کے لیے دوزخیوں کے افعال پیدا کردیے اور جو جنتی تھا اس کے لیے جنتیوں کے افعال ۔ ایک جگہ لکھتے ہیں:۔

''اھل سنت و جماعت رضوان اللہ علیہم اجمعین می فرمایند کہ ھو تعالیٰ خالق الافعال العباد کما ھو خالق اعیانھم . اینجا گویند افعال عباد را خود آفرید، ثواب و عتاب آن چہ معنی دارد ؟ محققان گویند ہر کہ او را برای دوزخ آفریدہ است در مظہر و افعال دوزخیان آفریند کذالک آنرا کہ برای بہشت آفرید است''. ٣٢

اگرچہ حضرت گیسو دراز نے خلق فعل اور کسب فعل پر کوئی بحث نہیں کی ہے لیکن یہ کہنا کہ خدا نَے معلوم کے مطَابق ہی فعل کی تخلیق کی اور یہ معلوم وہ ہے جسے بندے کا کسب فعل کہتے ہیں یعنی بندہ کا کسب فعل خدا کے علم میں ہے اور اس کےَ مطابق اس نے خلقَ فعل کیا اور یہ چیز اہلِ سنّت کے عقائد میں ہے ۔ حضرت گیسو درازَ کے فرزند سیّد اکبر حسینی (م ٨١٢ ھ) نے اس مسئلہ کی وضاحت تفصیل سے کی ہے جو اُن کی کتاب العقاید میں موجود ہے ۔ اس کتاب

کا علم خود حضرت گیسو دراز کو تھا اور وہ اپنے بیٹے کی علمی اور روحانی فضیلت کے بھی معترف تھے (سیر محمدی)، اس لیے یہ باور کرنا چاہیے کہ اس کتاب میں مذکور عقاید حضرت گیسو دارز کے عقاید ہیں ۳۳۔ اس میں خلقِ فعل پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''پس فعل عبد تحت قدرت باری آمد خلقاً و تحت قدرت عبد آمد کسباً''. ۳۴

اس سے معلوم ھوا کہ اکتسابِ فعل میں بندہ کو مختار بنایا گیا ہے اور قدرتِ اکتسابِ فعل کے سببَ اُسے شریعت کا مکلّف قرار دیا گیا ہے۔

حضرت گیسو دراز کا یہ قول نقل کیا جاچکا ہے کہ بندہ پر توحید کا رنگ خواہ کتنا ہی غالب آجائے وہ صفت وجوب و صفت قِدم (ربوبیت و الوھیت) سے خالی رھتا ہے اور بندہ بندہ رہتا ہے، خدا خدا، دوسرے یہ کہ خدا اگرچہ خالق فعل ہے لیکن اکتساب فعل میں بندہ کو مختار بنایا ہے اس لیے بندہ اپنے اختیار سے نیکی یا بَدی کسب کرتا ہے اور مورد ثواب و عقاب ھوتا ہے۔

لیکن آخرکار حضرت گیسو دراز بھی اقرار کرتے ہیں کہ خدا کی ذات و صفاتَ کے کامل ادراک سے مخلوق عاجز ہے اور شیخ فرید الدین عطار کے یہ اشعار تائید میں نقل کرتے ہیں:۔

سبحان خالقی کہ صفاتش زکبریا
در عجز خاک میفگند عقل انبیاء
گر صد ھزار قرن ھمہ خلق کائنات
فکرت کنند در صفت عزت خدا
آخر بعجز معترف آیند کای الٰہ
دانستہ شد کہ ھیچ ندانستہ ایم ما

یہاں یہ بیان کردینا بھی مناسب ہے کہ جب بندہ اور خدا میں کامل اتحاد ناممکن ہے تو سلوک میں وصل سے کیا مُراد ہے اور انا الحق یا سبحانی ما اعظم شانی کا کیا مفہوم ہے ؟ حضرت گیسو دراز اس کا جواب اس طرح دیتے ہیں:

''وصول عبارت از شعوری خاصی است، یقین گردد تونۂ اوست''. ۳۵

یعنی وصول ایک طرح کا خاص شعور ہے جس میں سالک کو یہ

یقین حاصل ہوتا ہے کہ اس کا وجود کچھ نہیں ہے بلکہ درحقیقت وجود صرف خدا کا ہے بالفاظِ دیگر اُسے اپنی ذات کا شعور باقی نہیں رہتا اس کو تمثیل کے طور پر کہتے ہیں کہ قطرہ دریا میں مل گیا حالانکہ درحقیقت قطرہ دریا میں نہیں ملتا بلکہ قطرہ، قطرہ رہتا ہے اور دریا دریا، البتہ قطرہ کو اپنے وجود کا احساس نہیں رہتا۔

پھر لکھتے ہیں کہ ''واصل آن بود کہ تصور فصل شود'' ۳۶

واصل اُسے کہتے ہیں کہ اگر سالک کو اپنے وصل کا تصوّر ہوجائے تو یہ وصل نہ ہوگا بلکہ فصل ہوگا یعنی وصل کی حالت میں اُسے وصل کا تصوّر بھی نہ ہونا چاہیے ۔ اسی لیے حضرتِ گیسو دراز منصور کے انا الحق اور بایزید کے سبحانی ما اعظم شانی کو ان کی کم نظری کا سبب بتاتے ہیں یعنی یہ لوگ سلوک کی بلند تر منزل تک نہ پہنچ سکے ہرچند کہ یہ لوگ فیض الٰہی سے محروم نہیں ہیں ۔ ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

''منصور انا الحق گفت و بایزید سبحانی، ہرچند این انا الحق حق نیست و سبحانی از جہان انسانی است و لکن از آن شمس و قمر و از آن شمع انور پرتوی بروی تافتہ است''. ۳۷

حضرت گیسو دراز کے ان بیانات سے یہ بخوبی واضح ہے کہ وہ بھی صرف ایک وجود کے قائل ہیں ۔ اس وجود کو وہ عشق کے نام سے تعبیر کرتے ہیں ۔ وجود میں وحدت کے باوجود وہ عبد اور معبود میں فرق کرتے ہیں اور وجود میں تعیّنات کے قائل ہیں اور ثواب و عقاب کو بھی ثابت کرتے ہیں ۳۸۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اُنہیں ابن عربی سے مخالفت کس طرح ہے یہ اختلاف ''حدایق الانس'' کی مندرجہ ذیل عبارت سے ظاہر ہے:۔

''شخصی باشد کہ او را کشوفات تجلیات متوالی است ساعتی از آن فرصت نیست تا آنکہ او بداند و رای این چیزی دیگر نیست تا آنکہ قائل بمطلق و مقیّد شود و با جمال و تفصیل گراید و جزئی و کلّی گوید او بمثال کلی طبیعی است، او را در خارج وجودی نیست، او در ضمن جزئیات موجود است چنانچہ محی الدین ابن عربی و قاضی عین القضاۃ و حکمای یونان و آنکہ متابعان ایشان اند'' ۳۹.

ترجمہ: ''ایک شخص ایسا ہے کہ اُس پر پے در پے تجلیات کا کشف ہورہا ہے، ایک لمحہ کے لیے اُسے فرصت نہیں ہے، یہاں تک کہ اُسے ایسا

شعور ہوتا ہے کہ اس کے ماوراء کوئی اور وجود نہیں ہے اور پھر وہ مطلق و مقیّد کا قائل ہوجاتا ہے اور اجمال، تفصیل، جزئی و کلّی کی باتیں کرتا ہے ۔ وہ کلی طبیعی کی طرح ہے، خارج میں اس کا کوئی وجود نہیں ہے، وہ جزئیات کے ضمن میں موجود ہے مثلاً ابن عربی، قاضی عین القضاۃ اور حکمائے یونان اور ان کے اتباع''۔

اس بیان میں ابن عربی اور حکمائے یونان کو ایک ہی سلسلہ میں ملا دیا ہے لیکن کم از کم اس بیان سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ حضرت گیسو دراز ابن عربی کے صاحبِ کشف ہونے کے قائل ہیں البتہ ان کے نزدیک اس کشف کی توجیہ میں انہوں نے حکمائے یونان کی پیروی کی ہے ۔ یہاں ابن عربی سے اختلاف کی نوعیت ظاہر ہوجاتی ہے یعنی یہ کہنا کہ خارج میں (موجودات کے ماوراء) کوئی وجود نہیں ہے درست نہیں ہے، دوسرے یہ کہ وجود کے لیے مقیّد و مطلق کی شرط لگانا بھی درست نہیں ہے ۔ اس کی وجہ پچھلے صفحات میں گذر چکی ہے یعنی وجود جب صرف عشق کا ہے تو اس میں مقیّد و مطلق یا خارج و باطن کی شرط لگانا درست نہیں ہے ۔

اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ حضرت گیسو دراز کو ابن عربی کے بیان سے جو مفہوم ہوا وہ یہ ہے کہ ابن عربی نے ذات مطلق کو مقیّد کردیا ہے ۔ اس کے علاوہ وہ مطلق کی اصطلاح کے بھی قائل نہیں ہیں ۔ اُن کے نزدیک جس کو مقیّد کہتے ہیں وہی مطلق ہے چنانچہ پچھلے صفحات میں گذرا کہ انہوں نے خود انسان ہی کو مطلق و مقیّد کہا ہے ۔ اسی لیے وہ ابن عربی پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ ابن عربی کے نزدیک وجود مقیّد کے ماوراء کوئی وجود نہیں ہے گویا ابن عربی نے ذات مطلق کو مقیّد کردیا ہے ۔ اس کا اظہار دوسری تحریروں میں بھی کیا ہے ۔ ''استقامت الشریعت'' میں لکھتے ہیں:-

''چون این دانستی محی الدین و اتباع او و محققان دیگر که یک وجود گفتند متمثل بدین همه وجودات است، این جهان و آن جهان، با همه نعیم و اسباب ... یک وجود است و ورای آن وجودی نه . امّا محمد حسینی که مستنیر از نور مرتضوی و مستضی از ضیای مصطفوی است می گوید باین همه وجود است که آری فیض اوست تعالیٰ بهمه صور و اشکال خود بجنب آن وجود و بحساب آن ذات بصد هزار مرتبه کمتر از شبنمی بمقابل دریای محیط و هفت دریای قلزم باشد ... ''. [۴۰]

ترجمہ: ''جب تم نے یہ جان لیا کہ محی الدین ابن عربی اور ان کے

اتباع اور دوسرے محقّقین نے ایک وجود کہا جوکہ ان تمام موجودات میں متمثل ہے، یہ دنیا اور وہ دنیا اپنے تمام اسباب کے ساتھ صرف ایک وجود ہے اور اس کے خارج میں کوئی وجود نہیں ہے تو اب جان لو کہ محمد حسینی جو نور مرتضوی سے مستنیر اور ضیائے مصطفوی سے مستضی ہے کہتا ہے کہ ان تمام موجودات کے علاوہ وجود ہے اور یہ موجودات اُس ذات کے مقابل ایسی ہیں جیسے سمندر کے سامنے شبنم کا ایک قطرہ بلکہ اس سے بھی کم ... ''۔

اسی کتاب میں لکھتے ہیں:

''این محرومان از چه وہم گویند و رای این موجودات وجودی نیست''. ۴۱

ترجمہ: ''یہ محرومان کس وہم کی بناء پر کہتے ہیں کہ ان موجودات کے خارج میں کوئی وجود نہیں ہے''۔

جیسا کہ کہا جاچکا ہے حضرت گیسو دراز نے ابن عربی کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے اس کا سبب صرف یہ ہے کہ ابن عربی کی اصطلاح وجود مطلق اور وجود مقیّد سے جو اُنہیں مفہوم ہوا ہے اس کی بنا پر لکھا ہے، اور یہ ظاہر ہے کہ ابن عربی نے ذات مطلق کو مقیّد ہرگز نہیں کہا ہے۔ اس سے واضح ہے کہ دونوں کا اختلاف حقیقی نہیں ہے اور حضرت گیسو دراز بھی وحدت الوجود ہی کے قائل ہیں۔

ابن عربی نے جس روحانی تجربہ کو بیان کرنے کے لیے اعیان ثابتہ اور مطلق و مقیّد وغیرہ اصطلاحات کا سہارا لیا ہے تاکہ ایک ناقابلِ بیان شے کو نظری طور پر لفظوں کا پیراہن عطا کرسکیں، حضرت گیسو دراز اپنے جذبۂ عشق سے حاصل کردہ اس ناقابلِ بیان روحانی تجربہ کو عشق سے تعبیر کرکے مسئلہ کو ختم کردیتے ہیں لیکن دونوں ایک ہی وجود کے قائل ہیں۔

اس حقیقت کا اظہار سب سے پہلے حضرت سیّد اشرف جہانگیر کرچکے تھے کہ شیخ علاء الدولہ سمنانی اور ابن عربی میں اختلاف حقیقی نہ تھا جسیا کہ پچھلے صفحات میں گذرا۔ حضرت گیسو دراز کے بارے میں بھی یہ خیال پایا جاتا ہے کہ وہ وحدت الوجود کے قائل تھے۔ موجودہ دَور میں ڈاکٹر میر ولی الدین نے اپنی کتاب ''خواجہ بندہ نواز کا تصوف و سلوک'' میں اپنے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ حضرت گیسو دراز وحدت الوجود کے قائل تھے لیکن حضرت گیسو دراز کی مخالفت بھی بڑی شدّت سے ہوئی ہے چنانچہ عبدالقادر فخری

مہربان ۴۲ نے اپنی کتاب ''اصل الاصول'' میں حضرت گیسو دراز پر ان کی ابن عربی سے مخالفت کے سبب شدید نکتہ چینی کی ہے اور اب بھی یہ ممکن ہے کہ یہ خیال پایا جاتا ہو کہ شیخ علاء الدولہ سمنانی اور حضرت گیسو دراز وحدت الوجود کے منکر تھے کیونکہ انہوں نے ابن عربی کی مخالفت کی ہے لیکن اس بحث سے یہ بات بخوبی واضح ہوجاتی ہے کہ ان دونوں بزرگوں کو اصل نظریۂ وحدت الوجود سے اختلاف نہ تھا بلکہ ان کا اختلاف محض لفظی تھا۔ اس بحث سے ایک نہایت اہم نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ صوفیہ کے یہاں کشف وجدان میں حقیقی توافق پایا جاتا ہے البتہ ایک ہی حقیقت کی توجیہات پیش کرنے میں بیان میں اختلاف پایا جانا ممکن ہے لیکن اس ظاہری اختلاف سے صوفیہ کے روحانی تجربات میں عدم توافق پر استدلال نہیں کیا جاسکتا۔ اس بحث سے ابن عربی کے تجربہ کی صداقت کی بھی مزید توثیق ہوتی ہے۔

حواشی و توضیحات

۱۔ لطایف اشرفی: اس کا اصل نام اللطایف الاشرفیہ فی بیان طوایف الصوفیہ ہے لیکن لطایف اشرفی کے نام سے معروف ہے۔ سیّد اشرف جہانگیر سمنانی کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جسے ان کے مُرید و خلیفہ نظام غریب یمنی نے جمع کیا تھا۔ یہ مسائل تصوف پر ایک ضخیم کتاب ہے اسکے علاوہ ہندوستان کے تاریخی، تمدّنی اور ادبی معلومات کا بھی ایک دلچسپ مأخذ ہے۔ یہ کتاب دو بار چھپ چکی ہے۔ پہلی بار سنہ ۱۲۹۵ ھ میں مطبع نصرت المطابع دہلی سے ایک مجلّد میں شائع ہوئی اور دوسری بار سنہ ۱۲۹۸ ھ میں دو مجلّد میں اسی مطبع سے شائع ہوئی۔ یہ کتاب تصوف کی بہت سی کتابوں کا مأخذ رہی ہے اور کتاب نفحات الانس مؤلفہ جامی کا بھی ایک اہم مأخذ ہے۔ (دیکھیے مقدمۂ لطایف اشرفی)۔

۲۔ لطایف اشرفی کے مقدمہ بعنوان ''در بیان فوائد علم و مطالعۂ کتب صوفیہ و استماع کلمات مشائخ و شرایط و آداب استماع آن'' میں نظام غریب یمنی ایک جگہ لکھتے ہیں:۔

''حضرت قدوة الکبریٰ تقریباً میفرمودند که در بخارا علماء ظاہر و فضلاء باہر بجہت سوختن فصوص فتویٰ نوشتہ بودند، نزدیک بود که امروز یا فردا بسوزند. همدرین روزہا دانشمندی فاضل و عالم عامل که بلباس فصاحت آراستہ و کیاس بلاغت پیراستہ و فنون علو ورزیدہ و قانون رسوم سنجیدہ بود آمدہ چنانچه ہر یک از علمای بخارا و فضلای شہر باستقبال او در آمدند و به تعظیم تمام در شہر آوردند، قضیۂ استفتاء بایشان عرض نمودند. فرمودند که من این کتاب را ندیدہ ام و چیزی را که ندیدہ باشم و بمعانی او نرسیدہ چگونه در سوختن او حکم کنم . کتاب از جایی تردّد کردہ بایشان نمودند. چند روز بتفکّر شافی و تدقّق صافی در مطالعه در آوردند، علما شہر باز باعث شدند و اجازت سوختن فصوص خواستند. فرمودند معانی را که در ضمیر خود تصویر میکنم، در سمیر تدویر بآن نمی رسد که ویرا بسوزند و حقایقی که در فکر من نمی رسد چگونه فرمایم که بسوزند''.

۳۔ صائن الدین علی بن محمد تُرکہ اصفہان میں نیمہ دوم قرن ہشتم ہجری میں ایک علمی گھرانے میں پیدا ہوئے اور وہیں سنہ ۸۳۵ ھ یا ۸۳۶ ھ میں وفات پائی۔ تقریباً ساٹھ کتابوں اور

رسائل کے مصنّف ہیں ۔ مسئلۂ وحدت الوجود پر ان کی اہم کتاب ''تمہید القواعد'' ہے جو عربی زبان میں ہے سیّد جلال الدین آشتیانی نے اس پر ایک فاضلانہ مقدمہ لکھا اور سنہ ۱۳۹۶ ھ میں انجمن فلسفۂ ایران نے کتاب کو مع مقدمہ شائع کیا۔ سیّد حسین نصر نے اس کتاب کے پیشگفتار میں صائن الدین تُرکہ کے حالات پر کئی کتابوں اور رسائل کا ذکر کیا ہے۔

۴ ۔ مخدوم علی مہائمی کا نام علاء الدین علی بن احمد ہے ۔ کنیت ابو الحسن، لقب زین الدین، فقیہ اور مخدوم ہے۔ آباء و اجداد حجاج بن یوسف کے مظالم سے تنگ آکر عرب سے تقریباً سنہ ۲۵۲ ھ میں ہندوستان آگئے اور ماہم میں مقیم ہوگئے ۔ علی فقیہ کی ولادت بھی یہیں ہوئی ۔ تحصیل علوم کے بعد ماہم کے قاضی مقرّر ہوگئے ۔ یہاں درس و تدریس، تصنیف و تألیف اور رُشد و ہدایت کا سلسلہ بھی جاری کیا۔ متعدّد کتابوں کے مصنّف ہیں ۔ تفسیر قرآن آپ کا عظیم الشّان علمی شاہکار ہے ۔ تصوف اور وحدت الوجود پر آپ کی متعدّد کتابیں اور رسالے ہیں ۔ فصوص الحکم کی شرح بھی لکھی ۔ سنہ ۸۳۵ ھ میں وفات پائی اور ماہم کے قبرستان میں سپردخاک ہوئے ۔ (کتاب مخدوم علی مہائمی حیات، افکار، آثار).

۵ ۔ سیّد اشرف جہانگیر سمنانی سنہ ۷۰۹ ھ کے حدود میں سمنان میں ایک شاہی گھرانے میں پیدا ہوئے ۔ جہانگیر آپ کا لقب ہے جو آپ کے مُرشد نے آپ کو دیا تھا۔ فرمانروائی کے ساتھ آپ تصوف و سلوک میں بھی مشغول رہے ۔ پچیس سال کی عمر میں ترکِ سلطنت کرکے باشارۂ غیبی ہندوستان آئے اور بنگال میں شیخ علاء الدین خالدی پنڈوی (متوفی ۸۰۰ ھ) کے مُرید ہوگئے اور ریاضت و مجاہدہ کے بعد خلافت پائی ۔ شیخ کے حکم سے کچھو چھہ شریف کو اپنا مرکزی مقام بنایا جو اُس وقت جونپور میں تھا۔ خوشگو شاعر تھے اور متعدّد کتابوں کے مصنّف ۔ (تفصیل کے لیے دیکھیے حیات سیّد اشرف جہانگیر سمنانی).

۶ ۔ آٹھویں صدی ہجری میں ابن عربی کے موافقین میں اور بھی بہت سے صوفیہ تھے مثلاً سیّد شرف الدین دہلوی (م ۶۹۵ ھ)، شیخ شمس الدین دہلوی (م ۶۹۷ ھ)، شیخ موید الدین جندی شاگرد شیخ صدر الدین قونیوی، ابن الزمکانی کمال الدین انصاری (م ۷۲۴ ھ)، سیّد علی ہمدانی (م ۷۸۶ ھ)، شیخ داؤد قیصری (م ۷۵۱ ھ) وغیرہ ۔ لیکن ابن عربی کے مخالفین صوفیہ میں ہمیں یہ دو اہم ترین نام معلوم ہوتے ہیں جن کی تحریریں بھی ہمارے سامنے ہیں یعنی شیخ علاء الدولہ سمنانی اور سیّد محمد گیسو دراز ۔

۷ ۔ العروہ لاھل الجلوہ و الخلوہ کا ایک قلمی نسخہ علیگڑھ یونیورسٹی کی مولانا ابو الکلام آزاد لائبریری میں ہے، دوسرا نسخہ دیوان صاحب باغ مدراس میں ہے اور تیسرے نسخے کی اطلاع آقای عبدالرفیع حقیقت نے کتاب چہل مجلس کے مقدمہ میں دی ہے ۔ [۱۳۰۴ ھ میں یہ کتاب باہتمام نجیب مایل ہروی تہران سے شائع ہوگئی ہے ۔ دانش].

۸ ۔ العروہ کے علاوہ شیخ علاء الدولہ سمنانی کے حالات میں آقای سیّد مظفر صدر نے ایک کتاب تہران سے شائع کی ہے ۔ اس کے علاوہ آقای عبدالرفیع حقیقت نے چہل مجلس کے مقدمہ میں کچھ حالات قلمبند کیے ہیں ۔ راقم کے پیش نظر یہ دونوں کتابیں ہیں ۔ [نجیب مایل ہروی کئی سالوں سے شیخ سمنانی کے احوال و آثار و افکار پر کام کر رہے ہیں ۔ ''العروہ ... '' کے مقدمہ میں انہوں نے اپنے تأمّلات کا خلاصہ پیش کیا ہے ۔ دانش].

۹ ۔ حیات سیّد اشرف جہانگیر ص ۱۱۷ .

۱۰ ۔ لطایف اشرفی لطیفہ ۲۷ . [نیز دیکھیے: نفحات الانس از جامی طبع توحیدی پور تہران ص ۹۱ ۔ ۴۸۳ دانش] .

۱۱ ۔ لطایف اشرفی لطیفۂ ۲۷ .

۱۲ ۔ معراج اول اور معراج دوم کا بیان چہل مجلس ص ۱۳۷ میں موجود ہے ۔ لطایف اشرفی اور چہل مجلس کی عبارت تقریباً یکساں ہے ۔ لطایف اشرفی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت سیّد اشرف جہانگیر علاء الدولہ کی مجلس میں موجود تھے ۔

معراج اول و معراج دوم:۔ یہاں معراج سے مُراد غالباً سالک کے سلوک کی انتہا ہے ۔ ایک انتہا

وہ ہے جس میں سالک محسوس کرتا ہے کہ سوائے خدا کے وجود کے اور کوئی چیز موجود نہیں ہے ۔ گویا یہ وہ صورت ہوئی جبکہ کوئی وجود نہ تھا سوائے خدا کے ۔ (کان اللہ ولم یکن معہ شئٌ) سالک کی دوسری انتہا یہ ہے کہ وہ یہ محسوس کرے کہ ممکن کے موجود ہونے سے واجب الوجود میں کوئی تغیّر نہیں ہوا یعنی وہی ہر شے میں ہے اور ممکن محض ظاہری نمود ہے ۔ یہ وہ صورت ہوئی جس کو الآن کما کان کہا ہے ۔ یہ نہایت دقیق مسئلہ ہے جیسا کہ شیخ علاء الدولہ سمنانی نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے ۔ یہ توجیہ راقم نے اپنی طرف سے کی ہے ۔ شیخ علاء الدولہ سمنانی کی واقعی کیا مُراد ہے اس بارے میں کوئی وضاحت نہ مل سکی ۔

۱۳ ۔ لطایف اشرفی لطیفہ ۲۷.

۱۴ ۔ العروہ (خطّی) ورق ۲۴.

۱۵ ۔ لطایف اشرفی ج ۲، ص ۱۴۰.

۱۶ ۔ چہل مجلس ص ۱۲۰.

۱۷ ۔ چہل مجلس ص ۱۳۵.

۱۸ ۔ فیروز شاہ بہمنی اور احمد شاہ بہمنی کے ساتھ حضرت گیسو دراز کے تعلقات پر دیکھیے کتاب: دکن کے بہمنی سلاطین ص ۱۲۱، ۱۲۲، ۱۳۰.

۱۹ ۔ سیر محمدی.

۲۰ ۔ مکتوبات اشرفی مکتوب ۳۲.

۲۱ ۔ لطایف اشرفی لطیفہ ۱۵.

۲۲ ۔ وجود العاشقین.

۲۳ ۔ ایضاً.

۲۴ ۔ ایضاً.

۲۶/۲۵ ۔ جواہر العشاق ص ۷.

۲۷ ۔ جواہر العشاق ص ۲۹.

۲۹/۲۸ ۔ ایضاً ص ۳۰.

۳۰ ۔ جواہر العشاق ص ٦.

۳۱ ۔ مولانا روم کے نظریۂ کسب فعل اور خلق فعل کو مولانا محمد عبدالسلام خاں نے اپنی کتاب افکار مولانا روم میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے ۔

۳۲ ۔ رسالہ مسئلہ رویت باری و کرامت اولیاء.

۳۳ ۔ ''کتاب العقاید'' کے مقدمہ میں مرتّب سیّد عطا حسین لکھتے ہیں:

''تذکرہ نویسوں نے لکھا ہے کہ حضرت خواجہ بندہ نواز قدس سرہ نے عقاید اھل سنّت میں ایک رسالہ خود تصنیف کرنا چاہا تھا مگر جب اُنہیں معلوم ہوا کہ اُن کے فرزند اکبر نے عقاید میں ایک رسالہ لکھنا شروع کردیا ہے تو خود اپنے ارادے کو ترک کردیا اور فرمایا کہ محمد اکبر حسینی کی کتاب کافی ہوگی چنانچہ جب یہ کتاب تکمیل کے بعد حضرت بندہ نواز کے نظر مبارک میں پیش کی گئی تو شرفِ قبول سے ممتاز ہوئی'' ۔

۳۴ ۔ رسالہ عقاید ص ۳۴.

۳۶/۳۵ ۔ استقامت الشریعت بطریق الحقیقت ص ٦.

۳۷ ۔ مکتوب دوم بجانب مولانا محمد معلم.

۳۸ ۔ حضرت سیّد محمد گیسو دراز نے وجود، رویت باری اور ثواب و عقاب جیسے نازک مسائل پر لکھا ہے ۔ ان مسائل پر اُن کی تحریروں میں دو مختلف انداز بیان ملتے ہیں ۔ ایک انداز تحریر وہ ہے جس پر حالی کیفیت چھائی ہوئی ہے اور بیان غامض ہے یا جس میں انداز بیان تمثیلی اور استعاراتی ہے یا وہ طریقہ اختیار کیا ہے جو بالعموم شعراء اختیار کرتے ہیں ۔ یہاں جو معنی ہے اگر وہی مُراد بھی لی جائے تو اس سے شرعی الزام عاید ہوتا ہے اور بیان بظاہر اسلامی عقیدے کے خلاف نظر آتا ہے مثلاً قطرہ دریا میں مل گیا یا خدا و رسول، کفر و اسلام اور کعبہ و بتخانہ کو ایک ہی

قرار دینا درست نہیں ہوسکتا اور نہ یہ صوفیہ کا عقیدہ ہے۔ لیکن دوسرے انداز بیان میں حضرت گیسو دراز نے وہ طریقہ اختیار کیا ہے جس میں جو معنی ہے وہی مُراد بھی ہے اور اس کو ماننے میں کوئی شرعی قباحت لازم نہیں آتی۔ یہ بیان واضح ہے۔ مثلاً بندہ کتنا ہی روحانی ترقی کرجائے وہ بندہ ہی رہتا ہے اور خدا خدا ہے۔ وصل سے مُراد حلول و اتحاد نہیں ہے بلکہ یہ ایک قسم کا روحانی شعور ہے وغیرہ وغیرہ جیسا کہ پچھلے اوراق میں بیان کیا جاچکا ہے۔ ایسی صورت میں وہی بیان لائق دلیل ہے جس میں معنی و مُراد یکساں ہیں اور جس بیان میں اغماض ہے اور معنی و مُراد یکساں نہیں ہیں اُس کی تاویل اس طرح کرنا چاہیے کہ وہ واضح بیان کے مطابق ہوجائے۔ اس بارے میں غیر محتاط رویہ غلط فہمی اور اشکال کا سبب بن سکتا ہے۔

۳۹۔ حدایق الانس حدیقۂ هفتم

۴۰۔ استقامت الشریعت ص ۲۲.

۴۱۔ ایضاً ص ۲۳.

۴۲۔ سیّد عبدالقادر فخری مہربان کے والد سیّد شریف الدین محمد خاں نقوی اورنگ آباد کے قاضی تھے۔ سنہ ۱۱۴۳ ھ میں یہیں سیُد عبدالقادر فخری پیدا ہوئے۔ وقت کے مشہور علماء سے اورنگ آباد میں تعلیم پائی۔ ادب و حدیث میں مولانا غلام علی آزاد بلگرامی کے شاگرد ہیں۔ خوشگو شاعر تھے۔ اپنے ماموں فخر الدین سے تصوف و سلوک سیکھا اور انہیں سے بیعت و خلافت حاصل کی۔ والد کے انتقال کے بعد کچھ دنوں اورنگ آباد میں عہدۂ قضاء پر فائز رہے۔ ۱۱۸۳ ھ میں مدراس آگئے۔ یہاں نواب امیر الامراء نے ان کی پذیرائی کی۔ یہاں تصنیف و تالیف اور رُشد و ہدایت میں مصروف ہوگئے۔ وحدت الوجود پر اصل الاصول ان کی اہم کتاب ہے جو سات سو صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ بھی چند تصنیفات ہیں جن میں ''سبحات'' اور مفتاح المعارف'' خاص ہیں جو راقم کی نظر سے گذری ہیں۔ ''اصل الاصول'' کے علاوہ ان کی ساری کتابیں اور دیوان شعر بھی غیر مطبوعہ ہے۔ ''اصل الاصول'' کا متن مدراس یونیورسٹی نے عرصہ ہوا شائع کیا تھا۔ سیّد عبدالقادر فخری کے حالات میں مولوی محمد یوسف کوکن نے ایک مقدمہ بھی کتاب میں شامل کیا ہے۔ سیّد فخر الدین کے حالات میں مناقب فخریہ کا قلمی نسخہ مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کی لائبریری میں ہے۔ سیّد عبدالقادر فخری کا ذکر ''خزانۂ عامرہ'' میں بھی ہے۔

کتابیات

۱۔ استقامت الشریعت از سیّد محمد گیسو دراز.

۲۔ اصل الاصول از سیّد عبدالقادر فخری، مدراس یونیورسٹی، ۱۹۵۹ ء.

۳۔ افکار مولانا روم از مولانا محمد عبدالسلام، مکتبہ جامعہ، نئی دهلی، ۱۹۸۱ ء.

۴۔ تمهید القواعد از صائن الدین علی بن محمد تُرکه، بتصحیح و مقدمه سیّد جلال الدین آشتیانی، تهران، ۱۹۷۶ ء.

۵۔ جواهر العشاق از سیّد محمد گیسو دراز، مطبوعه حیدر آباد دکن، ۱۳۹۲ ھ.

۶۔ چهل مجلس ملفوظات شیخ علاء الدوله سمنانی، باهتمام عبدالرّفیع حقیقت، مطبوعه شرکت مؤلفان و مترجّمان، ۱۳۵۸ ش، تهران.

۷۔ حدایق الانس۔ نمبر ۱۱ سنے ۱۴ چند اوراق کے رسالے ہیں جو سیّد عطا حسین کی کوشش سے چھپ چکے ہیں.

۸۔ حیات سیّد اشرف جہانگیر سمنانی از سیّد وحید اشرف، مطبوعه ۱۹۷۵ ء، لکھنو.

۹۔ خواجه بنده نواز کا تصوف اور سلوک از ڈاکٹر میر ولی الدین، نُدوة المصنّفین دهلی، ۱۹۶۶ ء.

۱۰۔ دکن کے بہمنی سلاطین از ہارون خان شیروانی، ترقی اردو بیورو نئی دهلی.

۱۱ ـ سیرِ محمدی از سیّد محمد گیسو دراز، مع اردو ترجمه از مولانا محمد علی سامانی، سیّد محمد گیسو دراز اکاڈمی گلبرگه شریف، ۱۹۸۳ ء.
۱۲ ـ شرح احوال و افکار و آثار شیخ علاء الدوله سمنانی از سیّد مظفر صدر، چاپ دانش، تهران ۱۳۳۴ ه ش.
۱۳ ـ العروة لاہل الجلوة و الخلوة (خطّی)، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ لائبریری، حبیب ۵۸/۲۱ .
۱۴ ـ کتاب العقاید از سیّد اکبر حسینی ناشر کتب خانه روضتین گلبرگه شریف سنه ۱۳۶۶ ه .
۱۵ ـ لطایف اشرفی ملفوظات سیّد اشرف جهانگیر، گردآوردهٔ نظام غریب یمنی، مطبوعه ۱۲۹۸ ه، دهلی.
۱۶ ـ مخدوم علی مهائمی (حیات، آثار و افکار) از عبدالرحمن پرواز اصلاحی، نقش کوکن ٹرسٹ، ۱۹۷۶ ء.
۱۷ ـ مسئله رویت باری و کرامات اولیاء از سیّد محمد گیسو دراز.
۱۸ ـ مقدمهٔ لطایف اشرفی (فارسی) از سیّد وحید اشرف، مطبوعه مهاراجه سیاجی راؤ یونیورسٹی بڑوده، ۱۹۷۵ ء.
۱۹ ـ مکتوبات اشرفی (خطّی) سیّد اشرف جهانگیر سمنانی، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ .
۲۰ ـ مکتوبات سیّد محمد گیسو دراز، مطبوعه برقی پریس حیدر آباد دکن، ۱۳۶۴ ه .
۲۱ ـ مناقب فخریه (خطّی) از غازی الدین خان فیروز جنگ، مسلم یونیورسٹی لائبریری علی گڑھ حبیب ۱۵۸/۲۲ . مناقب فخریه چهپ چکی ہے لیکن نایاب ہے۔
۲۲ ـ وجود العاشقین از سیّد محمد گیسو دراز.

شیخ الاسلام شهاب الدین عمر سهروردی صاحب عوارف المعارف، چون به شام آمدند ملاقاتِ شیخ (ابن عربی) کردند فامّا میان ایشان مکالمه و مخاطبه واقع نشد . دو ساعتِ نجومی چنین نشستند، آنگاه مفارقت کردند. بعد از آن جماعتی از شیخ الاسلام شهاب الدّین سهروردی پرسیدند که: شیخ محی الدین ابن عربی را چون دیدی ؟ شیخ شهاب الدین فرمود که: رأیته بحراً لا ساحل له . و در روایتی آمده که: رأیته بحر الحقائق . و از شیخ محی الدین پرسیدند که: شیخ شهاب الدین را چون دیدی ؟ شیخ محی الدین فرمود که: رأیته رجلاً مملوّاً من السنّة من فرقة الی قدمه . و در روایتی آمده که: رأیته طشتاً من ذهبٍ مملوّاً من السنّة .

(الجانب الغربی فی حلّ مشکلات الشیخ محی الدین ابن عربی از شیخ مکّی)

عارف نوشاهی

کتابوں پر نقد و نظر

○ایسی کتابوں پر تبصرہ کیا جاتا ہے جن کا تعلق فارسی زبان ، ادب اور تہذیب سے ہو۔

○تبصرے کے لئے دو نسخے مہیا کیے جائیں ۔

* آداب الطالبین مع رفیق الطلاّب والبابِ ثلاثه (اردو)

تألیف: حضرت شیخ محمد چشتی گجراتی (م ۱۰۴۰ ھ)،
ترجمہ: ڈاکٹر محمد بشیر حسین .
جمع و تدوین: ڈاکٹر محمد اسلم رانا
پروگریسو بُکس ، ۴۰۔ بی، اردو بازار، لاهور .
۱۲۸ ص ، ۱۹۸۴ء ، ۲۱ روپے .

اخلاق و تصوّف کے تین فارسی رسائل کا اردو ترجمہ ہے ۔ بہتر ہے اس موقع پر اس کتاب کے حوالے سے ڈاکٹر محمد بشیر حسین مرحوم کی یاد تازہ کرلی جائے ۔ وہ جامعہ پنجاب لاهور میں مسندِ هجویری کے استاد تھے ۔ زندگی کا بیشتر حصّہ مخطوطات شناسی میں گذارا ۔ مرحوم مولوی محمد شفیع کے ذخیرۂ مخطوطات کی تفصیلی اور مرحوم پروفیسر محمود شیرانی کے مخطوطاتِ فارسی مخزونہ دانشگاہ پنجاب کی اجمالی فہرست مرتب اور شائع کی ۔ ڈاکٹر سیّد عبداللہ کے بعد مرحوم بشیر حسین ہی تھے جو جامعہ پنجاب کے مخطوطات کو کتب اور مقالات کے ذریعے متعارف کرتے رہتے تھے ۔ اب یہ سلسلہ رک گیا ہے ۔ دنیا کے ہر موقر کتب خانے کا اعزاز صرف اس کے ہاں عمدہ مخطوطات ہونے پر ہی منحصر نہیں ہوتا بلکہ اس کے پاس ایک ماہر کتاب شناس کا ہونا بھی باعثِ فخر ہوتا ہے ۔ امید ہے جامعۂ پنجاب اس کمی کو جلد

پورا کرلے گی۔

*از حرف تا بحرف

سرودۂ محمد عصام عظیم آبادی
شمیم پبلی کیشنز، اے/۷۸، بلاک ۳، گلشن اقبال، کراچی
۲۸۸ ص ، ۱۹۸۶ء ، ۶۰ روپیہ .

آیا مایۂ حیرت و استعجاب نیست و سرمایۂ بسی افتخار نمی باشد، در کشوری که زبانِ مردم آن غیر از زبان شیرین و دلنشین فارسی است شعرائی هستند که بآن زبان شعر میسرایند و از آن دیوانهائی بوجود میآورند که مشتری ندارد و آیا شگفت آور نیست که ناشرانی برای چاپ و انتشار آن کمر همت برمي بندند.

''از حرف تا بحرف'' نام دیوان شعر فارسی است و انتشار دهنده آن شاعری است بنام محمد عصام عظیم آبادی . دربارۂ ''از حرف تا بحرف'' استاد سخن حضرت رئیس امروهوی چنین اظهار نظر کرده است . ''آقای محمد عصام نماینده شعر کہنه و در شعر گفتن داراي سبکی مخصوص بخودش است . در شعر وی، نفوذ و تاثرات محلی مشہود است . شاید ایرانیہاآنرا مورد پسند خود قرار ندهند لکن ما لہجه فارسي خود را می پسندیم''.

آقای پیر علی محمد راشدی، (برادر بزرگ مرحوم حسام الدین راشدی) نوشته است که '' آقای عصام با انتشار دادن مجموعۂ شعر زیبایی خویش خدمتی بزرگ کرده است ''.


خودِ آقای عصام دربارۂ شعر خود میگوید. ''در باب شاعری ما حرفی نه داریم بجز آن که فارسی ما چونکه پاکستانی نژاد است لہذا قدرے مختلف است از فارسی ایران و افغانستان . برای ما این عجیب نیست، قشنگ است مبصّرها و نقادها بر شعر ما تبصره خواهند کرد نه که ما.

این است شاعری به تقاضائی درد دل
سوز غم حیات را اشعار کرده ام''

سپس میگوید. ''مختصر این که فارسی ماست که ماست . رنگین و قشنگ و زود رس . این فارسی ما زنده و پاینده و تابنده است و چنین خواهد ماند. انشاء الله تعالیٰ''.

گلچینی از اشعار قشنگ و زود رَس و پاکستانی نژاد ایشان:

همــه چشــم عاشــق حسـین تر زلــطفش
که شد چشــم حیرانِ غزال محــمــد
عصــام پریشــان غلام اســت حقــا
عطا کن پنــاهــی به شالِ محــمــد



آن نرگس سیاه کنــد وعــده وصــال
شد چشــم یار باعــث فیضــان شاعــری
در بزم ناؤ و نوش خودش ساقــی جمال
ما را دهــد پیالــه چون مرجــان شاعــری
آن بوالہــوس کجــا که زنــد طعنه بر عصام
سازم زنــورِ شعــرهــا دیوان شاعــری
(حسنین کاظمی)

*از گلستان عجم (اردو)

اردو ترجمــه و تنقید ''بــا کاروان حُلّه'' تألیف ڈاکٹــر
عبدالحسین زرین کوکب
ترجمه: ڈاکٹر مہر نور محمد خان ـ ڈاکٹر کلثوم فاطمه سیّد
مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد
۱۲ + ۵۲۳ ص ، ۱۹۸۵ء ، ۱۲۰ روپے .

فارسی شعــر کی تاریخ کے بیس نام ور ترین شعــراء: رودکی، فردوسی، فرخی، منــوچہری، ناصر خسرو، مسعود سعد، خیّام ، سنائی، انوری، خاقانی، نظامی، عطار، مولوی، سعدی، امیر خسرو، ابن یمین ، حافظ، جامی، صائب اور بہار کے حالات زندگی اور کلام پر بے لاگ بحث اور تنقید کی گئی ہے ـ ہر شاعر کا کلام اس کے ذاتی حالات اور عصری رجحانات کے مطابق جانچا گیا ہے ـ غیر فارسی ادب سے اس کے مصادیق تلاش کیے گئے ہیں اور اسے داستان گوئی کے انداز میں پیش کردیا گیا ہے ـ

پاکستانی جامعات میں فارسی امتحانات میں تنقید کے مضمون میں طالب علموں کو خاطر خواہ مواد دستیاب نه ہونے کے وجه سے جو مشکل درپیش تھی، اس کا ازاله ہوگیا ہے اور اس ترجمے کے ذریعے تنقید کا ایک دلچسپ اسلوب متعارف ہوا ہے ـ

* پاسداران زبان و ادبیات فارسی در هند . (فارسی)

مرکز تحقیقات زبان و ادبیات فارسی در هند ـ دهلی نو .
جلد اول: و + ۱۵۰ ص ، ۱٤۰٦ ھ ، ۵۰ روپیهٔ هندی .
جلد دوم: ۱۵۸ ص ، ۱٤۰٦ ھ ، ۵۰ روپیهٔ هندی .

در هر دو مجلّد رویهمرفته ۱۳۲ + ۱۳۰ استاد و نویسندهٔ فارسی در هند معرفی شده است . اساتیدی که در حالِ حاضر در دانشگاه ها و دانشکده های هند مشغول تدریس و تحقیق می باشند و یا باز نشسته شده اند . همانگونه که در قدیم هندووان و سیکهان فارسی را یاد می گرفته اند و بآن زبان کتاب می نوشته اند ، امروز نیز می بینیم که عدّه ای از این قوم علاقه مند به زبان و ادبیات فارسی می باشند که ذکر آنان در این کتاب آمده است . دکتر امرت لعل عشرت مدهوک رئیس بخش فارسی دانشگاه هندو بنارس ''تحلیلی از عقاید عرفانی فرید الدین عطار'' می کند (ج ۱ ص ۱۳) و گلونت سینگ ممتاز مقالهٔ مفصّلی دربارهٔ مولانا جلال الدین رومی می نویسد .

بوسیلهٔ این کتاب معلوم می شود که استادان هندی در چه زمینه های ادبیات فارسی و ایرانشناسی کار کرده اند و چندین مورد است که استادان در پاکستان و یا ایران بدون اینکه از زحمات و نتائج تحقیقات استادانِ هندی آگاه باشند باز در همان زمینه ها اسبِ قلم تاخته اند . از بابِ مثال در جلد دوم ص ۱۰۰ می خوانیم که آقای محمد سیف الله معلّم فارسی یکی از دبیرستان های کلکته روی مخدوم جهانیان جهانگشت و کتابش خلاصة الالفاظ و جامع العلوم تحقیق کرده بود . امّا اخیراً دکتر غلام سرور نیز در پاکستان در ۷۵ سالگی ـــــ در سنی که او می بایستی نیروهای بدنی خود را راحت و آسایش بخشد ـــــ خود را در تصحیح این کتاب ناراحت و خسته کرده است . پس از این کار دستش بیشتر لرزه پیدا کرده است و شمارهٔ عینکش بالاتر رفته است . منظور اینست که اگر نویسندگان قلمرو فارسی از کارهای یک دیگر آگاه باشند ، از ''دوباره کاری'' جلوگیری خواهد شد و یا پژوهش های نسبتاً کامل تر و پیشرفته تر عرضه خواهد شد .

به هرحال تلاش مرکز تحقیقات زبان و ادبیات فارسی در هند در راه

معرفی و ارج نہادن زحمات اساتید هند قابلِ تقدیر است .
تنہا یک پیشنہاد داریم که اگر جلد های بعدی این کتاب تہیه و چاپ شد ، و یاهمین دو جلد تجدید چاپ شد ، آدرسِ دقیق هر استاد به حروف فارسی یا لاتینی اضافه شود که برقرار کردن رابطه با این استادان آسان باشد .

* پرتو تحقیق (اردو)

ڈاکٹر آصفه زمانی .
باعانت فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی .
ملنے کا پته: نصرت پبلشرز، حیدری مارکیٹ، امین آباد، لکھنؤ، بھارت .
۲۴۸ ص ، ۱۹۸۵ ء ، ۳۰ روپے .

محترمه ڈاکٹر آصفه زمانی لکھنؤ یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی سے وابستـه ہیں اور طالب آملی کے فارسی دیوان کی تنقید و تصحیح پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کرچکی ہیں ۔
مصنّفه اپنے پیش گفتار میں لکھتی ہیں: شعر فارسی وہ بحر زخّار ہے جس کی شناوری بہت مشکل ہے ۔ اس دشواری کے باوجود میں ایک عزمِ مستقل کے ساتھ اِس بحر بے پایاں سے گوہرِ نایاب ڈھونڈ نکالنے کی سعی پیہم میں مشغول ہوں ۔ (ص ۷)
اس سعی پیہم کے نتیجے میں ڈاکٹـر زمانی نے فارسی ادب سے متعلق اپنے دس اردو مقالات پیش کیے ہیں جن کے عنوانات یه ہیں: غالب اور طالب، سعـدی خسـرو اور حافظ غزل کے آئینه میں، مرزا عبدالقادر بیدل کی سہل نگاری، شمس العلما مفتی میر عبّاس بحیثیت فارسی شاعر، طالب آملی بحیثیت رباعی گو، مثنوی سحر حلال اور ید بیضا پر ایک طائرانه نظر، حسین قلی خان عاشقی اور تذکرہ نشتر عشق، حافظ شیرازی بحیثیت قصیدہ سرا، طالب آملی کے عشقیه کلام کی چند جھلکیاں، میر تقی میر کے منظوم و منثور فارسی آثار کا ایک تنقیدی جائزہ ۔
شمس العلماء مفتی میر عبّاس لکھنوی (م ۱۳۰٦ ھ) فارسی کے پُر گو شاعر تھے ان کے بارے میں ڈاکٹر زمانی کا مقاله نئی معلومات کا حامـل ہے ۔ اِسی طرح ''نشـتر عشق'' کے ایک دیگـر قلمی نسخے

مخزونہ مدرسہ سلطان المدارس لکھنؤ کا بھی مصنّفہ نے سراغ لگایا ہے اور اس کی خصوصیات گنوائی ہیں ۔ باقی مقالات پر نظر ڈالیے تو سبھی معروف شعراء کے کلام پر تبصرہ و تنقید کا عنوان لیے ہوئے ہیں ۔

جس طرح اردو ادب میں اقبالیات اور غالبیات مقالہ نگاروں کے لیے آسان ترین موضوع ہے اسی طرح فارسی ادبیات میں مضمون نویسوں کے لیے حافظ شناسی اور سعدی شناسی مشکلے ندارد. ان حالات میں ''گوہر نایاب'' کی تلاش سعی لاحاصل ہوگی ۔ کتاب کے تقریظ نگار پروفیسر ڈاکٹر ولی الحق انصاری رئیس بخش فارسی دانشگاہ لکھنؤ نے لکھا ہے کہ ہندوستان کی علمی و ادبی فضا پر فارسی زبان تقریباً سات سو سال تک چھائی رہی (ص ۵) ۔ جب ہندوستان میں فارسی زبان کا سابقہ اس قدر طولانی ہے تو کیا وجہ ہے کہ ہم خسرو اور بیدل سے آگے تحقیق و تدقیق کی جو دنیا ہے وہاں قدم نہیں رکھتے ؟ ستم ظریفی تو یہ ہے کہ سعدی شناسی ایسے پامال موضوع پر بھی مصنّفہ کی معلومات کا یہ حال ہے کہ وہ انہیں بغداد میں امام غزالی اور شیخ عبدالقادر جیلانی کی صحبت سے فیض اٹھاتے ہوئے دکھاتی ہیں (ص ۴۸) جب کہ خود مصنّفہ نے سعدی کا سال ولادت ۵۸۵ ھ متعیّن کیا ہے (ص ۴۷) تو اس صورت میں ۵۰۵ ھ میں وفات پانے والے غزالی اور ۵۶۱ ھ میں انتقال کرنے والے شیخ جیلانی سے سعدی بغداد میں کس طرح فیض یاب ہوسکتا ہے؟ آگے چل کر مصنّفہ لکھتی ہیں کہ سعدی نے عمر کے باسٹھویں زینے پر قدم رکھا تو ۶۵۳ ھ میں ہندوستان میں امیر خسرو پیدا ہوئے (ص ۵۲) ۔ اگر سعدی کا سنہ ولادت ۵۸۵ ھ قرار پایا ہے تو وہ ۶۴۷ ھ میں باسٹھ سال کے ہوں گے قطع نظر اس سے کہ خسرو کا متفق علیہ سال ولادت ۶۵۱ ھ ہے (اقبال صلاح الدین، مقدمہ بر کلیات خسرو، جلد اوّل ص ۶۱ لاہور) اور ڈاکٹر آصفہ نے بے توجہی سے خسرو کا سالِ ولادت ۶۵۳ عیسوی اور سال وفات ۱۳۲۵ ھجری لکھ دیا ہے (ص ۵۲ حاشیہ) ۔

بعض مقامات پر مقالہ نویس کا اندازِ بیان فصیح و بلیغ نہیں ہے مثلاً لکھتی ہیں: مجھے حال ھی میں لکھنؤ کے سلطان المدارس میں ''نشتر عشق'' کے ایک قلمی نسخے کا پتہ لگا جس کے متعلق اب تک صدائے تحقیق خاموش ہے (ص ۱۰) یا: یہ تذکرہ نام نہاد مغل دور لیکن دراصل برطانوی حکومت کے زمانے کا ترتیب کردہ ہے ۔ (ص ۱۳۸)

آج کل غلط نامہ ہر کتاب کا جزو ہوتا ہے مگر زیر بحث کتاب کا

نہیں اگرچہ کتابت کی کئی غلطیاں موجود ہیں مثلاً پیروکار کو پیرور (ص ۸)، کبرویہ کو کبیرویہ (ص ۴۷)، پیکجز لمیٹڈ کو پکچر لمیٹڈ (ص ۵۳)، قران السعدین کو قرآن السعدین (ص ۱۰۱)، عوفی کو عرفی (ص ۱۳۷)، قطعہ کو قطع (۱۴۵،۱۴۱)، منتخب اللطائف کو منتخب الطائف (ص ۱۵۰) اور موقعوں کو موقوں (ص ۱۵۴) لکھا گیا ہے۔

مصنّفہ نے ایک جگہ تحقیق کا معیار یوں مقرر کیا ہے: ڈاکٹر سیّد علی رضا نقوی نے ''تذکرہ نویسی فارسی۰۰۰'' میں اس (تذکرۂ نشتر عشق) کی نشاندھی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس کے قلمی نسخے بانکی پور پٹنہ، رام پور اور لاھور میں دستیاب ہیں۔ان کی تحقیق اطمینان بخش نہیں ہے اس لیے کہ انہوں نے کتابخانۂ سلطان المدارس لکھنؤ کے نسخہ کی نشاندہی نہیں کی ہے (ص ۱۴۵)۔

گویا کسی نسخہ کی نشاندہی نہ کرنا تحقیق کا غیر اطمینان بخش پہلو ہے۔ ہم نہایت ادب سے مصنفہ کی خدمت میں عرض کریں گے کہ پاکستان و ھند میں فہرست نویسی اور کتاب شناسی پر کام ہی کتنا ہوا ہے کہ محققین کو اس خطے میں جابجا بکھرے ہوئے مخطوطات کا علم ہوسکے۔ دوسرا یہ کہ جو فہرستیں شائع ہوتی ہیں ان سب کا ایک محقّق کی دسترس میں بھی ھونا محال ہے اگر ہم مصنّفہ کو یہ اطلاع دیں کہ نشتر عشق کا ایک قلمی نسخہ (مکتوبہ دیبی لعل ۱۸ ربیع الثانی ۱۲۴۷ ھ) ان کے اپنے وطن ھندوستان کے کتبخانۂ حمیدیہ بھوپال میں (۱)، اور دوسرا ڈھاکہ یونیورسٹی میں موجود ہے (۲) مگر ان دونوں نسخوں کا انہوں نے اپنے مضمون میں کہیں ذکر نہیں کیا تو کیا ان کی تحقیق غیر اطمینان بخش قرار پائے گی ؟

مصنّفہ نے اِس اطلاع سے بھی ہمیں محروم رکھا ہے کہ تذکرۂ نشتر عشق ۱۹۸۱ء میں روس سے شائع ھوچکا ہے۔

۱۔ فہرست نسخہ ہای خطی کتابخانۂ تحقیق و اشاعت کشمیر و کتابخانۂ حمیدیہ بھوپال ۔ شائع کردہ مرکز تحقیقات فارسی ۔ نئی دھلی ۱۹۸۵ء ۔

2 – Descriptive Catalogue of the Persian, Urdu & Arabic Manuscripts in the Dacca University Library,
By A.B.M.Habibullah,1966
Vol. I, P.33.

*** جاویدان اقبال**

ترجمهٔ کتاب ''زنده رود''

ترجمه و تحشیه دکتر شهین دخت کامران مقدم صفیاری

جلد اول چاپ چاپخانه رامین، تهران، چاپ اول ۱۳۶۲ ش ، تیراژ ۳ هزار، ۲۸۰صفحه باضافه چند صفحه عکس ، بها ٤٨٠ ریال

جلد دوم چاپ اقبال اکادمی پاکستان، لاهور، ۱۹۸۵ م،۵۰۷ صفحه باضافه عکسها، ۱۰۰ روپیه یا ۷۰۰ ریال

جلد سوم چاپ ایضاً ۱۹۸٦ م ، ٤۱٤ صفحه، ۱۰۰ روپیه یا هزار ریال

فرزند دانشمند علامه محمد اقبال، دکتر (قاضی) جاوید اقبال از سالهای متمادی در فکر تهیه و تکمیل زندگی نامه پدر نامدار خود بوده که سایر احوال و آثار و افکار وی را متضمن باشد. در این ضمن او از منابع و تسهیلاتی برخوردار بوده که برای دیگران تقریباً امکان نداشته و حق این است که او از عهده تحقیق و بررسی کاملاً موفق بیرون آمده است . ''زنده رود'' در جاوید نامه اسم آسمانی اقبال است که دربارهٔ معنویت آن مطالبی زیاد نوشته شده است . نکته جالب تر آن ایده تسلسل و حرکت دمادم جوی روان زندگانی است که اقبال بآن کراراً اشاره می نماید و در این ضمن قطعه ''جوی آب'' در پیام مشرق شایسته ارجاع است .

دکتر جستس جاوید اقبال اثر تحقیق سه جلدی خویش را ''زنده رود'' موسوم ساخته است . ''جاویدان اقبال'' همانند ''جاویدان خرد'' اسم خوبی است چون تصادفاً اسم ''زنده رود'' اقبال تنها در جاوید نامه مذکور است .

یکی از شاعران معاصر فارسی در توصیف اقبال گفته است:

کرد از ''جاوید نامه'' نام خود را جاودان

جاودان مانند آری جاودان امثال او

هر سه جلد ''زنده رود'' در ظرف نه سال تکمیل یافته و کتاب بخط ریز اردو و قطع وزیری جمعاً ۷۱۱ صفحه دارد. جلد نخست در سال ۱۹۷۹ م انتشار یافت، جلد دوم در سال ۱۹۸۱ م و جلد نهائی سوم ۱۹۸٤ م ـ برای جلد نخست کتاب در سال ۱۹۸۱ م دانشگاه آزاد علامه اقبال

در اسلام آباد به نویسنده محقق جائزه ای داد و برای کامل (هر سه کتاب) وزارت آموزش و پرورش دولت پاکستان یک جائزه دیگر را به نویسنده اعطا نموده است . فارسی گویا نخستین زبانی است که این کتاب (غیر از سه باب نهائی جلد سوم) در آن ترجمه شده با اضافه هوامش و حواشی مفید در صورت جلد هایی مزبور فوق چاپ گردیده است .

''زنده رود'' سه جلد دارد:

جلد اول از آغاز زندگانی اقبال (ولادت ۹ نوامبر ۱۸۷۷ م) تا رهسپار گردیدن وی به اروپا است که برای تحصیلات عالی در رشته فلسفه و حقوق مسافرت اشاره شده را در پیش گرفته بود. این جلد شامل مباحث سلسله انساب و دودمان اقبال و دوران کودکی و نوجوانیِ شاعر مفکر و آموزش وی در سیالکوت و لاهور از زمان ابتدائی تا دورهٔ فوق لیسانس و همچنین عصر شش ساله تدریس و تحقیق وی در لاهور و سپس مسافرت وی به اروپا و اقامت سه ساله وی در انگلستان و آلمان و بالآخر باز گشت وی به لاهور در سال ۱۹۰۸ م وغیره می باشد دربارهٔ تاریخ ولادت شاعر و تکامل تدریجی هنر شاعری و تفکر وی هم بحثهای مقنع دیده می شود. نویسنده بدرستی این قسمت را ''عصر تشکیلی'' موسوم ساخته است .

جلد دوم کتاب مربوط به ''عصر وسطی'' اقبال است از سال ۱۹۰۸ م تا ۱۹۲۵ م . در این دوران نبوغ شعری اقبال اعجاز آسا ادامه می داشته و غیر از مجموعه اردو ''بانگ درا'' سه کتاب فارسی وی، ''اسرار خودی''، ''رموز بیخودی'' و ''پیام مشرق'' و چند کتاب انگلیسی و بعضی از مقاله های مهم وی متعلق همین سالها می باشند. معهذا این دوران فرسایش آور بوده است . شاعر با مسأله امرار معاش و بحرانهای زندگانی خانوادگی مواجه بوده و اثرات بد جنگ جهانی اول را هم حس می کرد بویژه با ملاحظه نمودن انعکاسهایی در جهان اسلام. گذشته از اینها اقبال در سالهای مزبور در صحنه های دین و سیاست و تصوف هم برخورد هائی با مرتجعان داشته است .

جلد سوم کتاب به دورِ نهائی اقبال (۱۹۲٦ تا ۲۱ اوریل ۱۹۳۸ م) دور می زند ـ این دورِ شامل مهم ترین وقایع سیاسی و فکری است . اقبال عملاً وارد صحنهٔ سیاسی شده بود. او عضو مجلس مقننه استان پنجاب انتخاب گردید. فکر تشکیل و تکوین پاکِستان را تلویحاً عرضه داد. در دو کنفرانس میزگرد لندن شرکت جُست و با بنیانگذار پاکستان

قائد اعظم محمد علی جناح همکاری صمیمانه ارائه داد. ضمناً او به ایتالیا و فرانسه و اسپین و مصر و فلسطین وغیره مسافرتهائی هم انجام داد . ترجمه جلد سوم ''زنده رود'' به دو بخش منقسم گردیده و سه باب آخر کتاب با فهرست منابع و هوامش تحقیقی در صورت جلد چهارم اینک زیر چاپ می باشد .

جلد چهارم به وقایع و آثار مربوط به اواسط سال ۱۹۳۳ م به بعد متعلق است و در آن مسافرت اقبال به افغانستان و برخوردهای وی بامسأله قادیانیها و کیفیت بیماری چهار ساله مداوم وی و آثار اردو و فارسی این دور مانند ''مسافر'' و ''بال جبریل'' و ''ضرب کلیم'' و ''پس چه باید کرد ای اقوام شرق'' و ''ارمغان حجاز'' مورد نقد و بررسی قرار گرفته است در صورتی که جلد سوم ''جاویدان اقبال'' معرفِ خطبات ''احیای فکر دینی در اسلام''، ''زبور عجم'' بانضمام دو مثنوی آن و ''جاوید نامه'' است .

''زنده رود'' بلا شبه از منابع مهم اقبال شناسی است . ترجمه شدن این اثر مهم به فارسی از امور بسیار ستودنی است . از سه جلد کتاب ''جاویدان اقبال'' که یکی در تهران انتشار یافته و دو در لاهور، نسخه ای اینک برای فروش بدست نمی آید. این دلیل چیست ؟ بنظر من این دلیل علاقمندی عمیق ایرانیان به اقبال است و همچنین دلاویزی این اثر آقای دکتر جاوید اقبال، مترجم کتاب باحسن ترجمه و تحشیه خود البته به دلاویزی کتاب افزوده است .

امیدواریم که ''جاویدان اقبال'' جزو آثار مهم فارسی اقبال شناسی همواره برای فارسی زبانان قابل استفاده باشد.

مجلدات این کتاب از محاسن صوری و معنوی چاپ برخوردارند و عکسهای مناسب بسیاری از گوشهَ های زندگانی علامه محمد اقبال را بنحو احسن نمایانگر می باشند.

البته مؤلف کتاب و اولیای اکادمی اقبال شاید بعداً تجدید فکر کنند که چهار جلد کتاب را با تفکیک و تجمیع دو جلد در صورت یک مجلّد، جمعاً در دو جلد قطور و مناسب می توان در آورد .

(دکتر محمد ریاض)

* شرح فصوص الحکم محی الدین بن عربی (فارسی)

نگاشته: تاج الدین حسین بن حسن خوارزمی، بین سالہای ۸۳۵ ـ ۸۳۸ ھ .
باهتمام: نجیب مایل هروی
انتشارات مولی، خیابان انقلاب، چهار راه ابو ریحان ـ تهران .
دو دو مجلد، ۹۱۹ ص ، ١٤٠٦ ھ ، ۲۵۰۰ ریال .

ابن عربی کی ''فصوص الحکم'' اپنے دقیق مطالب کی وجہ سے ہمیشہ عرفاء کی توجہ کا مرکز بنی رہی ہے اور وہ اپنے احباب کے لئے اس کتاب کا سہل اور زُود فہم عبارت میں ترجمہ اور شرح لکھتے رہے ہیں ۔

زیر نظر شرح بھی حسین بنِ حسن خوارزمی (مقتول ۸۳۹ ھ) نے اپنے زمانے کے اہلِ عرفان کے اُس طبقے کے لیے لکھی ہے جو عربی زبان سے نابلد ہونے کے باعث ''از مشاهدهٔ دقایقِ حسن آن نازنین (یعنی فصوص) محروم ... بودند'' (ص ۱۰) لہذا انہوں نے درخواست کی کہ فصوص الحکم کی فارسی زبان میں شرح لکھی جائے ۔

خوارزمی کی یہ شرح نہ صرف پہلی بار شائع ہوئی ہے بلکہ خوارزمی سے اس کے انتساب کا اظہار بھی اولین بار وثوق کے ساتھ کیا گیا ہے ۔ دارالکتب قاہرہ کے فہرست نویس نصراللہ مبشر طرازی نے جب ۱۹۶۸ ء میں ''فہرست مخطوطات دارالکتب قاهره'' شائع کی تو اس شرح کے ایک نسخے کا ذکر کیا مگر شارح کا نام نامعلوم رہا (فہرست مخطوطات ۱:۳۳۷) ۔ احمد منزوی نے جب پاکستان میں فارسی مخطوطات کا کیٹلاگ ''فہرست مشترک نسخه های خطی فارسی پاکستان'' شائع کیا تو شک کے ساتھ اس شرح کو کمال الدین حسین خوارزمی کی تصنیف بتایا(۳:۱۷۴۰) مگر ساتھ ہی اسے 'ارشاد المریدین' کے مصنف کمال الدین حسین خوارزمی (م ۹۵۸ ھ) کے ساتھ خلط کردیا (۳:۱۶۳۲) ۔ نام کی اِسی مشابہت سے مذکورہ فاضل فہرست نگار کو 'ارشاد المریدین' کی تاریخ تصنیف ۵ ذیحجہ ۹۲۵ ھ پر تعجب ہوتا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ یہ تاریخ ۵ ذیحجہ ۸۲۵ ھ ہونی چاہیے کیونکہ خوارزمی ۸۳۸ ھ یا ۸۴۰ ھ میں قتل ہوچکا تھا ۔ (۳:۱۲۴۷)

شرح فصوص الحکم کے مصحح ــ نجیب مایل هروی ــ نے نام کی مشابہت سے پیدا ہونے والے عُقدہ کو کھولا ہے انہوں نے بتایا ہے کہ ۸۰۰ ھ سے لے کر ۹۸۰ ھ تک خوارزم میں تین ایسے شخص گذرے

ہیں جن کا نام حسین تھا اور وہ تینوں صوفی اور عارف تھے۔

اوّل: حسین خوارزمی ملقب بہ تاج الدین۔ مقتول ۸۳۹ھ۔ مثنوی مولوی کی شرح ''جواھرالاسرار۔۔۔'' اور زیر نظر شرح کے علاوہ نو دیگر کتب کے مصنّف ہیں اب تک تذکرہ نویس اور فہرست نگار حضرات اس خوارزمی کا لقب کمال الدین لکھتے آرہے ہیں۔ (ذبیح اللہ صفا ۴:۴۹۱، سعید نفیسی ۱:۲۴۲) مگر نجیب مایل ھروی نے فرائد غیاثی کے حوالے سے حسین خوارزمی مقتول ۸۳۹ھ کے لقب ''تاج الدین'' کا سراغ لگایا ہے۔ فرائد غیاثی نویں صدی ھجری میں لکھی گئی تھی۔

دوم: حسین خوارزمی ملقّب بہ کمال الدین۔ متوفی ۹۵۸ھ۔ سلسلہ حسینیہ ھمدانیہ کا بانی اور ''ارشاد المریدین'' کا مصنّف۔

سوم: حسین خوارزمی ملقّب بہ شریف الدین۔ یہ کمال الدین حسین خوارزمی مذکور کا بیٹا تھا اور اپنے والد کے مناقب میں ایک مسبوط کتاب ''جادۃ العاشقین'' کا مصنّف ہے۔

مصحح نے اِس شرح کی حیثیت متعیّن کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ فصوص الحکم کی کوئی مستقل شرح نہیں ہے بلکہ شرح لکھتے وقت خوارزمی کے پیشِ نظر شرف الدین داؤد قیصری (م ۷۵۱ھ) کی ''شرح فصوص الحکم'' تھی۔ خوارزمی نے ''شرح قیصری'' کو بنیاد بنایا ہے ۔۔۔ گویا یہ قیصری کی عربی شرح کا ایک گونہ فارسی ترجمہ ہے (ص بیست و سہ و بیست و شش)۔ البتہ شارح نے موقع و محل کی مناسبت سے فارسی کے دلنشین اشعار کے استعمال سے شرح کو مزید لطیف بنا دیا ہے۔

کتاب کی طباعت اور کاغذ بہت عمدہ ہے۔

* شرح لوائح جامی (اردو)

پروفیسر سیّد محمد عبدالرشید فاضل

ادارۂ تنویرات علم و ادب، ۵۰۵ پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی۔

۱۷۶ ص ، ۱۹۸۵ء ، اشاعت دوم، ۳۰ روپے۔

مولانا جامی کی برّصغیر پاک و ھند میں مقبولیت پر کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے اگر صرف ''لوایح'' کو لیا جائے تو یہ رسالہ کم از کم

دس بار یہاں سے شائع ہوچکا ہے اور اردو زبان میں اس کے چار مختلف ترجمے ہوچکے ہیں۔ لقمان الدولہ حیدرآبادی کا ترجمہ موسوم بہ تجلیات دل، شمس الدین قادری کا ترجمہ، سیّد فیض الحسن فیضی کا ترجمہ اور سیّد فاضل کا زیر نظر ترجمہ یا بقول مترجم شرح۔

شمس الدین کے ترجمے میں لوایح کی فارسی رباعیات کا ترجمہ نہیں کیا گیا تھا مگر پروفیسر فاضل نے ان فارسی رباعیات کو بھی اردو کا لبادہ اوڑھا دیا ہے اور متن کے اردو ترجمے کو مربوط بنا دیا ہے اس اشاعت کی ایک خوبی یہ ہے کہ فارسی متن بھی ساتھ موجود ہے۔

مترجم نے جامی کے حالات پر جو مقدمہ لکھا ہے اس میں بعض باتیں محلِ نظر ہیں۔ صفحہ ۱۱ اور صفحہ ۳۳ پر حاشیے میں محمد عبدالاحد خاں خلیل کا نام بطور حوالہ ہے۔ بس ۔ معلوم نہیں ان صاحب کی کس کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے۔ صفحہ ۱۲ پر لکھا ہے: جامی ہرات میں مدفون ہیں اور راقم الحروف نے ۱۹۶۶ء میں اُن کے مزار کی زیارت کی تھی ـــــ اس مشاہدے پر حوالہ دیا ہے ''اقبال اور فارسی شعراء صفحہ ۱۹۲'' کا۔ یہ کتاب تو ڈاکٹر محمد ریاض صاحب کی تصنیف ہے گویا ڈاکٹر ریاض ۱۹۶۶ء میں قبر جامی پر گئے تھے نہ کہ مقدمہ نویس۔

صفحہ ۱۳ پر متواضع کو متواضح اور صفحہ ۳۳ پر روضۃ کو روفۃ کتابت کیا گیا ہے۔ صفحہ ۳۳ پر ہی ہاہولر انسائیکلوپیڈیا کے حوالے سے جامی کی تصانیف کی تعداد بتائی گئی ہے۔ اس قسم کی تجارتی کتابوں سے جامی کے معاملے میں استناد کرنا مناسب نہیں ہے۔ مقدمہ نویس نے بالآخر جامی کی تصانیف کا شمار ۴۴ (= جام) قبول کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہی کتابیں دستیاب ہیں۔ جامی کی کتابوں کی تعداد کو اس کے نام یا نسبت (جام، جامی) کے اعداد سے مطابقت دینا تفنّن طبع کی حد تک تو گوارا ہے مگر اس کا تحقیق سے کوئی واسطہ نہیں ہے مثلاً ان ۴۴ کتابوں میں فتوح الحرمین کا نام بھی درج کیا گیا ہے اسے جامی سے کیا نسبت ؟ یہ تو محی لاری کی مثنوی ہے۔ شرح بیتین مثنوی کو کتابت کی غلطی سے شرح تبیین لکھا گیا ہے (عدد ۲۰)، صفحہ ۴۰ پر ''خمسۃ المتحیّرین'' کو ''خمسۃ المتجرین'' اور صفحہ ۴۲ پر زمانہ کو زنامہ کتابت کیا گیا ہے۔ اسی صفحے پر شیخ الاشراق، طوسی، فارابی، ابن سینا اور ابن رشد کی معقولات کو خرافات قرار دیا

گیا ہے اور یہ بہت بڑی جسارت ہے۔
صفحہ ۱٦٦ تا ۱٦۹ لوائح کے نسخۂ نولکشوری کی اغلاط کی اصلاح کی گئی ہے مگر یہ نہیں بتایا گیا کہ جس صفحے اور سطر کا حوالہ دیا گیا ہے وہ نولکشور پریس کے کون سے ایڈیشن کی طرف اشارہ کرتا ہے کیونکہ نولکشور نے یہ کتاب کم از کم چار بار چھاپی ہے
کتاب کی کتابت معمولی درجے کی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس میں کتابت کی اغلاط در آئی ہیں۔

* طہماس نامہ (فارسی)

از محکم الدولہ اعتقاد جنگ طہماس بیگ خان رومی
معروف بہ طہماس قلی (۱۷۳۸ـ ۱۸۰۳ء)
باہتمام محمد اسلم
پنجاب یونیورسٹی، لاہور.
۳۳۴ + xi ص . سال اشاعت اور قیمت درج نہیں ہے۔ مہتمم کے مقدمہ کے آخر میں مئی ۱۹۸٦ء کی تاریخ لکھی ہوئی ہے۔

مصنّف ترکی میں پیدا ہوا تھا اور وہاں سے سفر کرکے برّصغیر آگیا تھا اور یہاں مغل دربار سے وابستہ ہوگیا تھا۔ یہ کتاب مصنّف کی سرگذشت ہے جس کے حوالے سے برّصغیر کی سیاسی اور اجتماعی صورتحال کے کچھ پہلو بھی قلمبند ہوگئے ہیں۔

*لمحات من نفحات القدس (فارسی)

نگاشتۂ شیخ محمد عالم صدیقی علوی
پیشگفتار و فہارس محمد نذیر رانجھا
مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد۔ مؤسسہ انتشارات اسلامی لاہور.
۳۴ + ٦۲۱ ص ، ۱۹۸٦ء ، ۱۰۰ روپیہ .

زیر نظر کتاب سمرقند ، بخارا اور ترکستان میں سلسلۂ زکیہ جہریہ کے اکابر اور وابستگان کے حالات و مناقب پر مشتمل ہے جس کے بانی خواجہ احمد یسوی (م ۵٦۲ ھ) ہیں۔ بعد میں سلسلۂ نقشبندیہ بھی اسی سلسلہ سے نکلا۔

چھٹی صدی ہجری سے لے کر گیارھویں صدی ہجری کے وسط تک ایشیائے وسطی کی معاشرتی اور روحانی طرز زندگی کی اس کتاب میں بھرپور جھلک موجود ہے ۔ صوفیہ اور سلاطین کے باہمی تعلقات کے بارے میں بھی اس کتاب میں واضح شہادتیں موجود ہیں ۔ لکھا ہے امیر تیمور گورگان کو حضرت ولایت پناہ امیر کلال قدس سرہ سے بیحد عقیدت تھی جب ان کی دعا سے تیمور نے ممالک خراسان فتح کرلیے تو امیر کلال کو پیغام بھیجا کہ مملکت کی بعض مصلحتوں کے پیش نظر میں خود آپ کی خدمت میں حاضر نہیں ہوسکتا آپ کو بلانا بھی بے ادبی ہے لہذا اگر آپ اپنے کسی صاحبزادے کو دربار میں بھیج دیں تو عین نوازش ہوگی ۔ امیر کلال نے اپنے بڑے لڑکے امیر حمزہ کو بھیج دیا ۔ تیمور نے خود استقبال کیا اور خراسان کے تمام ممالک امیر حمزہ کی خدمت میں بطور نیاز پیش کیے ۔ امیر حمزہ نے قبول نہ کیا ۔ تیمور نے ولایت بخارا بھی نذر کی، امیر نے اسے بھی قبول نہ کیا ۔ تیمور نے امیر حمزہ سے کہا آپ کا وطن مألوف سوخاری ہے وہ بھی نذر کرتا ہوں مگر صاحبزادے نے قبول نہ کیا ۔ اس کے بعد تیمور کی ملکہ نے بڑے اہتمام کے ساتھ ایک سوتی لباس تیار کروایا اور امیر حمزہ کو پیش کیا اسے بھی قبول نہ کیا اور کہا: بات لباس کی نہیں ہے بات یہ ہے کہ اگر آج ہم نے یہ لباس لے لیا تو ہمارے بعد درویش ہر نذر و نیاز کو قبول کرلیا کریں گے ۔ (ص ۳۴۱ ۔ ۳۴۲)۔

حضرت عزیزان قاسم کا واقعہ بھی دلچسپ ہے ۔ ابتدائے حال میں جب وہ خود درویشوں کی خدمت میں تھے تو اپنی کھیتی باڑی سے حکومت کو خراج ادا کیا کرتے ۔ جب مرتبۂ کمال و تکمیل اور ارشاد خلایق پر فائز ہوئے تو بادشاہان وقت نے خراج لینا چھوڑ دیا مگر وہ خراج کو الگ کرکے کنویں میں ڈال لیتے ۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اس عمل سے خرابی پیدا ہوئی تو آپ نے ائمہ دین سے رجوع کیا اور استفسار کیا کہ یہ خراج کیسے ادا کیا جائے ۔ علماء نے رائے دی کہ اگر بادشاہ خراج نہیں لیتے تو آپ خود متولی ہیں جس طرح چاہیں استعمال میں لاسکتے ہیں ۔ چنانچہ آپ نے وہ خراج مدارس پر خرچ کرنا شروع کردیا ۔ (ص ۳۴۴ ۔ ۳۴۵)۔

یہ دونوں واقعات صوفیہ کی خودداری کی عمدہ مثال ہیں ۔

زیر نظر کتاب میں اس دور کے مقامی علماء اور شعراء کا بھی برابر ذکر ملتا ہے مثلاً بخارا کے ایک شاعر مولانا زینتی کا حال (ص ۳۴۰)۔

یہ متن اس سے پہلے ۱۳۲۷ ھ میں روس سے شائع ہوچکا ہے زیر

نظر اشاعت مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد میں موجود اس کتاب کے خطّی نسخه کا عکس ہے ۔ یه خطّی نسخه نه تو خط کے لحاظ سے ممتاز ہے اور نه ہی قدامت کے اعتبار سے ۔ (کتاب ١٠٣٣ ھ میں تألیف ہوئی اور زیر نظر نسخه ١٢٥١ ھ میں کتابت کیا گیا) بلکه اس میں کتابت کی غلطیاں بھی موجود ہیں ۔ ایسی صورت میں اس کتاب کی مکرر اشاعت کی افادیت محدود ہوجاتی ہے ۔

گذشته کچھ عرصے سے مرکز تحقیقات فارسی بالاستقلال اور اشتراک کے ساتھ متون کو افسٹ طریقے سے شائع کر رہا ہے ۔ مقبولِ عام مطبوعه کتابوں کی دوباره عکسی اشاعت تو تکنیکی اعتبار سے محل نظر نہیں ہے مگر خطّی نسخوں کی عکسی اشاعت کی موجوده صورتحال کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے ۔ ہماری تجاویز یه ہیں که:

١ ۔ ایسی کتابیں شائع کی جائیں جو پہلے شائع نه ہوچکی ہوں ۔

٢ ۔ ایسے نسخوں کا انتخاب کیا جائے جو منحصر بفرد ہوں یا شائع شده نسخوں کے مقابله میں کسی خاص امتیاز یا اهمیت کے حامل ہوں

٣ ۔ خط اور املا کی نوعیت بھی قابل توجه ہے ایک بد خط اور مغلوط متن شائع کرنے کا فائده ؟

۴ ۔ ایسے تمام عکسی متون کے ساتھ تنقیدی اور تحلیلی مقدمه کا ملحق ہونا از بس ضروری ہے کیونکه خطّی تحریر کا مطالعه کرکے معلومات حاصل کرنا ہر قاری کے حوصلے کی بات نہیں ہے یه تلافی ایک صاف ستھرا بسیط مقدمه ہی کرسکتا ہے ۔

رانجھا صاحب نے کتاب کے آخر میں مختلف فہارس کا اضافه کرکے اس عکسی اشاعت سے استفاده سہل کردیا ہے ۔ ان کے مقدمه میں صرف مصنّف اور کتاب کے بدیہی پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔ کتاب کا دوسرے تذکروں میں کیا مقام ہے ؟ اور اس میں کس قدر اجتماعی، ادبی اور تاریخی نکات پوشیده ہیں ؟ اس بارے میں کچھ نہیں لکھا ۔ کتاب کی افادیت بتائے بغیر اس زمانے میں قاری کو کتاب کے مطالعه کی طرف راغب کرنا بہت مشکل کام ہے ۔ وقت کی تنگی کا یه عالم ہے که لوگ صرف دیباچے پڑھتے ہیں اور اس سے متن کے حسن و قبح کا اندازه لگا کر آگے بڑھتے اور پڑھتے ہیں ۔

* مجمع البحرین (فارسی)

از شمس الدین ابراهیم ابرقوهی ۔ بین سالهای ٧١١-٧١٤ ھ

به اهتمام نجیب مایل هروی
انتشارات مولی ـ تهران
چهل و هفت + ۵۷۰ ص ، ۱٤۰٦ ھ ، ۲۵۵۰ ریال ـ

مصحح نے زیر نظر کتاب کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہونے لکھا ہے کہ جب مصنف (ابرقوهی) یہ کتاب لکھنے بیٹھا تو ایران میں تصوّف کے تین ممتاز مکتب موجود تھے۔ پہلا مکتب خراسان کے دیدہ ور پیروں (قشیری، سلمی، ابی نصر سراج، محمد غزالی وغیرہ) کا تھا۔ دوسرا مکتب بایزید بسطامی، ابی سعید ابی الخیر اور قدرے تبدیلی کے ساتھ احمد غزالی، عین القضاۃ اور سیف الدین باخرزی کا تھا اور تیسرا مکتب ابن عربی اوز اس کے پیروکاروں کا تھا۔ یہ تینوں مکاتب کئی جہات سے مختلف ہیں اور ہر مکتب کے نظریات قابلِ تحقیق ہیں شائد ان تینوں مکاتب کے بعض افکار اور دقایق کو یکجا کیا جا سکتا ہے اور ان سے ایک مجموعہ بنایا جاسکتا ہے ۔یہی دشوار کام ابرقوهی نے مجمع البحرین میں انجام دیا ہے۔ (مقدمہ، صفحہ بیست و شش) ـ

*مقالات اختر (اردو)

ڈاکٹر محمد اختر چیمہ
قرطاس ، پوسٹ بکس ۲۵ ، فیصل آباد ـ
۲۲۴ ص ، ۱۹۸۵ء ، ۵۰ روپے ـ

دانش کے قارئین ڈاکٹر چیمہ صاحب کے نام سے متعارف ہیں ـ ان کا خواجۂ اجمیر پر مقالہ دانش کے پہلے ہی شمارے میں چھپ چکا ہے ـ زیر نظر مجموعہ ڈاکٹر صاحب کے دیگر بارہ مقالات پر مشتمل ہے جن میں سے آٹھ مقالات پہلے چھپ چکے ہیں یا علمی مجالس میں پڑھے جاچکے ہیں ـ مقالات کی ترتیب اور تفصیل اس طرح ہے:

نعتیہ
۱ ـ شیخ عراقی بحیثیت نعت گو
۲ ـ جان جہان کے فارسی کلام کا جائزہ
۳ ـ کلام اقبال میں عشقِ نبی کی جھلکیاں
نقشبندیہ
۴ ـ خواجہ نقشبند

۵ـ احوال و آثار و مقامات خواجه محمد پارسا نقشبندی
٦ـ مقامِ مجدّد الف ثانی

عرفانیاتَ

۷ـ لطایف اویسیه
۸ـ شیخ الاسلام زکریا اور فخرالدین عراقی
۹ـ مقامِ بوعلی قلندر

اقبالیات

۱۰ـ اقبال اور عرفاء ایرانی
۱۱ـ اقبال کا تصوّر مرد مؤمن
۱۲ـ اقبال کا فلسفۂ عشق

جیسا کہ عنوانات سے ظاہر ہے بیشتر موضوعات تکرارِ مکررات کے زمرے میں آتے ہیں ـ ان میں سے ایک دو مضمون ہی نئی معلومات کے حامل ہیں مثلاً عراقی شناسی، جو مقالہ نگار کا اعلی تعلیم حاصل کرتے وقت تحقیق کا خاص موضوع رہا ہے، مگر اس مجموعے کا سب سے عمدہ مضمون خواجہ محمد پارسا نقشبندی کی تصانیف کے بارے میں ہے جس پر انہوں نے بہت محنت کی ہے اور متعدّد مآخذ اور مخطوطات کو کھنگالا ہے اور خواجہ محمد پارسا کی بعض کتابوں کا براہ راست مطالعہ کرکے فہرست نگاروں کی غلطیوں کا ازالہ کیا ہے ـ

ہم نے اس مجـوعـۂ مقـالات میں شامل فارسی ادب سے متعلق مضامین کا بغور مطالعہ کیا ہے اور انہی کے بارے میں ہم اپنی رائے دے سکتے ہیں ـ

ڈاکٹر صاحب بنیادی طور پر فارسی کے آدمی ہیں لہذا ان کے طرز تحریر پر بھی اسی زبان کا غلبہ ہے اور وہ اپنی اردو تحریر میں فارسی الفاظ اور ترکیبات کا استعمال اس انداز میں کرتے ہیں کہ قاری سوچتا رہ جاتا ہے کہ یہ کونسا اسلوب ہے ؟ حافظ محمد افضل فقیر قادری صاحب نے بجا طور پر لکھا ہے کہ اردو نثر کا جدید اسلوب ڈاکٹر صاحب سے التفات مزید کا طلبگار ہے کہ نئی نسل کے اذہان اس سے مانوس تر ہیں (ص ۱۷، ۱۸) ـ بعض فارسی الفاظ و مرکّبات کا نامانوس اور بے محل استعمال ملاحظہ ہو:

۱ـ کتاب کوتاہ لمعات جسے عراقی نے ... تحریر کیا (ص ۲۸) ـ
۲ـ صوفی محمد افضل بلاریب دارائے شہرتِ عالمگیر ہیں (ص ۳۸)
۳ـ اپنے آبائی شہر سرہند میں حوزۂ علمی قائم کیا (ص ۸۷) ـ قونیہ میں حوزہ ہائے درس قائم کرکے ... (ص ۱۱۵) ـ حوزۂ علمی

خاص ایرانی ماحول کی اصطلاح ہے اور برّصغیر میں بالکل نامأنوس ہے۔

۴۔ وہ خودتحت تأثیر قرار ہائے (ص ۱۰۳)۔

۵۔ بعد ازان اسم ِ کامل ِ کتاب ... ضبط و ثبت کیا ہے (ص ۱۱۰)۔

۶۔ پرسندۂ سوالاتِ گلشن راز ... کو بھی شیخ زکریا کامریدِ مستقیم لکھتے ہیں (ص ۱۱۷)۔

۷۔ شیخ عراقی بنا بگفتار خویش سترہ سال تک ... ملتان میں مقیم رہے (ص ۱۲۱)۔

۸۔ آپ کے تین رسالے اور کتابیں عشق ہی کے مضمون و مبحث سے مشحون و آکندہ ہیں (ص ۱۳۷)۔

بعض جملات کی اردو زبان بھی توجہ طلب ہے مثلاً:

۱۔ فارسی، مشائخ کرام و بزرگان عظام کے لیے ۰۰۰ بیگانی نہیں (ص ۳۳)۔

بیگانی کی جگہ بیگانہ ہونا چاہیئے۔

۲۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رسولی و اسلامی و ملّی خدمات و مقامات و کمالات کا ۰۰۰ تذکرہ فرمایا ہے (ص ۳۷)۔

رسولی خدمات سے کیا مراد ہے ؟

مقالہ نویس نے روائح کو یعقوب چرخی کی تصنیف بتایا ہے (ص ۵۵)۔ حالانکہ یہ یعقوب صرفی کشمیری کا رسالہ ہے۔

اسی طرح جواھرالاسرار شرح مثنوی مولوی کے مصنّف حسین بن حسن کی نسبتِ مکانی سبزواری لکھی ہے (ص ۱۱۵، ۲۱۵)۔ حالانکہ وہ خوارزمی ہیں۔

مقالہ نویس نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں عراقی کے پانچ مکاتیب کا ایک خطّی نسخہ ملا ہے جن میں عراقی کے بارے میں ایسی قیمتی معلومات درج ہیں جن کا کسی اور کتاب یا تذکرے میں نام و نشان تک نہیں ملتا (ص ۱۱۹)۔ عراقی پر مقالہ نویس نے دو مقالات پیش کئے ہیں۔ ہمیں حیرت ہے کہ ان دونوں میں صرف ایک مقام پر ہی ان مکاتیب کی ''ذی قیمت اطلاعات'' سے کیوں استفادہ کیا گیا ہے ؟ (دیکھیے صفحہ ۱۲۰۔ ۱۲۱ حاشیہ ۱۶)۔ حالانکہ اس نو دریافت مأخذ کے مندرجات کا تو زیادہ سے زیادہ استعمال ہونا چاہیے تھا۔

ایک جگہ مقالہ نویس لکھتے ہیں: بوعلی قلندر کی جُملہ منظوم و منثور تصنیفات میں سے راقم الحروف کو صرف مثنوی بوعلی قلندر ہی

دستیاب ہوسکتی ہے (ص ۱۳۵) مگر آگے چل کر مقالہ نگار نے شیخ بوعلی کی تمام تصنیفات پر تبصرہ کر ڈالا ہے اور لکھتے ہیں: جمیع آثار و رسائل نظم و نثر میں بوعلی قلندر کا موضوع سخن فقر و عشق، تصوّف و معرفت اور اخلاق و اصلاح احوال ہے۔ حقائق و معارف کا تذکرہ ہے، انداز بیان عالمانہ و عارفانہ ہے، اسلوب نگارش سادہ اور دلنشین ہے۔ عبارات عام طور پر آیات قرآنی، احادیث نبوی، اقوال صوفیہ اور اشعار اساتذہ سے مزیّن ہیں تمام آثار و اشعار میں ۰۰۰ (ص ۱۳۶ ـ ۱۳۷) ۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ تبصرہ نگار کو کسی مصنّف کی کتابیں دستیاب نہ ہوں اور وہ ان کے موضوع، انداز بیان، اسلوب نگارش اور مأخذ پر (کسی دوسرے حوالے کے بغیر) تبصرہ بھی کر ڈالے ؟

کتاب میں ایک دو مقامات پر الفاظ قلم انداز ہوگئے ہیں یا جملات بے ربط ہیں مثلاً:

۱ ـ اپنے قول و فعل سے ۰۰۰ کر دکھایا (ص ۴۱) ـ یہاں لفظ ''ثابت'' چھوٹ گیا ہے ـ

۲ ـ آدم بین الماء والطین ۰۰۰ (ص ۷۳) کے بعد ''ہویدا است'' قلم انداز ہوگیا ہے ـ

۳ ـ واضح طور پر عراقی کی طرح ۰۰۰ نعت بیان کی ہے (ص ۷۳) ـ جملے کے سیاق و سباق کے پیش نظر ''واضح طور پر'' زائد ہے اور یہاں ''پھر'' ہونا چاہیے تھا ـ

مقالات میں چند اشخاص کے نام بھی صحیح صورت میں درج نہیں ہوئے حالانکہ ان میں سے جو افراد معاصر ہیں، ڈاکٹر صاحب انہیں ذاتی طور پر بھی جانتے ہیں انہوں نے ڈاکٹر شمیم محمود زیدی کو شمیم ناصر زیدی (ص ۲۰۲)، ڈاکٹر محمد اکرم ''اکرام'' کو ڈاکٹر محمد اکرم اکرام شاہ (ص ۱۲) لکھا ہے اور صفحات ۱۱ و ۱۸۱ پر اس راقم السطور کے نام کے ساتھ از خود ''محمد'' کا اضافہ کردیا ہے ـ

متقدمین میں سے احمد اتایسوی کو احمد عطایسوی لکھا ہے (ص ۴۹،۴۸) یار محمد بدخشی کو یار محمد بخشی تحریر کیا ہے (ص ۱۹۵)

آخر میں ڈاکٹر صاحب مجھ سے ایک دوستانہ گلہ بھی سن لیں کہ آپ نے اپنے مجموعۂ مقالات میں خواجہ محمد پارسا پر میرا مترجمہ مضمون تو شامل کیا ہے مگر اس امر کا مضمون کے ساتھ ذکر نہیں کیا ـ بے شک مقدمے (ص ۱۱) اور فہرست مآخذ (ص ۱۲۰) میں آپ نے اس ترجمے کا ذکر کیا ہے مگر کہیں یہ صراحت نہیں فرمائی کہ آپ نے وہی ترجمہ من و عن اس مجموعے میں بھی شامل کرلیا ہے ـ

*A BIBLIOGRAPHY OF PERSIAN MINIATURE PAINTING

By Nasrin Rohani
The Aga Khan Program for Islamic Architecture at Harvard University and the Massachussets Institute of Technology
vi + 158 pp. 1982.

این کتاب حاوی فهرست ۲۰۴۰ مقاله و کتاب و تبصره راجع به نقاشی مینیاتوری ایرانی می باشد که تا سال ۱۹۸۱ م بزبانهای عربی و فارسی و ترکی و زبانهای اروپائی چاپ شده است .

*THE ILKHANID SHRINE COMPLEX AT NATANZ, IRAN

By Sheila.S.Blair
Center for Middle Eastern Studies, Harvard University
1737 Cambridge Street, Cambridge, Massa chusetts-02138.
178 pp. 1986.

این کتاب دربارهٔ ساختمانهایی است که در خانقاه شیخ نورالدین عبدالصمد سهروردی در نطنز (ایران) واقع است . این خانقاه بروزگار ایلخانی در قرن ۸ ھ/۱۴ م ساختـه شده و بهترین نمونهٔ هنر معماری اسلامی در قرون وسطی می باشد . در آخر کتاب ۷۵ صفحه اختصاص به نقشه ها و عکسها دارد.



مقتدره قومی زبان، اسلام آباد کی نئی مطبوعات

کسی وقفے کے بغیر کتب کی تیاری اور ان کی دلکش اور معیاری انداز میں اشاعت مقتدره کا طرهٔ امتیاز بنتا جا رہا ہے اور اس میں بھی تخصیص ''کتابیات'' کی تدوین و اشاعت کو حاصل ہے جس کی طرف دیگر پاکستانی اشاعتی ادارے بہت کم توجه دیتے ہیں ۔

مقتدره جو کتب شائع کرتا ہے زبان تو ان کی اُردو ھوتی ہے اور مقصد بھی اُردو زبان کی تقویت ہے، لیکن ماہیت کے اعتبار سے یه کتابیں کسی نه کسی طور فارسی سے بھی مربوط ھوتی ہیں ۔ کیونکه

اُردو زبان کو درپیش تحقیقی اور علمی مسائل کے حلّ و فصل میں فارسیِ زبان کے سرمائے پر نگاہ بازگشت ڈالے بغیر اور بعض معاملات میں اُسے پیش رَو بنائے بغیر یہ کام ممکن نہیں ہے۔

حال ہی میں مقتدرہ کی طرف سے موصول ہونے والی چند مطبوعات (البتّہ شائع ہونے والی کتابوں کی تعداد کہیں زیادہ ہے) کا اجمالی تعارف پیشِ خدمت ہے۔

* اردو میں اصولِ تحقیق (انتخاب مقالات) جلد اوّل

مرتّبہ: ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش

۳۰۲ ص، ۱۹۸٦ء، ۷۵ روپے (مجلّد) ٦۰ روپے (غیر مجلّد)۔

تحقیق، تسوید، تدوین اور تصحیح وغیرہ کے مسائل پر مختلف مضمون نگاروں کے سترہ (۱۷) مضامین کا مجموعہ ہے۔

* تحقیق اور اصول وضع اصطلاحات پر منتخب مقالات

مرتبہ: اعجاز راہی

ح + ۱۸۴ ص، ۱۹۸٦ء، ۴۵ روپے (مجلّد) ۳۵ روپے (غیر مجلّد)۔

اِس مجموعے میں اصول وضع اصطلاحات پر سات مقالے اور اصولِ تحقیق پر پانچ مقالے شامل ہیں۔ یہ مقالات مختلف محققین نے مقتدرہ کے زیر اہتمام دو علیحدہ سیمیناروں میں پیش کئے تھے۔

* جامعِ الامثال (اردو ضرب الامثال کا ایک جامع معجم)

مرتبہ: وارث سرہندی۔ نظرثانی: شان الحق حقی

ح + ۳۲۸ ص، ۱۹۸٦ء، ۱۵۰ روپے، بڑی تقطیع

حقّی صاحب اپنے دیباچے میں لکھتے ہیں: کہاوتیں زبان سے بھی تعلق رکھتی ہیں اور عمرانی مطالعے سے بھی۔ بہت سی عربی، فارسی امثال بھی یہی فائدہ رکھتی ہیں کہ نہ صرف تقابلی مطالعے کے لئے مفید ہیں بلکہ اکثر تو خود اردو دانوں کی زبانوں پر بھی چڑھی ہوئی ہیں۔ بول چال میں آتی ہیں اور بعض عربی، فارسی امثلہ اہل علم کے تصرّف میں ہیں ... ہمارے علما اور مصنّفین نے عربی، فارسی الفاظ کو دل کھول کر اور اپنا مال سمجھ کر برتا ہے۔ دراصل وہ ان کے لیے اجنبی تھا ہی نہیں (صفحہ ز) یہی وجہ ہے کہ زیر نظر کتاب میں فارسی زبان کی بے شمار ایسی ضرب الامثال موجود ہے جو برّصغیر میں زبان زدِ عوام ہو کر اُردو زبان کا حصّہ بن چکی ہیں۔ کتاب کے پہلے ہی صفحے پر الفِ ممدودہ کے باب میں پندرہ ضرب الامثال درج ہوئی ہیں۔ ان میں سے سات مثلیں خالص فارسی زبان میں ہیں اور ایک دوسری (آب آب کرتے مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی) کا تعلق بھی بالواسطہ طور

پر فارسی سے ہے۔ باب الھاء میں اگر آپ صفحہ ۳۰۹ اور ۳۱۰ کھولیں تو معلوم ہوتا ہے کہ فارسی ضربِ الامثال کی کوئی اُردو فرہنگ پڑھ رہے ہیں۔ وہاں لفظ 'ہر' کے تحت کُل ستّر مثلیں لکھی گئی ہیں ان میں سے صرف اور صرف پانچ مثلیں خالص ''اردو'' کی ہیں باقی پینسٹھ فارسی کی ہیں۔

وارث سرہندی صاحب کی یہ سعی، سعی مشکور ہے۔

* خزینة الامثال

شاہ حسین حقیقت۔ بسال ۱۲۱۵ ھ

(۴) + ۲۵٦ ص ، ۱۹۸٦ ء ، ۹۰ روپے، بڑی تقطیع۔

عکسی اشاعت بر مبنائے طبع نولکشور لکھنؤ، ۱۸۷۲ ء

خزینۃ الامثال عربی، فارسی اور ھندی (اردو) ضرب الامثال کا مجموعہ ہے اور اسے حروف تہجّی کے اعتبار سے مرتّب کیا گیا ہے۔ یہ کتاب پہلے ۱۸۵۳ ء میں مطبع مصطفائی لکھنؤ سے شائع ہوئی، پھر ۱۸۷۲ ء میں فارسی کے خدمت گذار منشی نولکشور نے اسے ضمیمے کے ساتھ چھاپا اور اب ۱۹۸٦ ء میں یہ تیسری دفعہ شائع ہوئی ہے۔

طباعت کے طور طریقوں نے موجودہ زمانے میں جو ترقی کی ہے اس میں ایک سہولت عکسی طباعت کی سامنے آتی ہے۔ پچھلی صدی کی کوئی مطبوعہ کتاب ہو یا ہزار سال پرانا مخطوطہ، اس کا براہ راست عکس لیجیے، کتابت کے جھنجھٹ سے بچیے اور کتاب چھاپ دیجیے ۔ اس سہولت سے تجارت کرنے والے اشاعتی اداروں نے خوب فائدہ اٹھایا ہے ۔ مگر اب علمی ادارے بھی اسے اپنا رہے ہیں ۔ گذشتہ صفحات میں ''لمحات من نفحات القدس'' پر تبصرہ کرتے ہوئے مَیں لکھ آیا ہوں کہ عکسی طباعت کی بعض اوقات کیا خرابیاں ہیں۔ ''خزینۃ الامثال'' کے لیے مقتدرہ نے کہا ہے کہ: طلبہ کے لئے بالخصوص ... یہ کتاب باعثِ استفادہ ہوگی ـــــ میرے خیال میں ایک سو چودہ سالہ پرانا اردو رسم الخط ''طلبہ'' کے لیے نا خوانا اور ناقابلِ استفادہ ہے۔ مثلاً: ساری ہانڈیمین ایک ہی چانول ٹٹولتی ہیں (ص ۱۱۲)۔ گائی کو اپنے سینگہ بھاری نہین ہین (ص ۱٦۲)۔ پیاسا کنوئی پاس جاتا ہی کنوا پیاسی پاس نہین آتا (ص ۵۴) کو آج کا طالبعلم کسی طور بھی پہلی کوشش میں نہ پڑھ سکتا ہے نہ اس سے استفادہ کرسکتا ہے۔ اس پر کتاب کی بدخطی مستزاد۔

عکسی طباعت کی ایک خرابی یہ ہے کہ کتابت اور طباعت کی سابقہ غلطیاں بجال رہتی ہیں (جب تک جدید اشاعت میں غلط نامہ نہ

لگا دیا جائے) ۔ مثلاً زیر نظر اشاعت میں یہ غلطیاں: کتّا ہے ہو بی کا نہ وہ گھر کا نہ گھاٹ کا (ص ۱۷۵)، کستاخی بہ از نافرمانی (ص ۱۶۱، ہای چوبین سخت بی نمکین بود'' (ص ۵۲)۔

اگر اشاعت کا مقصد حفظِ تحریر ہے تو عکسی طباعت مناسب ہے لیکن اگر مقصد ''استفادۂ عام'' ہے تو متن کی جوں کی توں مکرر طباعت کے بجائے اس کی مروّجِ زمانہ تصحیح و تحقیق کے اسلوب کے مطابق طباعت و اشاعت کی جانی چاہیے ۔

* کتابیات اردو املا اور دوسرے مسائل

مؤلفہ: ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری ۔ نظرثانی: سیّد جمیل احمد رضوی

۱۶۹ ص، ۱۹۸۶ء ، ۴۸ روپے (مجلّد)، ۳۶ روپے (غیر مجلّد)۔

املا کے متعلقات (رسم الخط، صوتیات، علم ہجا، مختصر نویسی، ٹائپ کاری) پر لکھی گئی مستقل کتابوں اور متفرق مقالوں کی کتابیات ہے ۔ مجموعی طور پر اس میں ۸۵۱ اندراجات ہیں ۔ اردو اور علاقائی زبانوں کے باہمی ربط پر فہرستِ مقالات میں فارسی کو بھی شامل کیا گیا ہے ۔

مرتّب نے اصول و فن خوشنویسی پر مندرجہ ذیل کتب کا اندراج نہیں کیا ہے ۔ ارژنگ چین از دیبی پرشاد، نولکشور لکھنؤ ۱۸۹۹ء ، تدریس خطاطی از محمد اعظم منور رقم، جواھرالقلم از صوفی خورشید عالم گوھر قلم، مرقع خوشخطی از مولوی محمد عنایت اللہ وارثی، مرقع زرّین از تاج الدین زرین قلم، مفاتیح الرزق از مولوی محمد حسین مبارک رقم عادل گڑھی، مولوی محمد عبداللہ کوٹ وارثی کی قطعات العربیہ اور دیگر مطبوعہ سر مشقیں ۔

مرتّب نے جو مخفّفات استعمال کئے ہیں ان کی کہیں وضاحت نہیں کی مثلاً (خ) سے کیا مراد ہے ؟

کتب اور مقالات دونوں کی فہرست مصنّفین کے نام کے حروف تہجّی کی رعایت سے مرتّب کی گئی ہے مگر کئی جگہوں پر بے ترتیبی پائی جاتی ہے مثلاً صفحہ ۶۴ پر میم کی ردیف میں صاد (صنوبر سنگھ) کا استعمال ھوا ہے ۔

کتاب کے آخر میں اگر اشاریہ بھی ھوتا تو اس سے استفادہ مزید سہل ھوجاتا ۔

* کتابیات تراجم ۔ جلد اوّل ۔ علمی کتب

مرتّبہ: ڈاکٹر مرزا حامد بیگ ۔ نگران: ڈاکٹر سیّد عبداللہ

۴۳۵ ص ، ۱۹۸۶ ء ، ۹۰ روپے (مجلد)، ۷۵ روپے (غیر مجلد)۔
اس میں اخلاقیات، انجینئرنگ، تاریخ، تعلیم و تدریس، جغرافیہ، جنرل سائنس، جنسیات، حیاتیات، ریاضیات، زراعت، سیاسیات، صنعت، طب، طبیعیات، عمرانیات، فلسفہ، قانون، عملی کیمیا، مذہبیات و روحانیات، معاشیات، موسمیات، نفسیات، ہیئت پر انگریزی سے اردو میں ترجمہ ہونے والی ۱۷۸۴ کتب کے تراجم کے اندراج ہوئے ہیں۔
آخر میں صرف مصنّفین اور مترجّمین کے ناموں کا اشاریہ ہے کتابوں کے ناموں کے اشاریہ کی ضرورت اس سے کہیں زیادہ ہے۔

* منتخب مقالات: اردو املاء و رموز اوقاف
مرتّبہ: ڈاکٹر گوہر نوشاہی
۳۳۲ ص ، ۱۹۸۶ ء ، ۷۵ روپے (مجلّد)، ۶۰ روپے (غیر مجلّد)
مختلف ماہرین لسانیات کے اصول املا پر ۸ مقالات، قواعد اعراب و رموز اوقاف اور علامات قرأت پر ۵ مقالے اور سفارشات و معمولات کے تحت ۹ مضامین چھاپے گئے ہیں۔
مقتدرہ کی تمام کتب درج ذیل پتے سے حاصل کی جاسکتی ہیں:
مقتدرہ قومی زبان ـ ۱۶ـ ڈی (غربی)، شمائلہ اعوان پلازہ، بلیو ایریا، اسلام آباد



مجلات

* اقبالیات ، شمارۂ فارسی

مجلّۂ اقبال اکادمی پاکستان، دفتر مرکزی، ۱۳۹ ـ ڈی، نیو مسلم تاؤن، لاهور.
۱۹۸۶ م /۱۳٦٤ ش ، بہای تک شمارہ ۲۰ روپیه یا ۱۵۰ ریال

مجله سه ماهی اقبال ریویو، متعلق به اکادمی اقبال از سال ۱۹٦۰م پشت سرهم انتشار می یافته و مقالات بس ارزنده در آن چاپ می شده است . یک شماره آن به اردو چاپ می شده است و دیگری به انگلیسی باین نمط در سالی دو شمارۂ مجله به اردو منتشر گردیده است و دو دیگر به انگلیسی . چاپ مجله بهمان منوال ادامه دارد، البته از سه ماه

نہائی سال ۱۹۸۵ م مجله اردو موسوم به ''اقبالیات'' شد در صورتی که شماره ہای انگلیسی اسم قبلی خود را حفظ نموده اند. شماره فارسی مورد نقد و بررسی را هم ''اقبالیات'' موسوم ساخته اند و این اصطلاح مانند ریاضیات و سیاسیات و لبنیات و دخانیات وغیره است که شاید برای فارسی زبانان غریب ننماید.

در سال ۱۹۷۰ م شورای فرهنگی مجله تصمیم گرفته بود که در هر شماره مجله یک یا دو مقاله فارسی هم گنجانده شود. چنانچه در شماره ژوئیه آن سال ترجمه فارسی سه دیباچه اردو نوشته خود اقبال (ترجمه این نگارنده) چاپ شده بود. دیباچه ہا مربوط به سه کتاب اولّیه‌اقبال، ''اسرار خودی'' و ''رموز بیخودی'' و ''پیام مشرق'' می باشد. بہر نحو، آن تصمیم بعداً قطع شد. تصمیم کنونی اولیای اکادمی اقبال را، حاوی بر اینکه یک شماره اضافی اقبالیات سالیانه به فارسی هم انتشار یابد، ما بفال نیک می گیریم و از درگاره ایزد لا یزال مسئلت می نمائیم که چنین شماره ای قبول خاطر سایر فارسی زبانان و پارسی دانان باشد و محتویات آن با دو بیتی زیر حضرت علامه اقبال وفقی تأم داشته باشند:

زجـان بی قرار آتش گشـادم
دلی در سینـه مشرق نہـادم
گل او شعـله زار از نالـهٔ من
چون برق انـدرنہـاد او فتـادم

نخستین شماره فارسی ''اقبالیات'' در قطع وزیری و با چاپ زیبا ۲۱٤ صفحه دارد و شامل ۱۱ مقاله و دو منظومه می باشد. می دانم که سرکار خانم دکتر شہین دخت مقدم صفیاری در انتشار این مجله متحمل زحمات زیادی شده اند. مقاله ہا بطور مستقیم یا غیر مستقیم به اقبال شناسی مربوط می باشند . البته یک سوم متن از اردو یا انگلیسی به فارسی ترجمه شده است . شاید مقالات طبع زاد فارسی زیاد برای شماره ہای بعدی در تحویل اکادمی خواهند بود زیرا عده زیاد فارسی نویسان اقبال شناس در ایران و پاکستان و کشورہای دیگر وجود دارند و همگی پروانگان شمع اقبال می باشند.

محبت چون تمام افتد رقابت از میان خیزد
بطوف شعله ای پروانه با پروانه سازد
(اقبال)

مقالات مندرج در این مجموعه پر ارزش و لائق مطالعه می باشند مثلاً جاذبه ہای کلام اقبال برای ایرانیان از دکتر محمد حسن مشائخ

فریدنی، غرب از نظر اقبال از محمد منور، علامه اقبال و قائد اعظم از دکتر وحید اختر عشرت و سخنی درباره جاویدان اقبال (ترجمۀ کتاب زنده رود) از دکتر شهین دخت مقدم صفیاری، آقای عبدالرفیع حقیقت ارفع یک مخمس در صورت تضمین غزل ''میلاد آدم'' اقبال سروده است که بند غرای دوم آن بقرار زیرا است:

شوق بیکار زبیدار محیط دیجور در تلاش شرری بود به شهر لاهور
کرد از طالع فیروز چو اقبال ظهور ''فطرت آشفته که از خاک جهان مج
خود گری، خود شکنی، خود نگری پیدا شد''

در آخر تذکر دو نکته لازم میدانم:

یکی این است که مقاله نویسان و مترجمین باید کاملاً مشخص باشند. در مندرجات شماره زیر بحث مثلاً مقاله ''اقبال و شپنگلر'' ترجمۀ آقای دکتر آفتاب اصغر مرقوم شده ولی از اصل متن (۱۵۷) این نوشته طبع زاد ایشان مشهود می شود.

دوم اینکه مانند شماره های اردو و انگلیسی مجله فارسی هم باید نشانی کامل نویسندگان را داشته باشد تا اقبال شناسان عزیز یک دیگر را بهتر بشناسند و بتوانند با یک دیگر مکاتبه بنمایند

(دکتر محمد ریاض)

*خدا بخش لائبریری جرنل

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، ھندوستان .

ابھی کل کی بات معلوم ھوتی ہے کہ اس جرنل کا پہلا شمارہ چھپا تھا اور دیکھتے ھی دیکھتے اس کے ۳۶ عدد تک شمارے شائع ھوگئے ۔ اس کے پہلے شمارے کے تیور ھی بتارہے تھے کہ جس طرح خدا بخش لائبریری اپنے ذخائر مخطوطات کی وجہ سے ایشیا بھر میں نام ور ہے اسی طرح اس کا ترجمان رسالہ بھی اپنے مشمولات کی بدولت محققین کے دلوں میں گھر کرے گا اور شہرت پائے گا۔ سو ایسا ھی ھوا۔یہ جرنل اب تک جدید تحقیقات پر مشتمل کئی مضامین اور متعدد کمیاب یا غیر مطبوعہ متون شائع کرچکا ہے ۔ اپنے مفید مندرجات کی بنا پر اس کا ھر شمارہ خاص شمارہ معلوم ھوتا ہے اور جس کا نام خاص شمارہ ھوتا ہے وہ خاص الخاص شمارہ دکھائی دیتا ہے ۔

اس وقت اس جرنل کے تین شمارے پیش نظر ھیں ۔

الف: مشترکہ شمارہ ۲۹ ۔ ۳۰ ۔ ۳۱

چودہ + ۱۵۸ + ۹۳ + ۱۰۲ ص ، ۴۵ روپے ۔

کتب خانۂ خدا بخش ہر سال کسی بھی علم کے مشرقی مخطوطات پر سیمینار منعقد کرواتا ہے اور اس میں پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش کے کتابشناس حضرات جمع ہوتے ہیں اور متعلقہ علم پر نادر یا متداول مخطوطات کے تعارف پر مبنی مقالات پیش کرتے ہیں ۔ اب تک یہ کتب خانہ تصوف اور طبّ کے مخطوطات پر دو علیحدہ علیحدہ سیمینار منعقد کروا چکا ہے ۔ زیرِ نظر مشترکہ شمارہ طب سیمینار میں پیش کیے جانے والے مقالات کا مَجموعہ ہے ۔ اسے ہم ہند و پاکستان میں عربی اور فارسی زبان میں طبّی مخطوطات کی فہرست بھی کہہ سکتے ہیں کیونکہ اس میں پٹنہ، علیگڑھ، کراچی کے بعض خصوصی کتب خانوں اور پاک و ہند کے دیگر کئی عمومی کتب خانوں کے طبّی مخطوطات کے کوائف درج ہوئے ہیں ۔

ب: مشترکہ شمارہ ۳۳ ۔ ۳۴ ۔ ۳۵
۵۸۴ + ۱٦ ص ، ۴۵ روپے ۔

اس شمارے میں حافظ احمد علی خان شوق (م ۱۹۳۳ ء) کی تصنیف ''تذکرۂ کاملان رام پور'' کے ۱۹۲۹ ء دھلی ایڈیشن سے عکسی اشاعت کا اہتمام کیا گیا ہے ۔ رام پور ہندوستان کی سیاست کا مرکز بھی رہا ہے اور ثقافت کا بھی ۔ یہ کتاب وھاں کے علماء اور اھل کمالِ کے علم و کمال کے تذکرے پر مبنی ہے ۔ اکثریت فارسی شعرا اور مصنّفین کی ہے ۔ برّصغیر میں فارسی ادبیات کی تاریخ کا ایک عمدہ مأخذ ہے ۔
کتب خانۂ خدا بخش نے اس تذکرے کی دوسری اشاعت کے موقع پر اس کے ساتھ بعض تصحیحات اور اضافے ملحق کئے ہیں کیا ھی اچھا ہوتا کہ اس کتاب کا اشاریہ بھی مرتّب کرکے ساتھ لگا دیا جاتا ۔

ج: شمارہ ۱۱٦،۳٦ + 32 ص ، ۱۵ روپے ۔

اس شمارے میں بھی دو نایاب متن دوبارہ چھاپے گئے ہیں ۔ ایک اردو کے معروف ادبی پرچے ''نگار'' کے جنوری ۔ فروری ۱۹۴۲ ء شمارے کی عکسی اشاعت ہے ۔ یہ شمارہ ۱۹۴۰ ء کے شعرا کی اردو غزل کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے ۔ اس کے بعد ایک مقالہ بطور ضمیمہ ۱۹۴۰ ء سے ۱۹۸۵ء تک اردو غزل کے بارے میں ہے ۔ دوسرا متن ''ثالث بالخیر یا لڑکی کی کارستانی'' ہے ۔ جو ترکوں کے موجودہ مغربی طرز زندگی پر ترک افسانہ نویس احمد حکمت کے ترکی ناول کا اردو ترجمہ ہے ۔

*** کتاب دوست**
شمارہ ۱ ''کنزالآثار صدیقی''
قومی هجرہ کونسل اسلام آباد .
۸۳ +xi ص ، ربیع الاول ۱۴۰٦ ھ ، ۳۵ روپے .
شمارہ ۲ ''کتب خانہ القرشیہ قلعہ دار''
۱۰۸ ص ، رمضان ۱۴۰٦ ھ ، ۳۵ روپے .

کتاب شناسی ایک ایسا علمی موضوع ہے جس پر مغرب میں تو بھرپور اور سائنٹفک انداز میں کام ہو رہا ہے مگر ہمارے ہاں پاکستان میں اس پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی جا رہی ۔ حالانکہ یہ بات سبھی تسلیم کرتے ہیں کہ تحقیق کے راستے ''کتابیات'' سے کھلتے ہیں ۔ اس اهمیت کے باوجود کتاب شناسی جیسے موضوع کی طرف کم اعتنائی افسوس ناک ہے ۔

اس وقت پاکستان میں کتاب شناسی کے بارے میں دو مجّلے چھپ رہے ہیں ۔ ایک نیشنل بک کونسل آف پاکستان لاہور کے زیر اهتمام اردو ماهنامہ ''کتاب'' اور دوسرا لائبریری آف کانگرس آفس (کراچی) کی AccessionsList۔ماہنامہ ''کتاب'' کا تعلق زیادہ تر بازار کتاب سے ہے اور اس میں کتاب شناسی پر علمی اور ٹھوس مباحث کم ہی نظر آتے ہیں۔Accessions List پاکستان کی تازہ مطبوعات کے بارے میں واحد معلوماتی ذریعہ ہے مگر اس میں صرف ان کتابوں کا اندراج ہوتا ہے جو مذکورہ لائبریری اپنے لیے خریدتی ہے ۔ ظاہر ہے اس صورت میں تمام تازہ پاکستانی مطبوعات کی اطلاع منظر عام پر نہیں آتی ۔

پاکستان میں مطبوعہ کتب کے علاوہ مخطوطات کا بھی غیر معمولی ذخیرہ موجود ہے اور محتاج توجہ ہے ۔ مگر ان مخطوطات اور ذخائر کے مسائل پر بھی کم ہی گفتگو ہوتی ہے ۔ خدا بھلا کرے دو ایرانی کتاب شناسوں کا جنہوں نے پاکستان میں قلمی نسخوں بالخصوص فارسی زبان کے مخطوطات پر توجہ دی اور ہمیں بتایا کہ ہمارے پاس کیسے کیسے خزائن علمی موجود ہیں ۔ میرا اشارہ جناب محمد حسین تسبیحی صاحب ''کتابخانہ ہای پاکستان'' اور جناب احمد منزوی صاحب ''فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان'' کی طرف ہے ۔ پہلی کتاب پاکستان کے چار صوبوں میں بعض اهم کتب

خانوں میں مخطوطات کے مجمل کوائف پر مبنی ہے اور دوسری کتاب پاکستانی کتب خانوں میں فارسی مخطوطات کی مفصّل روداد ہے۔

اب پاکستان میں ''مخطوطات و قلمی دستاویزات کے تحفظ کی مہم'' میں ایک اور قابلِ ستائش قدم اٹھایا گیا ہے اور وہ ہے قومی ھجرہ کونسل، اسلام آباد کی طرف سے سلسلہ وار مجلّہ ''کتاب دوست'' کا اجرا۔ اس مجلّے اور مہم کی غرض و غایت یہ ہے کہ '' مُلک (پاکستان) میں اہل علم حضرات کے ہاں محفوظ مخطوطات اور تحریری نوادرات کا تعارف کرایا جا سکے۔ اس سے جہاں قومی سطح پر ان ذخائر کی اہمیت اور حفاظت کا احساس پیدا ہوگا وہیں نایاب کتب و مخطوطات کی فہرست اور ہر ایک کے موضوع اور نفسِ مضمون کا خلاصہ احاطۂ تحریر میں آکر محفوظ ہو جائے گا''۔

اس وقت کتاب دوست کے پہلے دو شمارے ہمارے سامنے ہیں۔ پہلا شمارہ راولپنڈی میں پروفیسر منظورالحق صدیقی صاحب کے ذاتی کتب خانے میں موجود مخطوطات اور کمیاب مطبوعات سے متعارف کراتا ہے اور دوسرے شمارے میں قلعہ دار (گجرات) میں جناب ڈاکٹر احمد حسین،قریشی قلعداری کے آبائی کتب خانے کے مخطوطات کی دستی فہرست شائع ہوئی ہے۔ اس مفید مہم کے افتتاح پر ہم یہی کہہ سکتے ہیں

جہالت آفتاب هر نظر باد
زخوبی روی خوبت خوبتر باد

اس مہم کی ضرورت اور افادیت سے کسی کو انکار نہیں اور بے شک ''کتاب دوست'' اس میں پیش گام ہے مگر اب سوال یہ رہ جاتا ہے کہ جس طریقے سے یہ مہم سر کی جارہی ہے آیا وہ مفید اور مثالی ہے ؟ ''کتاب دوست'' کا پہلا شمارہ بلاشبہ محنت سے تیار کیا گیا تھا اور تیور بتا رہے تھے کہ

در نہانخانۂ عشرت صنمی خوش دارم
کز سر زلف و رخش نعل در آتش دارم

لیکن دوسرا شمارہ دیکھ کر ہمیں پھر حافظ شیرازی یاد آئے:

خوش درخشید ولی ''شعلۂ''(۱) مستعجل بود

پہلا شمارہ ظاہری اور باطنی حُسن سے مزیّن ہے، مخطوطات اور مطبوعات کے تعارف میں ایک ترتیب ہے، توازن ہے، تفصیل ہے، کتابت

---

(۱) اصل میں: خوش درخشید ولی دولت مستعجل بود.

مناسب ہے، کاغذ عمدہ ہے مگر دوسرا شمارہ ۰۰۰ ایک طومار ہے، رطب ویابس کا مجموعہ ہے ۔ نہ ترتیب ، نہ تفصیل، نہ سلیقہ، نہ ۰۰۰ کاغذ اور کتابت بھی پہلے شمارے سے کمتر درجے کے ہیں (جو بہرحال ایک ضمنی مسئلہ ہے) اصل موضوع رسالے کے محتویات اور انہیں پیش کرنے کے سلیقے کا ہے ۔ بظاہر مخطوطاتِ عربی، مخطوطاتِ فارسی، مخطوطاتِ اردو اور مخطوطاتِ پنجابی کے الگ الگ ابواب بنائے گئے ہیں مگر چاروں حصّوں میں دوسری زبانوں کے مخطوطات بھی ملادئیے گئے ہیں ۔ موضوعات کے عنوانات بھی موجود ہیں مگر ''عربی کتب السیرو التاریخ'' میں مولانا جامی کی فارسی لوائح اور هفتاد بیتی (؟) در آئی ہیں (ص ۲۳) ۔ اگر ایک کتاب کے متعدّد نسخے ہیں تو ہر نسخے کے ساتھ مصنّف کا نام مع القاب وغیرہ درج کیا گیا ہے جو سراسر غیر ضروری ہے ۔ بعض بے سر و پا کتابوں کا اندراج کیا گیا ہے جن کا عنوان، مصنف، کاتب کچھ بھی معلوم نہیں ۔ یہ اندراجات محض ''سپاہی لشکر بڑھانے'' کی لیے ہیں ۔ ان اندراجات کی افادیت ہے، نہ اس کے حوالے سے متعارف ہونے والی کتاب کی ۔ مثلاً اوراق متفرق بطرز جُنگ مصنّفہ و کاتبہ ناشناختہ (ص ۴۸)، انشاء ناشناختہ مصنّفہ و کاتبہ ناشناختہ (ص ۴۹) اور دیگر متعدّد کتابیں جن کی مثال دینا تضیع اوراق ہوگا ۔

پیش لفظ میں لکھا ہے کہ کتبخانہ القرشیہ میں تین ہزار کے لگ بھگ مخطوطات محفوظ ہیں جن میں سے تقریباً ہونے دو ہزار کا تعارف پیش کیا گیا ہے مگر آگے چل کر صفحہ ۸ پر یہ اطلاع دی گئی ہے کہ اس کتبخانہ میں کوئی ڈیڑھ ہزار کے قریب مخطوطات ہیں ؟؟؟

ہر باب کے آخر میں ایک عنوان ''کتب نو وارد'' کا ہے ۔ یہ کتابیں کتاب خانے کے لیے نو وارد ہوسکتی ہیں مگر اس فہرست کے لیے نہیں ۔ یعنی ان نو وارد کتابوں کو زیر نظر فہرست شائع کرتے وقت اپنے مقام پر درج کیا جاسکتا تھا ۔ دراصل یہ ساری خرابی اس لیے پیدا ہوئی ہے کہ ناشر کو صاحبِ ذخیرہ کی طرف سے اُنہی کی مرتبہ جو هینڈ لسٹ موصول ہوئی اسے کسی تصحیح اور ترتیب کے بغیر چھاپ دیا گیا ہے اور یہ امَر نہ صاحبِ ذخیرہ کے لیے باعث افتخار ہوا نہ ناشر کی نیک نامی میں اضافہ کرسَکا ۔

کتاب دوست کے اس شمارے سے وابستہ جتنے افراد ہیں ان سب سے اس مبصّر کا سالہاسال سے قلبی تعلق استوار ہے، میری اس تلخ نوائی پر وہ یقیناً رنجیدہ ہوں گے مگر میں نہایت اخلاص سے کہہ رہا

ہوں کہ میں نے محسوس کیا ہے کہ یہ شمارہ ان فاضل احباب کے علمی مرتبے کے شایان شان نہیں اور اسے دیکھ کر مجھے نہایت مایوسی ہوئی ہے ۔ جب اتنے افاضل کی بہترین استعداد رو بکار ہو، وسائل موجود ہوں، مقابلے کا میدان خالی ہو تو پھر کیوں نہ ایسی چیز پیش کی جائے جس سے ہم نیاز مندوں کا سر بھی فخر سے بلند ہوجائے۔

امید ہے کہ مخطوطات اور نوادر کے تعارف کا یہ مفید سلسلہ علمی پائے پر کھڑا کیا جائے گا اور اسے جاری رکھا جائے گا۔



جامی عینک می زد ؟

حضرت خاتمة الشعراء و خاتم العرفاء
مولانا نورالدین عبدالرحمن جامی هروی در
پیری عینک استعمال می کرد و بقولِ وی
عینک از دیارِ فرنگ می آمد۔ این قضیه را
از اشعارِ جامیؒ پیدا کردم۔ در چکامۂ شیوا و
ممتاز پیری که باین مطلع است

سپید شد چو درخت شگوفه وار سرم

چنین گوید:

دو چشم من شده از عینک فرنگ چہار
هنوز بس نبوَد در تلاوتِ سورم

و در مثنوی سلامان و ابسال بازهم در
شکوه از پیری گفته:

از دو چشم من نیاید هیچ کار
از فرنگی شیشه ناگشته چہار

دلچسپ است بدانیم در عصر حضرت
جامی عینک در هرات از کدام شهر فرنگستان
و از کدام راه واردَ می شد ؟

خلیل الله خلیلی ـ اسلام آباد
اوّل ربیع المولود ۱٤۰۷ ھ

اجتجاجات و استدراکات

* دانش میں مطبوعہ ہر مقالے پر اظہار رائے کیا جاسکتا ہے۔
* ردّ و قبول، متانت اور علمی دلائل کے ساتھ ہونا چاہیے اور کسی طرح بھی مقالہ نگار کی ذات کو مخاطب اور ملوّث نہ کیا جائے۔
* ہر مقالہ نگار کو اپنے دفاع کا حق حاصل ہے۔

شمارۂ سوم

لکھنؤ سے ہمارے عزیز اور محترم قاری جناب رئیس نعمانی نے حسبِ سابق دانش کے تیسرے شمارے پر اپنا مبسوط تبصرہ ارسال کیا ہے۔ اُن کے زیادہ تر ملاحظات ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری کے مضمون ''فارسی شعراء کے دو نایاب اور غیر مطبوعہ تذکرے: آئینہ حیرت اور طور معنی'' کے بارے میں ہیں۔ چونکہ خود نعمانی صاحب بھی اِن تذکروں کی تصحیح میں مصروف ہیں اس لئے وہ ان کے محتویات سے اچھی طرح باخبر ہیں۔ نعمانی صاحب نے جن تسامحات کی طرف توجہ دلائی ہے ان کا تعلق ''آئینہ حیرت'' اور ''طور معنی'' کے مخطوطات کی قرائت سے ہے اور اُن کا خیال ہے کہ محترم ڈاکٹر کاشمیری نے نسخوں کو صحیح طور پر نہیں پڑھا۔ (دانش)۔

چہار گفتار علاء الدولہ سمنانی

صفحہ	سطر	نادرست	درست
۱۸	۱۰	المتصل اُستاذہ	المتصل اسنادہ
۲۸	۲۱	شاہ برجاہ	شاہ باجاہ
۳۱	۱	درّ وجود	در وجود
۶۵	۲۶	بلعم باعور در زمان عیسی (ع) نبود بلکہ ہمزمان موسی (ع) می زیستہ است۔	

۰۰۰ ثلاثہ غسالہ: ایک تعارف

۱۵۰	۹	گلزار ہند	گلشن ہند
,,	,,	تذکرۂ ہندی و ہندی گویان	تذکرۂ ہندی گویان
,,	۱۶	سخن الشعراء	سخن شعراء

فارسی شعراء کے دو نایاب اور غیر مطبوعہ تذکرے: آئینہ حیرت اور طور معنی

۱۶۰	۲۱-۲۲	''تذکرۃ النساء'' کتاب کے مشتملات کی رعایت سے اس وقت کی رائج اصطلاح کے مطابق استعمال ہوا ہے ورنہ مؤلف نے تذکرے کا نام صرف ''آئینہ حیرت'' رکھا ہے۔	
۱۶۱	۵	یہ تذکرہ ۳٤ کی بجائے ۳۹ شاعرات کے ذکر پر مشتمل ہے۔	
,,	۱۱	خیام سبزواری	قیام سبزواری
,,	۱۸	خانمی	خاتمی
۱۶۲	۷	ملہی	ماهی
,,	۱۵	بیچه شاهی	بیجه شاهی
,,	۱٦	بیچه بہشتی	بیجه مہستی
,,	۲۲	بادهٔ ایجاد	مادّه ایجاد
۱۶۳	۱	تیز درونان/ نعمت	تیر درونان/ نعت
,,	٤	ارکان مبین	ارکان شرع مبین
,,	٦	تاج و عفت	تاج و تخت
,,	۹	تعظیم او را حسن	تعظیم او از حسن
,,	۱۲	تخصیص ندامت	بحضیض ندامت
,,	۱٤	معنی آنہا به افتتاح قول	معنی آشنا به افتتاح قُفل
,,	۱۵	جہانست	جنبانست
,,	۲۳	نصیب چیست	نصیب جیب
,,	۲٤	آئینه وار	آئینه دار
۱٦٤	٦	بگفت مربو الحق	میتوان گفت ، الحق
,,	۱۰	خوبرو سلیقه	جوهر و سلیقه
,,	۱۲-۱۳	نزاکت پسندان	نزاکت پسند ، آن
,,	۱٤	آن را نا آشنایانه	از آن نا آشنایانه
,,	۲۱-۲٤	آئینہ حیرت کے چار مآخذ بتائے گئے ہیں جب کہ اِس تذکرے میں کم از کم نو کتابوں کے حوالے موجود ہیں۔ مقالہ نگار نے ایک مأخذ ''مفرح القلوب'' از نعمت خان عالی کا ذکر کیا ہے۔ عالی کی اس نام کی کوئی کتاب نہیں ہے۔	

١٦٥	١٨	طور معنی کا سالِ تألیف ١٢٥٩ ھ لکھا گیا ہے مگر جو مادہ تاریخ (طور معنی چون مطلع نور است) پیش کیا گیا ہے اس کے اعداد ١٣١٠ بنتے ہیں ۔ اگر ''طور معنی چو مطلع نور است'' ہو تو اس کے عدد ١٢٦٠ بنیں گے ۔	
,,	٢٣	اشعار که دید	اساتذه که دید
,,	٢٤	او برنگ	از هر یک
١٦٦	٢٤	گلدسته بندی ها و شگفته	گلدسته بندی ازهار شگفته
١٦٧	٦	درین وادی کبک و تیز دشتی کلک	درین وادی گنگ و تیز دستی کلک
١٦٧ تا ١٧٧	١٤ ٢٣	مقاله نگار نے ٢٤٦ شاعروں کے نام لکھے ہیں اور ان میں بھی کئی جگہ ایک نام کے دو نام بنا دئیے ہیں ۔ جب که اصل مخطوطے میں ٢٩٣ شعرا کے تخلص سرخ روشنائی سے لکھے ہوئے ہیں اور کچھ شعرا کا ضمناً بھی ذکر آیا ہے ۔	
١٦٧	٢٢	سیّد قطب الدین امیرانی	سید قطب الدین ، امیر ، انسی
١٦٨	٢٠	وهبی قزوینی	تدروی قزوینی
,,	٢٣	مرزا محمد تاثیر	مرزا محسن تاثیر
١٦٩	١	جلال خان جلالی	جلال خانِ جهالی
,,	٨	مولانا جتی	مولانا جنّتی
,,	٢٠	مولانا خضابی	مولانا خصالی
١٧٠	٢٠	مولانا قاسمی	مولانا سیمی
١٧١	٢	مولانا نوری	مولانا سوزی
١٧٢	١٣	صغیری	صفیری
,,	١٤ ـ ١٥	مسیحای کاشی اور صاحب ایک ہی شخص ہے ۔	
١٧٤	١٣	عبدالله راضی	عبدالله رازی
,,	٢٠	حسن بیگ کری	حسن بیگ گرامی
,,	٢٢	مولانا کلخی	مولانا گلخنی
,,	٢٤	عبدالله حامل	عبدالله کامل
١٧٥	٥	مهدی علی لدنی	مهدی علی لذتی

۱۷۵	٦	لطفی جونہوری	لطیفی جونہوری
,,	۱۳، ۱٤	الف ابدال اور مطلع ایک ھی شخص ہے اور دوسرا لفظ مطلع نہیں ، مطیعی ہے جو الف ابدال کا تخلص ہے ۔	
,,	۱۸ ـ ۱۹	میر محمد کاشی اور معصوم ایک ھی شخص ہے ـ معصوم ، میر محمد کاشی کا تخلص ہے ۔	
۱۷٦	۱	بابا حسین مطلع	بابا حسین مطلعی
,,	۳	اسماعیل مصنف	اسماعیل منصف
,,	۱۲	نظری ھمدانی	نصیرای ھمدانی
,,	۲۳	حاجی محمد نشانی	حاجی محمد نشاطی
۱۷۷	۳	نور الدین واقف	نور العین واقف
,,	۲۲	سید الدین	سعید الدین
۱۷۸	۳ ـ ۵	مقالہ نگار لکھتے ہیں ''مؤلف نے بعض مشہور فارسی شاعروں کا ذکر ۰۰۰ بالکل نہیں کیا ہے ـ مثال میں خان آرزو اور مرزا غالب پیش کئے جاسکتے ہیں'' ـ تذکرہ میں آرزو کا ذکر مخطوطے کے ص ۸ ـ ۹ پر ثبت ہے اور غالب کا ذکر اسد کے نام سے آخری اوراق میں موجود ہے جو بیاض کی شکل میں ھیں اور مؤلف اپنی زندگی میں ان کو متن میں داخل نہ کرسکا تھا ـ	
,,	۱٦	سامری خموشی	سرمہ سای خموشی
,,	۲۱	اکثر شاعران	اکثر مشاھیران
۱۷۹	۱۰ ـ ۱۱	''در زمانی کہ فقیر در لکھنو بود ۰۰۰ غلغلۂ شاعری انداختہ'' یہ عبارت اصل مخطوطے میں عیشی کے ذکر میں نہیں ہے بلکہ ناطق مکرانوی کے ترجمے میں لکھی ہے ـ	

فارسی ادب بعہد سلاطینِ تغلق پر تبصرہ

۱۸٦	۱٦ ـ ۱۷	بہار الانساب اور بہار المعانی کے مقابلے میں جو الفاظ بحار الانساب اور بحارالمعانی لکھے گئے ھیں وہ بھی نادرست ھیں ـ یہ دونوں نام بحر الانساب اور بحرالمعانی ھیں ـ یہ دونوں	

محمد بن جعفر مکی کی تالیف هیں -

۱۸۷ فقه فیروز شاهی اور فتاوی فیروز شاهی کے متعلق مبصّر کی رائے درست معلوم هوتی ہے بظاهر یه دونوں ایک هی کتاب کے مختلف نام هیں -



تبصرے پر تبصرہ

جناب رئیس احمد نعمانی کا تبصرہ پڑھا - اس تبصرہ کے متعلق چند عرضداشت پیش ہے -

چشتی صوفیه سے منسوب ملفوظات کی تردید پروفیسر حبیب صاحب نے کی تھی جو غلط فہمی کی بناء پر تھی - اس موضوع پر ڈاکٹر ممتاز علی خاں اپنی پی ایچ ڈی تھیسس ''تیرہویں صدی میں ہندوستان میں فارسی نثر'' میں بحث کرچکے ہیں جس سے بھی بعض غلط فہمیوں کا ازاله هو جاتا ہے - یه تھیسس چھپ چکی ہے - اس تھیسس کی اطلاع پروفیسر بروس (ڈیوک یونیورسٹی، امریکه) کو بھی نہیں تھی اس لیے انہوں نے بھی اپنی کتاب ''صوفی لٹریچر هندوستان میں'' میں پروفیسر حبیب کا اتباع کیا ہے - ان تمام ملفوظات کو بیک قلم بغیر دلیل کے مسترد کردینا درست نه هو گا -

یه کہنا که صوفیه نے بالعموم قرآن کی تفسیریں غلط بیان کی ہیں بہت بڑا دعوی ہے جو محض لا علمی کی بناء پر کیا جاسکتا ہے - ایسے دعووں سے احتراز ضروری ہے -

احادیث کے انتساب میں صوفیه سے ضرور لغزشیں هوئی ہیں لیکن پھر بھی ان کے اقوال کو غیر اسلامی نہیں ثابت کیا جاسکتا - احادیث کے انتساب میں اشتباہ کا سبب ہی یہی ہے که یه اقوال غیر اسلامی نہیں ہیں -

بعض فارسی کلام کی شرحیں صوفیه نے اپنے اصول کے مطابق کی ہیں - اُن کی مراد اُن کے ذوق کے مطابق ہے - انہوں نے شعر فہمی کے لیے اپنی اصطلاحات بھی وضع کی ہیں - اس لیے یه عین ممکن ہے که ان کی تشریحات ہماری فہم کے مطابق نه هوں -

جہاں تک رباعی شاہ است حسین ۰۰۰ الخ کا تعلق ہے اس کے بارے میں قطعیت کے ساتھ نہیں معلوم ہے که اس کا مصنف کون ہے - لیکن رباعی کی معنویت کے پیش نظر یه اندازہ هوتا ہے که اس کا مصنف کوئی عارف کامل ہے - رباعی بہت دقیق ہے - عوام تو درکنار

خواص کی فہم سے بھی بالاتر ہے اس لیے بہتر یہ ہے کہ اس پر کوئی بحث نہ کی جائے ۔ اس رباعی کی وہی تاویل قابل قبول ہوگی جو اسلام کے بنیادی عقیدہ سے متصادم نہ ہو ۔

مضمون ''یک بیاض نادر شعر فارسی'' پر اجمالی رائے پہلے ہی آچکی تھی رئیس احمد نعمانی صاحب نے اس کی تفصیلات پیش کردی ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تبصرہ نگار نے مندرجہ تمام اشعار کا بڑا غائر مطالعہ کیا ہے ۔ ہم نے بھی ایک سرسری نظر ڈالی جس سے اندازہ ہوا کہ ان تفصیلات میں مزید اضافہ کیا جاسکتا ہے ۔ ہماری نظر میں صرف ایک مذکورہ بالا مضمون ہے اس لیے صرف اس ایک مضمون سے بعض مزید اغلاط کی مثالیں ذیل میں پیش کی جاتی ہیں ۔

صفحہ ۴۷ پر رباعی ''از درد فراقت ای به لب شکّر ناب'' کے بارے میں چند معروضات درج ہیں :

(۱) یہ رباعی اس مضمون میں امیر معزّی سے منسوب کی گئی ہے اور اسے غیر مطبوعہ کہا گیا ہے جبکہ یہ رباعی چھپ چکی ہے اور ابوالفرج رونی سے منسوب کی گئی ہے ۔ (دیکھیے ترانہ ہا گرد آوردهٔ دکتر پرویز ناتل خانلری، انتشارات نوین ۱۳۵۳)

(۲) دوسرا مصرعہ وزن سے خارج ہے دکتر پرویز ناتل خانلری نے اس کو یوں لکھا ہے اور درست لکھا ہے:

نی روز مرا قرار و نی در شب خواب (ترانہ ہای مزبور)

(۳) تیسرے مصرع میں ''از'' کے بجائے اے ہونا چاہیے یعنی ای درّ خوشاب اسی رباعی کے بعد مضمون میں یہ رباعی ہے: ''ہرگز زضمیر من ۰۰۰ الخ''

(۱) اس رباعی میں دوسرا مصرع وزن سے ساقط ہے ۔ اکنون کے بجائے کنون ہونا چاہئے ۔ اس کا وزن یہ ہے مفعول مفاعلن مفاعیلن فاع

(۲) تیسرے مصرع میں سگی کے بجائے سگ ہونا چاہیے ۔

دراصل رباعی کے تصحیح کی توقع کسی ایسے آدمی سے نہیں کی جا سکتی جو اس کے تمام اوزان سے واقف نہ ہو ۔

وحید اشرف ۔

گامی چند با کاروانِ حُلّه

پس از انتشـار مقاله ''گامی چند باکاروانِ حُلّه'' در شماره سوم نشریه دانش یکی از برادران افغانی مکتوبی ارسال داشت مشتمل بر اعـتراضـات بسیار به دو سه عبارت از مقالهٔ مزبور. در این جا عین مکتوب را بدون کم و کاست (و تنها با حذف عنوان) درج می کنیم و به دنبال آن پاسخ های نویسندهٔ مقاله را می آوریم . داوری هم با خوانندگان.



شمارهٔ سوم مجلهٔ دانش مؤرخ پائیز سال ١٣٦٤ مطبوع پاکستان را که بنفقـهٔ مؤسسـات فرهنگی جمهـوریت محترم اسلامی ایران طبع و انتشار می یابد، خواندم و همدرسان د گرمن نیز خواندند.

درین شماره مقالهٔ معنون به ''گامی چند با کاروان حله'' و در آن مقاله اطالهٔ لسان و سوء ادبی که راجع بمقام والای سلطان هفت اورنگ سخن و عارف بزرگ قرن نهم هجری، مولانا نور الدین، عبدالرحمن جامی هروی، همشهری ما بعمل آمده بود موجب تحیر و تأثر گردید. نویسندهٔ این مقاله فراموش کرده که سخنوران زبان دری به اکثریت قاطع کتب و دواوین خود را به القاب سلاطین و امراء زمان شان مصدر نموده اند.

از امام الغیب فخر العارفین مجدود بن آدم سنائی غزنوی تا عصر ما این شیوه معمـول بوده، حتی مولانـا جلال الـدین بلخی رومی که کتابش را قرآن پهلوی خوانده اند در مکتوبات خود بوصف این طأیفه پرداخته، تا چه رسد به شیخ اجل سعدی و خواجه سخنوران حافظ . حتی شیخ اجل که دیباچه کتاب همایونش را بنام سعد پسر زنگی آغاز کرده و امیر ملک معـرفت و سخن خسرو دهلوی تا میرزا عبدالقادر بیدل، تا ستارهٔ اقبال اسلام علامه محمد اقبال این کار را کرده اند.

ویژه ابـو المعـانی میرزا عبـدالقـادر بیدل که در (میان) متأخران عارفیست منزوی و سخن پردازیست مستغنی .

و خودش میگوید: شعری که در نهاد کسان کدیه پرورد، بر لفظ او بشاش، و بمعنای او بری . امّا باوجود این، در ایام جوانی قطعاتی در مدح امرای خود دارد.

و حکیم امت ، احیا کننده افکار مسلمانان در روزگار ما علامه محمد اقبال (بخوانید) در منظومهٔ مسافر که پادشاهان افغانستان را بچه پایه ستوده (است) .

نمیدانم چیست که درمیان اینهمه، نویسندهٔ مقاله بر شخصیت بزرگ اسلام و مایه افتخار مسلمانان و شیخ طریقه نقشبندیه، مولانا نور الدین عبدالرحمن جامی انگشت انتقاد نهاده و از دگران چشم پوشیده . در حالیکه سلاطین و خواجگان عصر جامی احترامی که به پایه والای فضائل علمی و عرفانی و سخنوری جامی داشته اند والاتر از چند شعریست که جامی در ستایش آنها سروده . نه تنها سلطان ادب پرور و هنر دوست حسین بایقرا و وزیر بی نظیرش امیرعلی شیرنوائی و امیر یعقوب بیک، بلکه سلطان بایزید ثانی سلطان البّر و البحر نیز این احترام را داشته و جامی را به استانبول زیبای خود مرکز مسلمانان جهان دعوت نموده و جامی دعوت را تأجیل کرده . چون این مقاله بر بنای تحقیق در احوال جامی و شرح تعظیم سلاطین و امرای عصرش در مورد وی نیست . تنها بذکر یک رباعی اکتفا میکنم که خواجهٔ بزرگ، وزیر دانشمند، امیر علی شیرنوائی هنگام بازگشتن جامی از سفر حج (به راه شام) به حضرت وی تقدیم داشته برای مثال درینجا میآورم .

انصاف بده ای فلک مینا فام
زین هر دو کدام خوبتر کرده خرام
خورشید زمین گرد تو از جانب صبح
یا ماه جهانگرد من از جانب شام

مگر نویسندهٔ محترم این قطعهٔ جامی را نخوانده است که گویا خودش در پاسخ مفتریات گفته و شرح داده است که قطعات مدحیه من استدعائیست نه تقاضائی . یعنی شاهان از وی استدعا کرده اند که نام آنها را به شعر خود مزّین گرداند نه آنکه وی از آنها مانند اکثر گویندگان تقاضائی داشته باشد.

جامی میگوید:

هست دیوان شعر من اکثر
غزل عاشقان شیدائی
بافنون نصایح است و حکم
منبعث از شعور دانائی
ذکر دونان نیابی اندر وی
کان بود نقد عمر فرسائی
مدح شاهان در او به استدعاست
نه زخوش خاطری و خودرائی

امــتــحــان را اگــر زســر تا پاش
بروی صدره و فرودآئــی
زان نصــایح بخــاطــرت نرســد
معــنــی حرص و آز پیمائــی
هیچ جا نبــود آن مدایح را
در عقــب قطعــه (ای) تقــاضــائی

نویسندهٔ مقاله شگفت است که بچند بیت جامی یا بدیباچه بائی که مرسوم همه گویندگان و در اثر استدعای شاہان بوده، سخن سرائی کرده آنهمه نصایح و اندرزهائی را که جامی بمشابه شلاق عبرت مکرّر در مکرّر بیاورده، ذکر نکرده و از تمام کتب و آثاریکه نظماً و نثراً در ظرف پنجصد سال بمقام والای جامی گواه صادق است، صرف نظر نموده و تنها بیک نسخه مجعول و مجهول که هرگز علماً ثابت نشده که در کدام عصر نوشته شده استدلال کرده، (این کتاب درین پنج قرن کجا بود ؟). آیا جای تأسف نیست که پیشــوای هزاران هزار مسلمان از بخــارا و سمــرقنــد، افغــانستــان و کردستان و به عرب و سرتاسر مسلمانان نیم قاره به این استدلال ضعیف و روایت واحد، سالوس، تملق و ریا کار خوانده شود. در اخلاق اسلامی فریب دادن، ریاً و تملق از اکبر جرائم است .

نویسندهٔ مقاله فراموش کرده است که هنوز کتب جامی و ذکر جمیل وی در مدارس و مراکز عرفانی محل استفادهٔ مسلمانان است .

نویسنده دور نمی رفت تنها آثار عارف شهید استاد مطهری را در ایران مطالعــه میکرد، تا میدانست بزرگان، بزرگان را به چه نیکی یاد میکنند، در مدارس سرمیزد و می دید کتب جامی با چه احترام هنوز دست بدست استادان و ارباب تحقیق میگردد.

این نوخاستگان چنین افترایی را در باب دیباچه کتاب اخلاق ناصری نیز روا داشته اند. آیا محل تأسف نیست درین ایامیکه قواء ملحد خدا نشناس و دشمن اسلام تربت پاک و آرامگاه جامی را در هرات بمبارد کرده است؛ مسلمانی در پاکستــان قد عَلَم کرده و قلم بردارد (بــدلیل مجعول) آن عارف بزرگ را مورد طعن و تشنیع قرار دهد. پس وحدت اسلام کجا شد که حضرت آیت الله العظمی امام خمینی مدظله در ایران آن را اعلان نموده و نظام اسلام که در پاکستان حکمفرماست .

تو از اغیار مینالی و من از یار مینالم

امضاء ط ، ع ، ق ، هروی .

یاد داشت نویسندهٔ مقاله

برای بررسی آنچه در مکتوب آمده، نخست آن را در چند بند خلاصه کنیم:

الف ـ جامی در علم و ادب و دین و عرفان پایگاهی بلند و در نزد عام و خاص و عارف و عامی مرتبتی ارجمند دارد و آثاروی بسی ارزنده و سودمند است و نویسندهٔ مقاله که او را مورد طعن و تشنیع قرار داده و اطالهٔ لسان و سوء ادبی به وی به عمل آورده و او را سالوس و متملق و ریاکار خوانده کاری ناروا مرتکب شده و همبستگی مسلمین و اتحاد امت اسلام را به خطر انداخته.

ب ـ ستایش شاهان و دولتمردان در آثار بسیاری از شاعران و بزرگان آمده و تنها جامی را نباید به این گناه گرفت و محکوم کرد.

ج ـ مقدمهٔ دیوان اول جامی که در آن مقاله مورد استناد قرار گرفته مجعول است.

د ـ چرا آن همه نصایح و اندرزهائی که جامی به مثابه شلاق عبرت مکرر در مکرر آورده ذکر نشده ؟

در مورد بند الف: حقیقت آنکه مقام والای جامی در عالم علم و ادب و عرفان و دیانت، و در نزد عام و خاص و عارف و عامی، و نیز اهمیت و ارزش آثاروی به هیچ وجه مورد انکار نویسنده مقاله نبوده ـ برخلاف آنچه معترض محترم وا نمود فرموده اند ـ و در این باب نیازی به تذکرات غلاظ و شداد ایشان نیست ـ آیا ایشان نمی دانند که اینجانب به عنوان مسئول مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان کتاب مفصلی را که در شرح احوال و ذکر فضایل جامی به اردو ترجمه شده بود جزء انتشارات این مرکز و با هزینه آن به چاپ رسانید. و مقدمه ای پراز تجلیل و ستایش از جامی بر آن نگاشت که در آن بیش از معترض محترم درباره مقام جامی و اهمیت آثار وی قلم فرسائی کرد و به انتشار کتاب لوایح جامی و ترجمهٔ انگلیسی آن از سوی این مرکز اشارت نمود و این که ـ کتاب دیگر او ـ شواهد النبوة را در دست تصحیح داریم تا هرچه زود تر به نحو مطلوبی چاپ شود.

اگر ایشان آن مقدمه و آن کتاب را (۱) ندیده اند بفرمایند تا نسخه آن را برایشان بفرستیم . گرچه ایشان حتی آنچه را در آن مقاله مورد

---

(۱) همچنین ترجمهٔ ''با کاروان حُلّه'' از انتشارات این مرکز را که صفحه ۳۵۱ تا ۳۶۲ آن در ذکر احوال و شرح فضایل و تجلیل آثار جامی است .

اعتراض در تایید مقام جامی در علم و ادب و عرفان و دین بوده (۲) نخواسته ببیند و تنها آنچه را گمان می کرده جای ایراد دارد به نظر مبارکشان رسید است .

این نیز که جامی با عنوان سالوس و متملق و ریاکار یاد شده ... معترض محترم توجه نفرموده اند که این بخش مقاله، نقل از کتابی دیگر و صاحب قلمی دیگر است و حتی اگر کفر باشد نقل آن کفر نیست چه رسد که خود این ناچیز صریحاً در مورد آن نوشته است: این گونه تعبیرات تند را نویسندهٔ این مقاله به کار نمی برد و تایید هم نمی کند. بنگرید به ماخذی (۳) و برای آن که خوانندگان مقاله حتماً به این عبارت توجه کنند و خیلی زود هم آن را ببینند، به جای این که مثل همه حواشی آن در پایان و درلا به لای (پیوست ها) بیاورد در پائین صفحه آن را ذکر کرده و تعجب است که معترض بسیار دقیق و حقیقت جوی و منصف ما آن را ندیده اند و ندانسته اند که حتی نقل ابن عناوین برای رد کردن آنها و دفاع از جامی است و برای توجه دادن به این که منسوب کردن جامی به ستایشگری مستلزم چنین نسبت هائی به او نیست .

مراد از ''طعن و تشنیع'' به جامی و زبان درازی و بی ادبی نسبت به او نیز اگر عنوان سالوس و ... است که پاسخ آن گذشت . اگر هم بحث دربارهٔ ستایشگری های جامی را ـ ولو بالحن مؤدبانه و با نفی نسبت سالوس و ... از وی باشد ـ طعن می شمارند و با اعتقاد به وحدت مسلمین منافی مي دانند. گمان نمی رود تحلیلگران بصیر با ایشان موافق باشند. چراکه بالآخره هرکس ـ در هر مرتبه ای از عظمت باشد ـ نمی توان از داوری دربارهٔ او خود داری کرد وگرنه باید باب بررسی های تاریخی را یکباره مسدود ساخت . گذشته از اینکه آنچه ایشان طعن و تشنیع های ما به جامی شمرده اند حتی یک صدم گزندگی طعن و تشنیع های مولانا جامی به فیلسوفان و برخی از فرقه های اسلامی و بعض از عرفا و دیگر بزرگان را ندارد ...

در مورد بند ب: نیز افاضات ایشان توضیح واضحات و تشریح بدیهیات است و صاحب این قلم خیلی پیش از ایشان به موضوع توجه داشته و در مقدمه مفصل ''جهانگشای خاقان '' (از انتشازات مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان) به این نکته اشاره کرده است که: ''آثار بسیاری از بزرگان گذشته از جمله علامه اقبال متفکر و سخنسرای انقلابی ـ از نام و ستایش قدرتمندان پیراسته نیست و بنا براین

---

(۲) از جمله در عبارات مذکور در صفحه ۹۰ از شماره سوم مجله دانش
(۳) همان ماخذ صفحه ۱۲۵ پاورقی .

نباید از میان آنهمه تنها یک تن را گرفت و به این جرم محکومیت مطلق او را صادر کرد. نگاه کنید به همان ماخذ صفحه سی و پنجم '' هدف آن مقاله نیز نه محکوم کردن جامی بلکه رسیدگی به دو دعوی مخالف بود:

۱ـ جامی ستایشگر سلطان و وزیر نبود (مجله دانش شماره ۳ صفحه ۱۲۳)

۲ـ جامی دست به کاری زده است که جز ریا و سالوس و تملق نامی بر آن نمی توان نهاد (همان ماخذ ـ صفحه ۱۲۵)

و ما روشن کردیم که هیچ یک از این دو دعوی صحیح نیست و واقعیت امر چیزی بوده است ما بین این دو. و شگفتا که معترض محترم تنها نظریه دوم را که در آن مقاله برای رد شدن مطرح گردیده، به ریش نویسنده مقاله بسته اند و هو جنجال راه انداخته اند، در حالی که بنا برین این شیوهٔ مرضیهٔ ایشان، نظریهٔ اول را هم می شد به نویسندهٔ ناچیز نسبت داد.

در مورد بند ج نیز باید پرسید چه دلیلی بر جعلی بودن آن مقدمه دارید؟

اگر می فرمانید ''معروف آن است که وی دیوان اول خود را در زمان سلطان حسین بایقرا گرد آورده'' عرض می شود که ''رب شهرة لا اصل لها'' وانگهی با نوشتهٔ مؤلف ''حبیب السیر'' که خود در روزگار جامی متولد شده چه باید کرد که صریحاً می گوید: ''مولانا دیوان اول خود را در زمان سلطان ابوسعید ترتیب داده'' اگر هم اشکال شود که چرا از مقدمه مزبور فقط یک نسخهٔ باقی مانده و این نسخه درین پنج قرن کجا بوده ؟ جواب این است که اولاً یک نسخه بودن یک اثر و ناشناخته ماندن آن در طول قرن ها دلیل قاطعی بر مجعول بودن آن نیست و بسیاری کتاب ها را سراغ داریم که از آن ها یک نسخه بیشتر شناخته نگردیده و آن هم پس از قرن ها که دور از دسترس محققان بوده ـ بآنکه هیچ کس در صحت نسبت آنها به مؤلفانش تردید ننموده . ثانیاً یک نگاه سطحی بیندازید به فهرست نسخه های خطی فارسی موزهٔ ملی پاکستان ص ۸۳ ـ ٤٨٢ و فهرست مشترک نسخه های خطی فارسی پاکستان ج ۷ ص ٥٩٤ و ٥٩٥ و ٥٩٨ و فهرست نسخه های خطی فارسی ج ۳ ذیل شماره های ٦ ـ ۲۲۰۹۰ و ۲۲۱۰۷ و ۲۲۱۷۵ و فهرست های دیگر تا ببینید:

۱ـ کثیری از نسخه های معتبر دیوان جامی با همان عبارتی اغاز می شود که در مقدمه مزبور می بینیم: موزون ترین کلامی که غزلسرایان انجمن و انس و محبت ... و نه با عباراتی که در چهار مقدمهٔ شناخته

شدهٔ وی بر مجموعه های اشعاری دیده می شود. و این یعنی وجود نسخه های فراوان از مقدمهٔ مزبور و نیز از دیوانی که جامی به نام سلطان ابوسعید پرداخته .

۲ـ بسیاری از نسخه های معتبر موجود دیوان جامی پیش از سال ۸۸٤ که گفته می شود وی برای اولین بار دیوان خود را در آن تاریخ به نام سلطان حسین بایقرا گرد آورده، کتابت شده و پاره ای از نسخه های آن نیز بواسطه یا بیواسطه از روی نسخه هائی استنساخ شده که پیش از تاریخ مزبور تدوین و کتابت گردیده . و این مؤیّد آن است که جامی پیش از روزگار سلطان نامبرده در دور سلطان ابو سعید و به جامی وی دیوان خود را جمع آورده بود.

۳ـ بعضی نسخه های دیوان جامی نیز در فهرست ها به این گونه معرفی می شود؛ به نام شاه ابو سعید است .

گذشته از این ها اشعاری که در شمارهٔ سوم مجله دانش (ص ٤ ـ ۱۲۳) آوردیم و گفتیم که جامی در ستایش سلطان ابو سعید سروده و در مقدمه مزبور گنجانده، تمام آنها در ضمن یک مثنوی شصت بیتی در مدح سلطان مزبور در دیوان چاپی جامی نیز موجود است (ص ۵ ـ ۷۷۳) و از همان اشعار و قبل و بعد آنها (از جمله این مصرع: هرچه داری به عرض شاه رسان) می توان فهمید که جامی مجموعه اشعار خود را نخست به نام سلطان ابو سعید کرده، بعلاوه این که در آن مقدمه و آن اشعار چیزی نیست که نتوان به جامی نسبت داد و این شاعر نامی از این گونه سروده ها در ستایش سلاطین بسیار دارد. و نمونه آن در ستایش همین سلطان ابو سعید را در ص ۲، ۳ و ٤۲۸ دیوان چاپی وی می توان یافت .

در مورد بند ''د'' نیز با توجه به شکایت هایی که معترض محترم از حکومتگران افغانستان دارند نظر ایشان را به این گونه نصایح و اندرزها که جامی به مثابه شلاق عبرت مکرر در مکرر بیاورده (به قول معترض محترم) جلب می نمایم:

در دلالت رعایا

بحق شناسی و شکرگزاری سلاطین چه عادل و چه جائر

ای درین تنگ فضا گشته اسیر
زیر تیغ و قلم شاه و وزیر

گه زتیغ ستمی همچو قلم
فرق سر شق شده رنج و الم
گه بزخم قلم همچون تیغ
غرق خون ماندهٔ افسوس و دریغ
جگری گیر به دندان دو سه روز
بنشین خرم و خندان دو سه روز
پردهٔ تنگ دلی ساز مکن
داستان گله آغاز مکن
همچو شمع از اثر تیغ بخند
لوح سان نقش قلم را بپسند
نفع شه بیش بود از ضررش
خیر او نیز هم افزون زشرش
شکر نفعش چو نگفتی هرگز
چون گل از وی نشگفتی هرگز
این همه از ضرر او گله چیست
خیر بین شو زشر او گله چیست
تیغ او گر بمیان سد نشود
کید یأجوج فتن رد نشود
رمح او شاخ سعات ثمر است
که ازو کام امل میوه خور است
قهر او گر نشود شحنه شهر
شهد در کام کسان گردد زهر
سوی توّ ظلمی ازو گرره کرد
دست ظلم دگران کوته کرد
تخم روزیت که دهقان کارد
مکنت از بازوی سلطان دارد
تاجران رخت که از راه آرند
سوی شهر از مدد شاه آرند
پاسبان شبت از دزد ویست
حارس روز تو بی مزد ویست
قدر هریک که شمردم بشناس
پیشه کن قاعده شکرو و سپاس

از برای تو یکی کار گذار
که بی مزد کند اینهمه کار
گر دو صد گنج و گهر افشانی
مزد یکروزه ادا نتوانی
نیست هر نقد که گیرد زتو شاه
مزد یک کارگر کار آگاه
اینهمه ناله و فریاد که چه
اینهمه طعنه و بیداد که چه
گرچه پیش تو بود ظلم نهای
شاید آن عدل بود پیش خدای
ای بسا عدل که دارای جهان
کرده در صورت ظلم است نهان

البته معترض محترم می توانند بفرمایند که جامی در این شعرها فقط دعوت به تسلیم و سکوت در مقابل حکومت های ستمکار سلطنتی کرده است و نه دیگر حکومت های ظالم !

در خاتمه آیا بهتر نبود که معترض محترم به جای این همه شیون و غوغا و اعطای القابی همچون ''این نوخاستگان'' و ''این مفتریان'' به نویسندهٔ آن مقاله و عوض متهم ساختن وی به ''اطالهٔ لسان و سوء ادب'' و ''افترا'' و ''طعن و تشنیع''، به جای همه این ها یک بار به دقت بحث مربوط به جامی را در آن مقاله می خواندید و بعد در صدد ایراد و اعتراض برمی آمدند ؟ نمی دانم، شاید ایشان هیچ موضوع دیگری برای قلمفرسائی و هیچ راهی برای تحصیل نام نیافته اند جز در افتادن با آدم گمنام و بینامی مثل نا چیز و عَلَم کردن ''لا اله'' و ندیده گرفتن ''الا الله'' در آن مقاله و صدور حکم تکفیر. شاید هم ایشان می خواهند وسط دعوی به نفع خود نرخ تعیین کنند و با متهم کردن نویسندهٔ مقاله به ''حمله به جامی'' و وانمود کردن خویش به عنوان مدافع آن بزرگوار، مالکیت انحصاری خود و قوم خود را به ''عارف جام'' به ثبت برسانند ؟ چنانکه ازلقب ''همشهری ما'' که به وی داده اند همین امر مفهوم می شود ولی مگر ایشان نمی دانند که جامی در مقدمه اولین دیوان متداول خود بالصراحه می نویسد که مولد وی ولایت جام (از ولایات شرقی ایران) است . و تخلص خود را نیز از نام همان منطقه گرفته ؟ و مگر نمی دانند که به نوشته تکملهٔ حواشی نفحات (از لاری شاگرد جامی) و به تصریح تذکره های معتبر (همچون عرفات العاشقین و میخانه و ریاض

الشعراء) نیاکان جامی از محله دشت اصفهان بوده اند و ۰۰۰ ؟ در این صورت چگونه می توان سهم ایران را از میراث فرهنگی وی ندیده گرفت و او را به افغانستان اختصاص داد ؟ بعلاوه در آن روزگار ایران و افغانستان وضعیت امروز را نداشته و دو واحد مجزّا نبوده اند که کسی را صرفاً بتوان افغانی و همشهری شما شمرد و نه ایرانی و همشهری ما، و جامی حتی اگر هم اصالةً خراسانی و اصفهانی نبود باز تنها همشهری شما نبود که خود را به عنوان مالک و مدافع و میراث خوار حقیقی او مطرح کنید. (و اشتباه نشود که این سخنان به معنای هیچ گونه ادعای ارضی نسبت به خاک افغانستان نیست) و پس از همه اینها، مانه تنها مولانا جامی بلکه شیخ سعدی و خواجه حافظ و تمامی بزرگان دیگر را هم دو دستی تقدیم شما می کنیم به شرط آن که به جای جنگ و دعوی بر سر مالکیت آنها به تکمیل میراث فرهنگی و معنوی آنان بپردازید و ما را هم به اسائه ادب به ساحت مقدس آنان متهم نفرمائید. والسلام.

فارسی زبان اور متعرّبین

جناب وارث سرہندی کا مضمون ''فارسی زبان اور متعرّبین'' نظر سے گذرا۔ مرعوب کن عنوان کے باوجود دلچسپ اور مفید ہے اور اسے ایک اچھی کوشش کہا جاسکتاہے۔ ہر چند کہ اس میں کوئی نئی بات بیان نہیں کی گئی ہے لیکن مبادیاتِ موضوع کو ایک اچھی ترتیب سے اسطرح بیان کردیا کہ مفاہیم واضح ہوجائیں قابل ستائش ہے۔

ط اور ت اور پ اور ف کے صوتی تبادلے کے بارے میں جو بات کہی گئی ہے وہ بھی ایک عام بات ہے فارسی زبان سے دلچسپی رکھنے والوں کو عام طور پر معلوم ہی ہوتی ہے اور جہاں تک معرّب املا کا تعلق ہے فارسی زبان کی املا میں اس قسم کی اصلاح کی گئی ہے۔ یہ کیسے ممکن تھا خالص فارسی زبان لکھنے اور عربی الفاظ کے اخراج کی اتنی بڑی مہم چلی ہو اور اس میں اس معمولی بات کا خیال نہ رکھا گیا ہو چنانچہ اسی پر عمل ہوا۔

جہاں تک مسائل کا تعلق ہے تو وہ ہر زبان میں رہتے ہیں اور ان کے حل کی کوششیں بھی ہوتی رہتی ہیں۔ لیکن اس قسم کی اصلاحات جن کی تجویز پیش کی گئی ہے زبان میں رواج پا جائیں تو

بڑی بات ہے زبان کا اس قسم کی تبدیلیوں یا اصلاحات کو قبول کرلینا شرط اوّل ہے زبان ضرورت اور سہولت کے فطری اصول کے تحت تبدیلیوں کو رد یا قبول کرتی ہے اور اس سلسلے میں زبردستی اور جبر کو بالکل برداشت نہیں کرتی ۔ زبان میں بے قاعدگی کا گذر نہیں ہر بات کسی نہ کسی قاعدے کے تحت ہوتی ہے ۔ زیرِ نظر مضمون میں جن بے قاعدگیوں کا ذکر کیا گیا ہے ان کا جواز رواجِ عام قاعدے میں مضمر ہے پھر بھی اصولاً جو بات سرہندی صاحب نے کہی ہے درست ہے ۔

''صد'' اور ''سد'' کا معاملہ اس لیے عجیب نظر آتا ہے کہ یہ دونوں الفاظ پہلے ہی فارسی لغت میں ہم معنی ہیں اور ''فرہنگ عمید'' میں دیکھے جاسکتے ہیں ۔ اس لغت کا ذکر صاحب مضمون نے کیا ہے لیکن کسوٹی رواج اور چلن ہے جو ''سد'' کو حاصل نہیں اور 'صد' کو ہے ۔ سد لغت میں اس طرح مردہ پڑا ہے کہ عام طور پر کسی کو اسکے وجود کا علم بھی نہیں ہے ۔ دوسرا لفظ ''سدّ'' ہے اس میں اگرچہ دال مشدّد ہے لیکن عام تحریر اور طباعت کتب میں اکثر تشدید کو ضروری نہیں سمجھا جاتا اسی صورت میں اگر سد بمعنی صد کو رواج دیا جائے تو عام پڑھنے والوں کو جو زبان اور لغت سے خصوصی دلچسپی نہیں رکھتے دشواری ہوگی اور ان کے الجھن میں پڑجانے کا قوی امکان ہے ۔ وہ سد (بمعنی صد) اور سدّ سکندری والی سدّ میں فرق نہ کرسکیں گے ہر چند زبان سب کے لیے ایک ہے لیکن عالم و عامی کی زبان میں فرق ہونا لازم ہے پھر بھی زبان کو عام آدمی کے لیے دشوار بنانے کی کوشش کوئی اچھا اقدام نہیں ہے ۔ جن لوگوں کو متعربین کہا گیا ہے وہ لوگ علماء تھے اور ہیں چنانچہ انکی زبان کا عربی زدہ ہونا ضروری ہے بلکہ یہ انکی مجبوری ہے،اسے عام زبان کی طرح رواج حاصل نہیں رہا ہے یہ ایک پڑھی لکھی اقلیت کی زبان کی خصوصیت ہے یا پھر غیر اہل زبان کی،اس لیے کہ ہر نیا طالبعلم جو زبان سیکھتا ہے یا وہ لوگ جو اہل زبان نہیں ہوتے انِ کا رجحان مشکل لغات کی طرف زیادہ ہوتا ہے اور وہ لوگ بھی معرب الفاظ زیادہ بولتے اور لکھتے ہیں ۔

عرض کیا گیا تھا کہ زبانِ میں رواج کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔مرزا غالب نے خورشید کو ہمیشہ خرشید لکھا اور اسی کو صحیح جانتے تھے مگر اس لفظ کی یہ املا رواج نہ پاسکی ۔ غالب کی مخالفت کے باوجود اس لفظ کی املا عام طور پر ''خورشید'' ہی ہے اور اسی کو درست سمجھنا چاہیے ۔

ذال معجمه کا مسئله اب بعد از وقت (Time barred) ہے مگر پرانا اور دلچسپ مسئله ہے اسکے رواج کو اهل ''فارس'' نے زبان کے قواعد کے مطابق زمانه قدیم سے قبول اور اختیار کیا ہے اور آگے چل کر بقول وارث سرہندی صاحب اس سلسلے میں بھی اصلاح ہوگئی اور آذر کو آزر لکھا جانے لگا ہے ۔ ذال معجمه کی حقیقت پر زور ڈالتے ہوئے اے ٹی اومسٹڈ اپنی کتاب ''ایران قدیم'' (ترجمہ سیّد عابد علی عابد) میں لکھتے ہیں که لفظ آزاذان (آزادان) میں اولاً ذال معجمه ہی تھا بلکه اسکی ایک صورت 'آزادتان' بھی رائج تھی جس میں ت اور دال کا بدل ہے یه بات انہوں ایرانی آبادی کے بعض طبقات کا ذکر کرتے ہوئے بتائی ہے ۔ مصنّف کی اس تحقیق سے یه معلوم ہوتا ہے که ذال معجمه کی آواز زبان ایرانی کی صوتیات میں عربوں کے تسلّط سے قبل شامل تھی اسلئے اس کا تعلق عربی زبان کی صوتیات سے ویسا نہیں ہے جیسا ث ص ظ اور ض وغیره کی آوازوں کا ہے یه آواز مشترک آوازوں میں سے تھی لیکن عربوں کے تسلّط کے بعد جب عربی زبان ایران میں رائج ہوئی (علمی زبان ہی کی حیثیت سے سہی) اور قدیم ایرانی الفاظ متروک ہوگئے تو ایک زمانه ایسا آگیا که ذال معجمه کو ایران میں عربی آواز کا قایم مقام سمجھا جانے لگا اور لوگ اس کی لسانی اهمیت اور حقیقت سے واقف نه رہے اس لیے تاریخ لسانیات سے دلچسپی عام نہیں ہوئی ۔ پھر بھی متخصصین ہر دور میں ہوتے ہیں ۔ محقّق طوسی جن کے زمانے تک ذال معجمه کا استعمال فارسی میں ہوتا تھا (دال کے بدل کے طور پر) اس کے مخصوص استعمال سے واقف تھے چنانچه زبان فارسی کے دستور کے مطابق ذال معجمه کے استعمال کے بارے میں انہوں نے یه مشہور رباعی کہی ہے:

آنان که بپارسی سخن می رانند   در معرض دال ذال را ننشانند
ما قبل وی ار ساکن جزوای بود   دال است وگرنه ذال معجم دانند

اور بقول سیّد عابد علی عابد (مترجم ایرانِ قدیم ۔ اے ٹی او مسٹڈ) فارسی کے پرانے مخطوطات میں اس بات کو ملحوظ رکھا جاتا تھا ۔

مؤلف ''فرھنگ عمید'' نے بھی اپنی فرھنگ کے دیباچے میں مختلف حروف کے بیانِ میں دال اور ذال معجمه کے متعلق لکھا ہے ۔

''حرف دال سابقاً در برخے کلمات ذال تلفظ می شده و متقدمین برای تلفظ دال و ذال قاعده ای قایل بوده اند چنانکه شاعری گفته است ۰۰۰''

اور اس کے بعد محقّق طوسی کی وہی رباعی درج کی ہے جو اوپر

نقل کی جاچکی ہے۔ اس کے بعد اس مقدّمے میں عمید لکھتے ہیں:

''اگر ما قبل ساکن و حرف علت (و۔ا۔ی) باشد دال و الا ذال تلفظ می شده باین قاعده کلمات گنبد، نمود و گشود و امثال آن با ذال تلفظ می کردند و گنبذ و نموذ و گشوذ می گفتند. امّا امروز این قاعده رعایت نمی شود.''

اس اقتباس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب تک فارسی زبان میں ذال کا تلفظ برقرار رہا تو وہ قاعدہ بھی جو محقق طوسی نے رباعی میں بیان کیا ہے دستور زبان فارسی اور فارسی زبان کی صوتیات کا حصّہ رہا جب دال اور ذال کے تلفظ کا فرق باقی نہ رہا اور صرف دال کی آواز باقی رہ گئی تو یہ قاعدہ بھی متروک ہوگیا یعنی اصل اور اہم بات کسی قاعدے کا رواج اور چلن ہے آج جو الفاظ جس طرح لکھے جارہے ہیں اگر کوئی خاص وجہ پیدا نہ ہوگئی تو وہ کل بھی اسی طرح لکھے جائیں گے لیکن جب کوئی لفظ چلن برقرار نہیں رکھ سکتا اور اس کا رواج باقی نہیں رہتا تو وہ قاعدے بھی بیکار ہوجاتے ہیں جو اس سے متعلق ہوتے ہیں یعنی پہلے قواعد زبان کی پیروی کرتے ہیں اور پھر زبان کو انہی قواعد پر کسا اور پرکھا جاتا ہے لیکن قواعد اور زبان کی جنگ میں ہمیشہ فتح زبان ہی کی ہوتی ہے ورنہ زبان مردہ سمجھی جائے گی۔

جیسا کہ سرہندی صاحب نے لکھا ھے عام طور پر جن الفاظ میں عربی حروف ھوں ان کی املا میں عربی حروف برقرار رھنا چاھئیں۔ لیکن فارسی الفاظ میں جہاں عربی حروف اصلاً موجود نہیں ھیں وھاں فارسی حروف کی ٹھونس ٹھانس نہیں ھونی چاہیے لیکن اردو میں اس کے خلاف بھی ھوا ھے۔ پہلے 'طیار' لکھتے تھے اور اب 'تیار' لکھتے ھیں لیکن اسے پھر 'طیار' لکھنے کی تجویز پر اصرار ایک فضول اور ناقابل عمل تجویز ھے اس لیے کہ رواج کے خلاف کوئی فیصلہ حتمی نہیں ھوتا اسے مستثنیات میں شمار کرنا ھوگا جو دستور و قواعد میں داخل سمجھے جاتے ھیں۔ اس لیے ناچیز سرہندی صاحب سے اتفاق کرتے ھوئے بھی ان کے بتائے ھوئے قواعد پر آنکھ بند کرکے عمل کرنے کے حق میں نہیں ھے۔ اس لیے کہ زبان اپنی ضرورت اور مزاج کے مطابق تبدیلیوں کو رد یا قبول کرتی ھے۔ فارسی زبان کو عربی الفاظ سے پاک کرنے کی تحریک پور داود اور ان کے معاصرین نے چلائی تھی مگر وہ ناکام ھوئی بلکہ اس زبردست زیادتی کا ردّ عمل زبان میں اس طرح ھوا کہ اب عربی الفاظ کا تناسب پہلے سے بھی زیادہ ھوگیا ھے بلکہ

اب عربی الفاظ پہلے سے زیادہ عربی لغت کے معنوں میں استعمال ہونے لگے ہیں یہاں تک کہ اب 'بر علیہ شما' جیسے بے قاعدہ اور مہمل جملے کو بھی کوئی فارسی زبان سے خارج نہیں کرسکتا۔ یہ جملہ تحریر و تقریر میں اب بھی بولا جاتا ہے حالانکہ ڈکٹر خانلری جیسے فاضل اساتذہ نے ''مجلۂ سخن'' میں اس کے خلاف لکھا اور اس کی مہملیت کو واضح کرنے کی کوشش کی۔ فاضل استاد نے اس قبیح جملے کے متعلق لکھا ہے:

''بر علیہ'' چیست ؟ علیہ براو ـ بر علیہ بر او ـ این ترکیب زشت را بی سوادهای اخیر در آورده اند وگرنه در تمام ادبیاتِ فارسی ترکیبی باین بد ترکیبی نیست ـ بجای آن ''برضد'' و ''بخلاف'' و امثال آن گفته اند ۰۰۰''

''در فارسی بر علیہ کسی باچیزی مبارزه می کنند و نه بضد آن بلکه باچیزی باکسی می جنگند و پیکاری می کنند و مصاف می دهند و ستیزه می کنند''.

لیکن ایسے استادوں کی سعی بھی بے نتیجہ ثابت ہوئی اور یہ قبیح جملہ اب بھی بول چال میں شامل ہے بلکہ تحریر میں بھی دیکھنے میں آتا ہے۔

قاعدۂ کلیہ عام طور ہر زبان میں رائج ہوتا ہے لیکن خاص خاص مسائل میں زبان اپنی فطرت مزاج اور ضرورت کے مطابق جس چیز کو سہولت سے اپنا سکتی ہے قبول کرلیتی ہے اور نئے کلیے مرتب کرتی ہے بالآخر قواعد کو زندہ زبان کے تحت ہی رہنا پڑتا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ''بر علیہ'' قسم کے جملے زبان کو خراب نہیں کرتے بلکہ یہ ایک انتہائی مثال ہے جہاں زبان ماہرین کی رائے کو نظر انداز کردیتی ہے۔ مصلحین اگر زبان کے امکانات سے ناواقف ہوں اور زبان پر ضرورت سے زیادہ بوجھ ڈالنا چاہیں تو وہ اصلاح کی تمنّا اور کوشش ہی کرسکتے ہیں مگر اپنی کوشش اور تمنّا کو زبان پر مسلّط نہیں کرسکتے۔ ہر مصلحِ زبان کو یہ حقیقت ذہن میں رکھ کر اصلاح کی طرف قدم بڑھانا چاہئیے۔

زبان کو قواعد کا اسیر بنانا قواعد اور زبان کی شادابی اور ارتقاء کے خلاف ہی جاتا ہے اس قسم کے رجحانات بڑھتے بڑھتے زبان کی فطری ترقی کی راہ میں حائل ہوتے ہیں اور بڑھ جائیں تو رفتہ رفتہ اسے زندگی کی حرارت سے محروم بھی کردیتے ہیں۔ سنسکرت، یونانی اور کئی قدیم زبانوں کا حشر ہمارے سامنے ہے اس لیے مناسب ہے کہ زبان

کو اس کی فطرت اور قانون ارتقاء کے تحت بڑی حد تک آزاد چھوڑ دیا جائے - زبان سے دوستی کا یہی تقاضا ہے - قواعد پرستی کا رجحان زبان کے لیے مضر ہے - ضروری ہے کہ ہم قواعد پرستی اور قواعد شناسی میں تمیز کریں اور ''ذال معجمہ'' جیسے مسائل کو ازسر نو زندہ کرنے کی کوشش نہ کریں اس لیے کہ وہ اپنی موت مرچکے ہیں -

الیاس عشقی
لطیف آباد - حیدرآباد (سندھ) -



محترم وارث سرہندی کے مقالے اور اس کے مشتملات میں ہماری باہمی مراسلت کے اقتباسات اور دو طرفہ مبحث ہی دو آتشہ کر کے ترتیب دیئے گئے ہیں - لیکن اس میں دلائل و شواھد سے گفتگو کرنے کی بجائے ادعائے محض اور طعن و تشنیع کا رنگ غالب ھے - وارث صاحب کا مسئلہ دراصل ایران کے فارسی گویان کي عربی مخارج میں مشکلات کا نہیں ہے بلکہ پنجابی لہجے میں تلفظ کی مشکلات کا ہے - اُن کا مولد ''سرہند'' مشرقی پنجاب میں گورمکھی بولنے والے سکھوں میں گھرا ہوا ہے - موجودہ مسکن ''کنجروڑ ''بھی مشرقی سرحد پنجاب پر واقع ہے - وسطی پنجاب کی بولی جسے ماہرین نے ''مشرقی پنجابی '' کا نام دیا ہے اس میں تساہلِ زبان کا غلبہ ہے اور عوام کے لئے عربی مخارج اور فارسی تلفظ تو در کنار اردو کو صحیح طور سے بولنا بھی محال ہے - اس ماحول میں نشوونما پانے والے ذھن نے مرزا غالب کے لسانی نظریات میں اپنے مخصوص علاقائی مسئلے کا یہ حل تلاش کرلیا ہے کہ مشکل مخارج کو زبان سے خارج ہی کردیا جائے -

راولپنڈی /پوٹھوہار کی بولیاں لہندا (Lehnda) گروپ سے تعلق رکھتی ھیں، لیکن مشرقی پنجابی پر گورمکھی اور بھاشا و ھندی کے اثرات ھیں - اس جگہ کے باشندے بالعموم ا ء ع - ف پھ - ث س ص - جھ چھ - ح ہ - خ کھ - چھ ش - ذ ز ض ظ ج - ط ت - غ گ - ک ق - وغیرہ میں فرق و امتیاز نہیں کرتے - گورمکھی اور سنسکرت کی دیوناگری لپیوں میں بھی ان ہم آھنگ مخارج کے لیے علائم قریباً مفقود ہیں - سنسکرت اور فارسی کو ''ہند یوربی'' آریہ لسانی گروپ کی

ہم جماعت زبانیں سمجھ کر فارسی لہجہ و الحان کو ہندی بھاشاؤں پر قیاس کرلینا درست نہیں ہے۔ اِس بے اصل قیاس سے اکثر ھندی لغت نویسوں اور شاعروں نے لسانی مسائل میں ٹھوکر کھائی ہے۔ اس گروہ نے فارسی لہجہ و الحان کا جائزہ بھی ہند کے فارسی پڑھے لوگوں کے لحن سے لے کر اس دقیق موضوع پر خامہ فرسائی کی ہے اور غلط نتائج اخذ کرکے ان کی تشہیر کی ہے۔ پچھلے دنوں ہمارے ایک ہم وطن اسکالر نے روزنامہ جنگ کے کالموں میں اپنے دورۂ ایران کا ذکر کرتے ہوئے اسی اُلجھن کو بیان کیا ہے۔ موصوف نے لکھا کہ جو تعلیم وطن میں حاصل کی تھی وہ ایرانی فارسی کے آگے ناکام ہوگئی اور وہاں گفتگو کے لیے ترجمان کی ضرورت لاحق ہوئی۔ دراصل ایرانِ کے باشندوں کا تکلم برّصغیر کے مقابلے میں بہت ارفع اور اُن کے تلفّظ و ادائیگی میں صحتِ مخارج کا معیار عربوں سے کم نہیں ہے۔ ایران کا تو لسان و ادب میں ایک بین الاقوامی مقام ہے جس میں کلام کی گنجائش نہیں ہے۔ مشرقی جانب افغانستان میں کابل اور اس کے نواحات میں سردار خیل، بعض ہزارہ جات اور دوسرے شیخ محمدی فارسی دان وغیرھم کی زبان بھی ہم لوگوں سے بدرجہا بہتر ہے۔ انہیں نام نہاد عربی مصوتے کسی مشکل میں مبتلا نہیں کرتے۔ اسی طرح پاک و ھند میں ھندی و گورمکھی والے ھند و سکھ گھرانوں کے مقابلے میں عربی فارسی سے مانوس مسلم گھرانوں کی زبان، لہجہ اور ذخیرۂ الفاظ میں نمایاں فرق موجود ہے۔

میاں محمد سعید۔ کراچی



اتفاق دیکھئے کہ ''ذال'' کے متعلق میاں محمد سعید صاحب کا مضمون ''اخبار اردو'' میں اور وارث سرہندی صاحب کا ''دانش'' میں ایک ساتھ ہی شائع ھوا۔ میرا رجحان میاں صاحب کی تائید میں ہے۔ مانا کہ ذال فارسی میں نہیں ہے مگر صدیوں سے رائج ہے جیسا کہ انہوں نے دستاویزی شہادتیں پیش کی ہیں یہ ایسے ہی ہے جیسے کہ ''ط'' سے طوطا لکھا جاتا رہا ہے اور اب بھی لوگ لکھتے ہیں لہذا طوطا اور توتا جس طرح صحیح ہے گذارش اور گزارش بھی (صحیح ہے)۔

خسروی۔ کراچی۔



پاکستان میں فارسی ادب ۔ جلد چہارم
(جوابِ تبصرہ)

دانش کے شمارۂ ۴ میں محترم ڈاکٹر ظہورالدین احمد کی تصنیف ''پاکستان میں فارسی ادب'' جلد چہارم پر ہم نے تبصرہ شائع کیا تھا اس میں مذکور بعض آراء سے فاضل مصنّف نے اختلاف کیا ہے اور اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت کی ہے ۔ یہ وضاحت بلا تحریف شائع کی جارہی ہے البتہ جوابِ تبصرہ کو دانش کے تبصرے سے ہم آہنگ رکھنے کے لیے ڈاکٹر صاحبؒ کی تحریر کی ترتیب کو بدل دیا گیا ہے ۔
جواب تبصرہ کے جن مندرجات سے مدیرِ دانش کو اختلاف ہے اس کا ذکر حاشیے میں کردیا گیا ہے ۔

* * *

مجلّہ دانش شمارۂ ۴ میں ''پاکستان میں فارسی ادب ۔ جلد چہارم'' پر آپ کا تبصرہ نظر سے گذرا ۔ میری تعریف ، غلطیوں کی اصلاح ، کتابت و طباعت کی غلطیوں کی نشاندہی پر شکریہ ۔ میں چاہتا ہوں کہ تبصرہ کے پس منظر کے طور (پر) مزید توضیح و توجیہ کے لیے یہ چند سطریں شائع ہوجائیں تاکہ جو لوگ میری کتاب دیکھے بغیر آپ کا تبصرہ پڑھیں انہیں آپ کی فراہم کردہ اطلاعات اور اصلاحات کا پس منظر بھی معلوم ہوجائے ۔
کتاب کی تحریر، تألیف اور طباعت میں تین چار سال صرف ہوئے ہیں ۔ ۱۹۸۳ء ۔ ۱۹۸۴ء کے بعد جو نئے مآخذ اور نئی کتبِ تحقیقی شائع ہوئی ہیں ان سے استفادہ ممکن نہیں تھا ۔ تبصرہ میں قومیٔ عجائب گھر کے مخطوطات کی فہرست کے حوالے دیئے گئے ہیں وہ یقیناً میرے احاطۂ معلومات سے ماورا تھے ۔ کتاب کی تدوین تک ''شریف التواریخ'' کی پہلی دو جلدیں شائع ہوئی تھیں ۔ سلسلۂ نوشاہیہ سے منسلک مصنفین کے لیے میری اطلاعات کا مأخذ ''شریف التواریخ'' تھی جو حضرت شرافت نوشاھی کے پاس خطّی صورت میں موجود تھی اور انہوں نے ہی کمال شفقت سے استفادہ کرنے کی اجازت دی تھی ۔ کامل ''شریف التواریخ'' اواخر ۱۹۸۴ء میں شائع ہوئی اس لیے اس

سے استفادہ نہ ہوسکا۔(۱)تبصرہ میں جو معلومات فراہم کی گئی ہیں وہ اکثر اسی جامع تاریخ پر مبنی ہیں ۔

تبصرے میں جن غلطیوں کی نشاندہی کی گئی ہے ان کے متعلق مزید توضیحات یہ ہیں:

دانش ۔ ص ۲۱۹ ۔ مرآة الغفوریہ

۱۔ فہرست میں صفحہ ۱۲ پر سہواً نوراللہ کے سامنے ''مرآة الغفوریہ'' لکھا گیا ہے ورنہ صفحہ ۵(۲)پر امام بخش نوشاہی لکھا ہے اور کتاب کے تعارف میں صفحہ ۲۴۲ پر امام بخش کو ہی کتاب کا مصنّف بتایا گیا ہے ۔ تبصرہ میں ان دو مقامات کا ذکر نہیں کیا گیا ۔

۲۔ میں نے جناب شرافت صاحب مرحوم کے پاس ''مرآة الغفوریہ'' کی فوٹو کاپی سے ہی عنوانات نقل کیے تھے میرے خیال میں عشق و تصورات کے بجائے عشق و تصوّف اور معونت و استدراج کی بجائے مؤنت و استدراج ہی مناسب ہیں ۔

معونت کے معنی مدد ۔ اعانت ۔ اور

مؤنت کے معنی پروا نکردن، خبر نداشتن از ادعا یا آمادہ نشدن برای آن گرفتن ساز و برگ او را و تادیر تاکشیدن تعب جستجوی وی را. (منتہی الارب).

استدراج کے معنی نعمت دادن او تعالی بندہ را بعد از صد خطا ازوی و فراموش کنانیدن او را استغفار و گرفت کردن او را اندک اندک و ہلاک نساختن ناگاہ بیک بار. (منتہی الارب).

تصوّف و سلوک میں احوال و مراحل طے کرنے کے سلسلے میں یہی دو لفظ زیادہ مناسب معلوم ہوتے ہیں ۔(۳)

۱۔ ڈاکٹر صاحب خود بتارہے ہیں کہ انہیں ''شریف التواریخ'' کی اشاعت سے قبل اس کے دستنویس نسخہ سے ہی استفادہ کرنے کی سہولت فراہم کردی گئی تھی اسی لیے ممکن ہوسکا کہ وہ اپنی زیر تبصرہ کتاب میں احمد یار، فقیر عزیز الدین، محمد اشرف منچری اور فقیر غلام محی الدین لاہوری کے حالات کے ضمن میں ''شریف التواریخ'' کی تیسری جلد کے مختلف حصّوں کو استعمال کریں جو اس وقت خطّی صورت میں تھے اور بہت بعد میں شائع ہوئے ۔ لہذا میرے خیال میں یہ کہنے کی گنجائش باقی نہیں رہتی کہ کامل ''شریف التواریخ'' اواخر ۱۹۸۴ء میں شائع ہوئی اس لیے اس سے استفادہ نہ ہوسکا۔

۲۔ صفحہ ۵ سے مراد صفحہ ''د'' ہے۔

۳۔ تقرّب مفہوم کے اعتبار سے ''استدراج'' کے ساتھ ''معونت'' ہی آنا چاہیے ۔ ڈاکٹر سیّد جعفر سجادی نے تھانوی کی کتاب ''کشّاف اصطلاحات الفنون و العلوم'' جلد ۱ ص ۸۷ کے حوالے سے اپنی کتاب ''فرہنگِ معارفِ اسلامی'' جلد ۲ ص ۳۲۳ میں لفظ ''خارق عادت'' کی تشریح یوں کی ہے:

دانش ـ ص ۲۱۹ ـ احمد یار

شہباز ملک نے قصہ کامروپ سے مندرجہ ذیل شعر نقل کرکے ثابت کیا ہے کہ احمد یار اسلام گڑھ میں پیدا ہوا۔

قلعہ اسلام گڑیوچہ جمیں اوتھے سُرت سمہالی
وسی شہر جلالپوریدا خلق۴ رہے سوکھالی

باوا بُدھ سنگھ نے پہلے مصراع کو اس طرح لکھا ہے:

قلعہ اسلام گڑیوچہ جاکے اوتھے سُرت سنبھالی

اگر قصہ کامروپ سے متعلقہ کلمہ ''جمیّں یا جَمّی'' قبول کریں تب بھی شک کی گنجایش رہتی ہے۔ احمد یار عموماً اپنے متعلق واحد شخص مفرد میں بات کرتا ہے۔ مثلاً اسی قصّے میں وہ تین شعر پہلے اپنے آپ کو احمد یارا اور ایک شعر پہلے ''کی ہاں میں مشہوری جوگا'' کہتا ہے۔ طبِ احمد یار میں وہ اپنے وطن سے متعلق یوں کہتا ہے:

قلعہ اسلام گڑ ھے دا ناؤں
اوسی میں عاصی دا تھاؤں

تھاؤں سے مراد وطن، قیامگاہ زیادہ واضح ہے۔ مولد کے معنی یقینی نہیں ـ جَمیّں /جَمّی سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ دوسرا کوئی شخص احتراماً کہہ رہا ہے کہ وہ اسلام گڑھ میں پیدا ہوئے یا ہم یہ سمجھیں کہ احمد یار ایک دم شخص واحد مفرد سے جمع متکلم میں چلے گئے ہیں ـ اگر خلافِ معمول یہ سمجھیں تو پھر اس کی جائے ولادت اسلام گڑھ قرار پاتی ہے۔

دانش ـ ص ۲۱۹ ـ ۲۲۰ ـ فقیر عزیز الدین

۱ـ فقیر عزیز الدین نے مندرجہ ذیل اشعار میں اپنے آپ کو اپنے والد کا جانشین کہا ہے ـ اس لیے یہ شہادت زیادہ معتبر ہے:

خلفِ صدق تو شاہ عزیز الدین
شد بجای تو ثانی ای نوشاہ

''۰۰۰ امور خارق عادت یا از مسلم صادر می شود یا از کافر. در قسم اوّل یا مقرون بکمالِ عرفان نباشد آن را معونت گویند. یا مقرون بکمالِ عرفان است . در این صورت یا مقرون بادعاء نبوت است آن را معجزہ نامند. و آنچه از دستِ کافر ظاہر شود و موافق ادعای او باشد استدراج گویند''.

''مرآة الغفوریه'' کی فوٹوکاپی اس وقت میرے پیش نظر ہے اس کی ساتویں فصل کا مکمل عنوان مصنّف نے اس طرح لکھا ہے: ''معجزه و خوارق عادت و معونت و استدراج''.

۴ـ خلق کی جگہ خلقت ہونا چاہیے ـ

دستـــگـــیری کنـــد مریدان را
بطفـــیلِ تو ثانـــی ای نوشـــاه ۵

۲۔ فقیر عزیز الدین، فقیر امام الدین اور فقیر نور الدین کے سالہائے وفات میں نے وہی لکھے ہیں جو معاصر اور قریب العصر تذکروں میں درج تھے۔ ۶ بقول جناب شرافت مرحوم انہوں نے فقیر خانہ میں موجود ایک خاص بیاض سے سالہائے وفات درج کیے ہیں۔ یہ امر مزید تحقیق طلب ہے۔ ۷

۳۔ سچیار، پیر محمد دو الگ شخصیتیں نہیں بلکہ ایک ہی شخص ہے۔ پیر محمد سچیار کے بجائے سچیار پہلے اور نام بعد میں لکھا گیا ہے۔

۴۔ فقیر عزیز الدین نے جو منظوم شجرۂ طریقت خود لکھا ہے اسے ہی صحیح جاننا چاہیے۔ جناب شرافت مرحوم نے بھی فقیر عزیز الدین کے روزنامچہ سے ہی شجرۂ طریقت نقل کیا ہے۔ ۸

دانش ۔ ص ۲۲۱ ۔ ہاشم شاہ

عبداللہ ہاشمی نے ''ہاشم شاہ دے ککارے'' کے عنوان سے ان کا کلام مرتّب کیا ہے انہوں نے ۲۲ مأخذ سے ۸۸ صفحات پر مشتمل دیباچہ لکھا ہے انہوں نے ''لکھتاں'' کے زیر عنوان فارسی تألیفات کا بھی ذکر کیا ہے (ص ۹) اور ان میں '' فقر نامہ'' کو فارسی تألیفات میں شمار کیا گیا ہے۔

۵۔ مذکورہ اشعار سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کسی دوسرے شاعر نے فقیر عزیز الدین کی مدح میں کہے ہیں۔ ورنہ ایک شخص کس طرح خود ستائی کرتے ہوئے اپنے آپ کو ''خلفِ صدق'' اور ''مریدوں کی دستگیری کرنے والا'' کہہ سکتا ہے۔

مفتی علی الدین نے عبرت نامہ (جلد ۲ ص ۸۴ طبع لاہور) میں قطعی صراحت کے ساتھ لکھ دیا ہے کہ اگرچہ فقیر عزیز الدین سب سے بڑے تھے اور فقیر نور الدین تیسری جگہ پر تھے لیکن دونوں بڑے بھائیوں نے اپنے چھوٹے بھائی (نور الدین) کو اپنے والد کا سجادہ نشین مقرّر کیا۔ اس لیے کہ ان کی اپنے والد سے سیرت بھی ملتی تھی اور صورت بھی۔

مفتی علی الدین، فقیر برادران کا معاصر بھی ہے اور ہم شہر بھی۔

۶ زیر تبصرہ کتاب میں کہیں فقیر نور الدین کا سال وفات لکھا نہیں ملتا۔

۷ یہ امر تحقیق شدہ ہے کہ جب تک فقیر مغیث الدین زندہ تھے اور فقیر خانہ کے نوادر ان کی تحویل میں تھے۔ یہ خاص بیاض وہاں موجود تھی۔

۸ شرافت مرحوم نے یہ شجرۂ طریقت فقیر عزیز الدین کا نمونۂ کلام پیش کرنے کے لیے درج کیا ہے ورنہ اس میں جو تاریخی غلطیاں ہیں ان کی مرحوم شرافت نے حاشیے میں نشاندہی کردی ہے۔ حضرت نوشہ کا شاہ سلیمان بھلوالی سے بیعت ہونا مسلّمات میں شامل ہے مگر عزیز الدین نے اپنے نظم کردہ شجرے میں یہ واسطہ حذف کردیا ہے اور شاہ معروف خوشابی کا نام لکھا ہے ایسی صورت میں اس منظوم شجرۂ طریقت کو کیسے صحیح جانا جائے ؟

دانش ۔ ص ۲۲۴ ۔ چودھری شہباز

۱۔ مصنف نے خود بتایا ہے کہ وہ جلال آباد میں تھا اور ایک بزرگ پیر الدین نے اسے قصّہ سسی پنوں مکمل کرنے کی فرمائش کی تو ہم کیوں تاویل کریں اور سمجھیں کہ اس نے ضرورتِ شعری کے لیے جلال پور کو جلال آباد اور پیر بخش کو پیر الدین لکھا ہے ۔ ممکن ہے جناب شرافت کا قیاس درست نہ ہو کیونکہ تبصرہ میں انہی کی کتاب ''شریف التواریخ'' کا حوالہ دیا گیا ہے ۔

۲۔ میں نے سبب تألیف بتانے کے لیے اشعار نقل نہیں کیے اور نہ ہی اشعار کو متداولً ترتیب کے مطابق نقل کیا ہے بلکہ نثر کی طرح عبارت لکھی ہے ۔ پورے دو شعر نقل نہیں کیے بلکہ صرف وہ حصّہ نقل کیا ہے جس سے سبب تألیف عیاں ہوتا ہے ۔

۳۔ تبصرہ میں بتایاً گیا ہے کہ چودھری شاہباز ایک مثنوی ''عجیب منظر'' کے مصنف ہیں اور میں نے اس کا ذکر نہیں کیا ۔ چودھری شاہباز ملہی کی کوئی مثنوی اس نام سے موجود نہیں ۔ مجموعۂ شیرانی میں جو کتاب موجود ہے اس کا نام ''قصۂ شاہباز خان یا قصۂ عجیب منظر'' ہے اس کا مصنف شاہباز ملہی نہیں ۔ اس مثنوی میں شاہباز خان اپنے متعلق مندرجہ ذیل کوائف بتاتا ہے جو شاہباز ملہی کے احوال و کوائف سے مختلف ہیں:

گرفتم ہی بہ نخچیر و سواری
تفنگ اندازی و هم تیغداری
کماںداری گہی، گہ نیزہ بازی
شکار افگن شدم در ترکتازی
گہی می کردمی چون عشوہ و ناز
شکار از جرہ و شاہین و شہباز
گہی افگندمی اندر سواری
سگان را در پی صید شکاری

۴۔ وقایع پنوں نسخہ خطّی مجموعۂ شیرانی شمارہ ۱۲۳۵ ورق ۷ ہر دوسرا شعر اسی طرح درج ہے جیسا کہ کتاب میں نقل کیا گیا ہے ۔

دانش ۔ ص ۲۲۵ ۔ غلام محی الدین نوشۂ ثانی

سوہن لال مؤلفِ ''عمدۃ التواریخ'' پچیس سال تک ان کی خدمت میں رہا اور فیضیاب ہوتا رہا وہ تو ان کی وفات کا عینی شاہد ہوگا ۔ اس نے سالِ وفات ۱۲۴۰ ھ لکھا ہے ۔ (انتخاب دفتر دویم از عمدۃ التواریخ، لاہور، ص ۱۴) ۔

دانش ۔ ص ۲۲۷ ۔ عبدالرحمن خلدی
ڈاکٹر محمد باقر نے ۱۹۴۳ ء میں خلدی کی فارسی تصانیف کا مکمل سیٹ منظور حسن * کے پاس دیکھا تھا ۔ وہ لکھتے ہیں خلدی کی تصنیف خلدی نامہ سے میں نے استفادہ کیا ۔ کتاب خود مصنف کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تھی ۔ محمود نامہ بھی اس میں شامل تھا اور محمود نامے کی ہر غزل کے جواب میں کتاب میں ایک ایک فارسی غزل خلدی کی کہی ہوئی درج تھی ۔ (اورئینٹل کالج میگزین، نومبر ۱۹٦۷ ء) ڈاکٹر صاحب کے اس بیان سے میں نے یہ سمجھا کہ خلدی نے جواب کا نام بھی ''محمود نامہ'' رکھا ہے کیونکہ دوسرے شعراء نے جو جوابات لکھے ہیں ان میں سے بعضوں نے بھی ان کے نام کو ''محمود نامہ'' سے یاد کیا ہے ۔ مثلاً دلشاد پسروری نے محمود نامہ کی پیروی میں جو رسالہ لکھا اس کا نام ''محمود نامہ'' رکھا ہے:

اعـــجــاز عیســـوی برســانــد ایاز را
محمـــود نامـــه ساختـــه ام این رســالـــه را

(مثنویات محمود مرتّبہ محمد بشیر حسین، لاہور، ص دہ) ۔

دانش ، ص ۲۲۹ ۔ داود بن عباسی
میں نے اس مصنف کی کتاب ''صید المراد فی قوانین الصیاد'' کا تعارف کرایا ہے چونکہ یہ کتاب مطبوعہ شکل میں دستیاب تھی اس لیے اس کے مشمولات کی کیفیت بتانا آسان تھا ۔ یہی میرا مقصود تھا ۔ یہ بھی یقینی تھا کہ یہ کتاب طغان تیمور کے عہد حکومت (۷۳۷ ۔ ۷۵۳ ھ) میں نہیں لکھی گئی ہے ۔ حیرت ہے کہ فلٹ نے اسے کیسے اس عہد سے منسوب کردیا جب کہ وہ اس کی زبان کے بارے میں لکھتا ہے:

The language is corrupt, being bad Indian Persian racked with a little Panjabi & Sindi

کتاب میں اس قسم کا کہیں ذکر نہیں تھا کہ یہ کتاب طغان تیمور کے زمانے میں لکھی گئی اس لیے میں نے اس کے بیان کی طرف اعتنا نہیں کیا ۔

دانش ۔ ص ۲۲۷ ۔ مزید مواد
آپ نے ''مزید مواد'' کے زیر عنوان جن مصنفین کا ذکر کیا ہے ان میں سے مندرجہ ذیل انگریزی عہد سے متعلق ہیں ۔ سکھوں کا عہد

---

* شاہد منظور احسن ۔

۱۲۶۵ ھ تک ہے جیسا کہ آپ نے ان مصنّفین کے ساتھ سالہائے وفات بھی درج کیے ھیں ان سے بھی ظاھر ہے کہ یہ بعد کے زمانے سے متعلق ھیں اس لیے انشاء اللہ جلد پنجم میں ان کا ذکر آئے گا۔

احمد بخش یکدل (م ۱۲۸۴ ھ)، احمد کشمیری (م ۱۲۷۸ ھ)، اوحدی (م ۱۲۸۸ ھ)، محمد بن غلام محمد وغیرہ۔

میں نے دیباچے میں ذکر کردیا تھا جو کتابیں میری دسترس میں نہیں آسکیں ان کا تعارف نامہ لکھنا ممکن نہیں ہو سکا۔ آپ نے جن نو دریافت شدہ کتابوں کی طرف اشارہ کیا ہے ان کے متعلق یہی عرض ہے کہ اگر وہ کتابیں دستیاب ھوسکیں تو ان کے متعلق بھی کچھ نہ کچھ لکھ کر آئندہ جلد میں اضافات کے تحت شامل کرلیا جائے گا۔ پچھلی چار جلدوں میں بھی یہی طریقہ اختیار کیا گیا تھا۔

ڈاکٹر ظہور الدین احمد، لاھور.



وفیات

دکتر سیّد عبدالله ، لاهور (متولّد ۵ اوریل ۱۹۰۶ م)

دکتر سیّد محمد عبدالله در تاریخ ۲۳ مرداد ۱۳۶۵ هـ ش / ۱۴ اوت ۱۹۸۶ م در لاهور در گذشت . وی در سالهای ۱۹۵۴ ـ ۱۹۶۶ م ریاست دانشکدهٔ خاورشناسی دانشگاه پنجاب لاهور را بعهده داشت و در همان دانشکده عربی و فارسی و اردو تدریس می کرد و در این سه زبان (باضافه زبان انگلیسی) آثار گذاشته است . آثار چاپ شدهٔ او دربارهٔ زبان و ادبیات فارسی بقرار زیر است:

۱ـ ادبیات فارسی میں هندوؤں کا حصّه(بزبان اردو) . اوّلین اثر جامعی است که خدماتِ هندوان به زبان و ادبیات فارسی را بیان می کند .

۲ـ تصحیحِ تذکرهٔ مردم دیده تألیفِ عبدالحکیم حاکم لاهوری . (فارسی).

۳ـ خزائن مخطوطات . فهرست مشروح نسخه های خطّی عربی و فارسی و اردو در دانشگاه پنجاب لاهور است که نخست به زبان انگلیسی تألیف و سپس به اردو ترجمه شده است . فهرست نسخه های فارسی مربوط به تاریخ و شعر در دو مجلّد به عنوان زیرِ چاپ شده است .

A Descriptive Catalogue of the Persian, Urdu and Arabic Manuscripts in the Punjab University Library.
Vol.I,II, Persian Manuscripts.

متن کامل فهرست بزبان اردو در مجلّه اورینتال کالج مگزین "Oriental College Magazine" (مجلّه دانشکده خاور شناسی)، لاهور بچاپ رسیده است .

۴ ـ فارسی زبان و ادب . مجموعهٔ مقالاتِ اردو دربارهٔ زبان و ادبیات فارسی .

۵ ـ مقدمه و تحشیه لطائف نامهٔ فخری هروی . (فارسی) .

۶ ـ مکاتیب غالب و غمگین . باهمکاری سیّد وزیرالحسن عابدی .

۷ ـ تصحیح نوادر الالفاظ تألیف سراج الدین علی خان آرزو . فرهنگنامهٔ فارسی به اردو است .

غیر ازین چندین مقاله دارد که درباره تاریخ ادبیات مسلمانان هند و

پاکستان در مجلات مربوط به ادبیات فارسی و در ''اردو دائره معارف اسلامیه'' نشر شده است .

چند ماه پیش رایزنی فرهنگی جمهوری اسلامی ایران از استادان فارسی پاکستان نظر خواهی کرده بود که چگونه میتوانیم زبان فارسی را در پاکستان حفظ و احیا کنیم . نظر مرحوم سیّد عبدالله چنین بود که امروز دانشجویان در پی یاد گرفتن تکنولوژی و علوم هستند اگر فواید مادّی با زبان فارسی وابسته باشد دانش آموزان بار دیگر به این زبان رو می آورند . اگر ایران نیروی انسانی را از خارج بخواهد امکان دارد که این زبان (فارسی) نیز پیشرفت بکند .

اینجا عیناً نظرِ مرحوم عبدالله بخط خودش چاپ می شود که هم اظهار آن شده باشد و هم یادگاری ازو بماند.

پاکستان میں فارسی زبان کے تحفظ ، احیاء اور ترویج کے لیے آپ کی تجاویز :

میں خود فارسی کا استاد رہا ہوں اور فارسی کے فروغ و تحفظ
کے لیے سالہا سال جد و جہد کرتا رہا
لیکن اب مصیبت یہ ہے کہ ہمارے نصاب ساز ادارے (کریکولم
کمیٹیاں) زبانوں سے زیادہ سائنس اور ٹکنالوجی پر زور
دیتی ہیں اور بچوں کے والدین بھی دنیوی نفع کے
خیال سے ٹکنیکل اور سائنسی مضمونوں کو ترجیح
دیتے ہیں۔ انگریزی دور حکومت میں فارسی/عربی کا مضمون
انٹرمیڈیٹ میں لازمی تھا مگر اب وہ صورت نہیں رہی۔
اگر فارسی سے نفع وابستہ ہو جائے تو لوگ پھر اس کی
طرف رجوع کر سکتے ہیں۔

انگریزی زمانے تک فارسی زبان برصغیر کے مسلمانوں
اور ہندوؤں میں بہت مقبول تھی یہاں تک کہ لوگ خط وکتابت
بھی فارسی میں کرتے تھے مگر اب ع زمانہ دگرگونہ آئین نہاد
ایران میں اگر لوگوں کے لیے روزگار کے سلسلے وسیع ہو جائیں
تو پھر کچھ نہ کچھ ترقی ہو سکتی ہے ۔ فقط

فارسی/ایران کے حوالے سے آپ اپنے بارے میں جو مزید خاص
اطلاعات فراہم کرنا چاہیں ۔

جو کچھ سطور بالا میں لکھا جا چکا ہے
وہی کافی ہے ۔
اضافہ صرف یہ کر سکتا ہوں کہ کلاسیکی
فارسی شاعری کا دلدادہ ہوں اور
لسان الغیب حافظ شیرازی سے خاص
تعلق قلبی و ذوقی رکھتا ہوں

[illegible]

حافظ محمد یوسف سدیدی ـ لاهور (متولّد ۱۹۲۷ م)

وی یکی از خوشنویسان درجهٔ اول پاکستان بود که همه خطوط اسلامی را به غایت مهارت و زیبائی می نوشت و در کتیبه نویسی نیز استاد بود و روی چندین مسجد و مقبره و ساختمان تاریخی پاکستان کتیبه ها به اقلام ثلث و کوفی و نستعلیق بخط آن مرحوم دیده می شود . از انجمله منار پاکستان ، قبر سلطان قطب الدین ایبک ، مسجد شهداء ، مسجد منصوره .

اینک نمونهٔ خط وی که البته ارتجالاً نوشته بود .

بسم الله الرحمن الرحیم

نگار من که به مکتب نرفت و خط ننوشت

به غمزه مسئله آموز صد مدرس شد

مشقه یوسف سدیدی ۱۳۹۴ هجری

کتابخانه گنج بخش در پاکستان خیلی خوب است

مولانا محمد اسرائیل ـ پیشاور

وی دوست صمیمی ایران و علاقه مند قدیمی به ادبیات فارسی بود و از قدیم با مراکز فرهنگی ایران در پاکستان روابط حسنه داشت و برای مرکـز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد نسخه های خطّی موجود در کتابخانه های پیشاور و نواحی آن را فهرست برداری کرده بود خطّ خوش داشت .

چون اوّلین شمارهٔ دانش به خدمت او فرستادیم در اعلام وصول آن نوشت که اگرچه بعلّت پیری چشمم بسیار کم می بیند امّا این سطور را می نویسم و اظهـار خوشحـالی می کنم که رایزنی فرهنگی جمهوری اسلامی ایران چنین کار مثبت و علمی را آغاز کرده است .

از درگاه خداوند متعال آمرزش این در گذشتگان را می خواهیم . روانشان شاد باد!

حسین خدیوجم ـ تہران

ایران کے ممتـاز محقق اور مترجم سید حسین خدیوجم ۱۷ اکتوبر ۱۹۸۶ء کو ۵۹ سال کی عمر میں مشہد مقدّس میں وفات پا گئے ـ

انہوں نے تیس سے زائد کتابوں کا فارسی ترجمہ، تصحیح و تحقیق کی ـ مگر اُن کی عمر کا بیشتر حصّہ امام محمد غزالی کے آثار پر تحقیق کرتے ہوئے گذرا ـ اس ضمن میں احیاء علوم الدین کا آٹھ جلدوں میں ترجمۂ کیمیائے سعادت، جواہر القرآن کی تصحیح اور ترجمۂ رسالۂ وجد و سماع قابلِ ذکر ہے ـ

وہ ''دانش'' کے قدر دانوں میں سے تھے اور اِس ''نو مولود'' کی ترقی و کمال کے لیے دعاگو تھے ـ دانش کے دفتر میں موصول ہونے والا ان کا آخری خط ۲۰ اسفند ۱۳۶۴ ش بمطابق ۱۱ مارچ ۱۹۸۶ء کا لکھا ہوا ہے ـ اُن کی یاد آباد رکھنے اور دانش کے لیے اُن کی نیک خواہشات میں سب کو شریک کرنے کے لیے اُن کے مذکورہ مکتوب کا عکس چھاپا جارہا ہے ـ خدا، مرحوم کی اسلامی عرفان و ادب کے لیے خدمات قبول فرمائے اور اُن کی روح کو شاد رکھے ـ

بسمه تعالی

پس از سلام فرارسیدن سال نو را

به شما و عزیزان شما شادباش می‌گویم. نامهٔ مورخ ۸۵/۱/۲۶ شما را ناگزیرم امروز پاسخ دهم. زیرا چندماهی است که تن فرسوده‌ام بر اثر بیماری از کار بازمانده و کمتر می‌توانم از عهدهٔ وظایف انسانی و اخلاقی برآیم. آدرس دکتر شفیعی کدکنی: دانشکدهٔ ادبیات دانشگاه تهران - گروه ادبیات - است. برای دکتر زرین کوب نیز اگر خواستید مطلبی بفرستید آدرسش چنین است. تهران - بهجت آباد - ساختمان شمارهٔ ۲ طبقهٔ ششم.

درمورد مقاله نویسی مخلص فعلاً نمی‌توانم قولی بدهم. چون طبق دستور پزشک مجبور به استراحتم. چه می‌شود کرد با پیری و رنجوری دست به گریبان شده‌ام و ناگزیرم بسوزم و بسازم تا خدای چاره ساز را خواست و اراده چه باشد.

مجلهٔ دانش خوب و آبرومند است. خدا کند فضلای جوان از یاری و همکاری با شما دریغ نورزند تا این نوزاد فرهنگی به کمال رسد و پیوند معنوی دو کشور دوست و برادر هر روز استوارتر شود. امید است با چاپ رسائل کوچک و نامه‌های برجای مانده از بزرگان اسلامی و غیراسلامی - که در ایران و شبه قاره می‌زیسته اند - زمینهٔ خشنودی پژوهشگران را فراهم سازید. زیرا با چاپ خوب «حورائیه» ثابت کردید که از کفایت علمی و معنوی و از صلاحیت پرداختن به انتشار متون ادبی و عرفانی برخوردارهستید.

به امید دیدار.

حسین خدیوجم

۲۰/۱۲/۱۳۶۴

از انتشارات

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

۱۱- مسجد روڈ ، ایف ۳/۶ - اسلام آباد

فهرست نسخه های خطی فارسی

کتابخانه دانشگاه پنجاب، لاهور

گنجینه آذر

تالیف

سید خضر عباسی نوشاهی



مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

ترجمه های متون فارسی

به

زبانهای پاکستانی

تالیف

اختر راهی



مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

فهرست کتابهای فارسی چاپ سنگی و کمیاب

کتابخانهٔ گنج بخش

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد

جلد یکم

سید عارف نوشاهی

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

فهرست مشترک

نسخه های خطی فارسی پاکستان

تألیف

احمد منزوی

جلد هفتم

منظومه ها (۱)

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

تاریخ نویسی فارسی در هند و پاکستان

تیموریان بزرگ

از بابر تا اورنگ زیب

۹۳۲ — ۱۱۱۸ ه ق

نگارش

دکتر آفتاب اصغر

خانهٔ فرهنگ جمهوری اسلامی ایران

لاهور. پاکستان

جهانگشای خاقان

(تاریخ شاه اسماعیل)

تألیف در ۹۴۸-۹۵۵ هـ

مقدمه و پیوستها

دکتر الله دتا مضطر

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

اسلام آباد

DANESH

Quarterly Journal
of the
Cultural Consulate the Islamic Republic of Iran

Published by:
Cultural Counsellor of the Islamic Republic of Iran
House No. 25, Street No. 27, F–6/2, Islamabad. Pakistan

DANESH

Quarterly Journal
of the
Cultural Consulate, the Islamic Republic of Iran

A collection of research articles
with background of Persian language
and literature and common cultural heritage
of Iran and Indo-Pak Subcontinent.

